ش

(متن و ترجمہ کتاب)

مائة منقبة

من مناقب امیر المؤمنین علی بن ابی طالب والأئمة من ولدهؑ من طریق العامة

(یعنی امیر المومنینؑ اور آئمہ اطہارؑ کے فضائل میں سو احادیث)

تالیف: محدث وفقیہ جلیل ابو الحسن محمد بن احمد بن علی

المعروف بہ ابن شاذان قمی (متوفی: قرن پنجم)

مترجم: سید سبطین علی نقوی امروہوی

Presented by Ziaraat.Com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب............... مائة المنقبة

مؤلف............... ابن ساذان قمیؒ

مترجم............... سید سبطین علی نقوی امروہوی

نظر ثانی............... محمد ذوالفقار علی

کمپوزنگ............... سید سبطین علی نقوی امروہوی

ناشر............... Ziaraat.com

سال اشاعت.......... ۲۰۱۷عیسوی

ہدیہ...............

Ziaraat.com

Online Library

House #406 Block C
Unit #8 Latifabad
Hydrabad Sindh
Phone: 03333589401
email: webmaster@ziaraat.com
FB: facebook.com/ZoaraatDotCom

Presented by Ziaraat.Com

انتساب

اس ہستی کے نام جس کے بارے میں زبان وحی اس طرح گویا ہوئی:

مَا نَفَعَنِي مَالٌ قَطُّ مِثْلَ مَا نَفَعَنِي مَالُ خَدِيجَة

مجھے کسی کے مال نے اتنا فائدہ نہیں پہنچایا جتنا خدیجہؑ کے مال نے پہنچایا۔

(امالی شیخؒ طوسی: ص۴۶۸)

Presented by Ziaraat.Com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین وصلی اللہ علی محمد وآلہ الطاهرین
ولعنۃ اللہ علی اعدائهم اجمعین.

مقدمہ مترجم:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لَوْ أَنَ الْغِيَاضَ أَقْلَامٌ وَ الْبِحَارَ مِدَادٌ وَ الْجِنَّ حُسَّابٌ وَ الْإِنْسَ كُتَّابٌ (مَا قَدَرُوا عَلَى إِحْصَاءِ) فَضَائِلِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ع. اگر تمام درخت و جنگل قلم بن جائیں، تمام سمندر روشنائی بن جائیں، تمام جن شمار کرنے والے بن جائیں، اور تمام انسان لکھنے والے بن جائیں تب بھی علی بن ابی طالبؑ کے فضائل کا احصا نہیں کر سکتے۔[1]

احمد بن حنبل، اسماعیل بن اسحاق قاضی، احمد بن شعیب النسائی اور ابو علی نیشاپوری کہتے ہیں: «لم يرو في فضائل أحد من الصحابة بالأسانيد الحسان ما روي في فضائل عليّ بن أبي طالب عليه السّلام». اصحاب پیمبر میں سے کسی کے فضائل میں بھی اتنی حسن احادیث نقل نہیں ہوئیں جتنی علی بن ابی طالبؑ کے فضائل میں ہوئی ہیں۔[2]

---

[1] کتاب ہذا: منقبت ۹۹.

[2] دیکھیے: الاستيعاب: ٣/ ٥١، الصواعق المحرقة: ٧٢، نور الأبصار: ٩٠، فتح الباري: ٨/ ٧١، مستدرك الحاكم: ٣/ ١٠٧، تفسير الثعلبي (مخطوط)، مناقب الخوارزمي: ٣، طبقات الحنابلة: ١/ ٣١٩ و ج ٢/ ١٢٠، الكامل لابن الأثير: ٢٠٠ كفاية الطالب: ٢٥٣، الرياض النضرة: ٢/ ٢١٢، نظم درر السمطين: ٨٠، تهذيب التهذيب: ٧/ ٣٣٩، تاريخ الخلفاء: ٦٥، إنسان العيون (الشهير بالسيرة الحلبية):٢/ ٢٠٧، إسعاف الراغبين: ١٦٧، الروض الأزهر: ٩٦ و ص ١٠٢ و ص ٣٧١ مفتاح النجا: ٤٣ (مخطوط)، ينابيع المودة: ١٢١، تجهيز

Presented by Ziaraat.Com

سوانح حیات مؤلف

ابوالحسن محمد بن شاذان قمیؒ کی تاریخ پیدائش کے بارے میں کوئی دقیق معلومات فراہم نہیں ہو سکیں، البتہ بعض شواہد کی بنا پر اندازا لگایا جا سکتا ہے کہ ان کی ولادت چوتھی صدی ہجری کے وسط میں ہوئی۔ ان شواہد میں سے ایک خود ان کی کتاب مناقب امیر المومنینؑ ہے جس میں انہوں نے دو جگہ پر جعفر بن محمد بن قولویہ قمی صاحب کتاب کامل الزیارات کا نام اپنے ماموں کی حیثیت سے لے کر ان سے حدیث نقل کی ہے اور ہم جانتے ہیں کہ ابن قولویہ کا سال وفات ۳۶۸ یا ۳۶۹ ہجری ہے۔ اس کے علاوہ ابن شاذان نے سال ۳۷۴ ہجری شہر کوفہ میں اپنے استاد 'ابن سختویہ سے روایت سنی ہے، اور ان کے دوسرے استاد ہارون بن موسی المعروف بہ تلعکبری ہیں جن کا سال وفات ۳۷۵ ہجری ہے۔ اگرچہ یہ قرائن صاحب کتاب کی تاریخ ولادت کو قطعی طور پر مشخص نہیں کرتے لیکن ان سے مجموعی طور پر اتنا سمجھا جا سکتا ہے کہ ان کی ولادت چوتھی صدی ہجری کے وسط یا اس سے پہلے ہوئی ہو گی۔

خاندان

ابن شاذان کا خاندان شہر قم کا ایک اصیل و مشہور خاندان تھا، جس میں بہت سے علماء وفقہاء پیدا ہوئے۔ ان میں سے ہر ایک مشعل فروزاں کی مانند تھا۔ ابن شاذان کے والد، احمد خود بھی شیعہ فقہاء اور محدثین میں سے تھے۔ ان کا نام کتب علم رجال میں شہرت کا حامل ہے۔ وہ خود ہی اپنے بیٹے کے استاد بھی تھے۔

الجيش: ٣٣٥ (مخطوط) السيرة النبويّة (المطبوع بهامش السيرة الحلبيّة: ٢/ ١١) مقصد الطالب: ١٠، فتح العلى: ٢، شرح الجامع الصغير للمناوي: ٢٤٦ (مخطوط)، شواهد التنزيل: ١/ ١٨ ثلاثة طرق، ترجمة الإمام عليّ عليه السّلام من تاريخ دمشق: ٣/ ٦٣، مناقب أحمد بن حنبل لابن الجوزي: ١٦٣، مناقب العشرة للنقشبندي: ٣٠ (مخطوط) مرقاة المفاتيح في شرح مشكاة المصابيح: ١١/ ٣٣٥، المختار في مناقب الأخيار: ٥ (مخطوط) التباني المدرس في اتحاف ذوي النجابة: ١٤٣، ظلمات أبي ريّة: ٢٢٩، طبقات المالكية: ٢/ ٧١، الأمر تسري في أرجح المطالب: ٩٧، القيروانيّ في المدخل:٢٥، شرح رسالة الحلبيّ: ٦٣، وسيلة النجاة: ٦٦، تفريح الاحباب في مناقب الآل و الأصحاب: ٣٤٩، منال الطالب في مناقب عليّ بن أبي طالب: ١٢٤ (مخطوط) و الشيخ أبو سعيد الخادمي في البريقة المحمدية: ١/ ٢١٣. راجع إحقاق الحقّ:٥/ ١٢٢ و ج ١٥/ ٦٩٤.

Presented by Ziaraat.Com

نجاشیؒ ان کے بارے میں کہتے ہیں: احمد بن علی بن حسن بن شاذان ابوالعباس القمیؒ، شیعوں کے فقیہ اور بزرگ عالم دین تھے جنہیں آئمہ معصومینؑ کی شناخت میں بلند منزلت حاصل تھی۔ انہوں نے دو کتابیں تالیف کیں: زادالمعاد اور الامالی، ان کی اس کے علاوہ کوئی اور کتاب موجود نہیں۔ میں ان کی (دونوں) کتابوں کو ان کے بیٹے ابوالحسن سے نقل کرتا ہوں، خدا ان دونوں کو اپنی رحمت نصیب فرمائے۔

علامہ ممقانیؒ نجاشی کا قول نقل کرنے کے بعد کہتے ہیں: ابن شاذان کے والد خوبی اور نیکی کے آخری درجہ پر ہیں۔[1]

اساتید

ابن شاذان کے اساتید کی فہرست کافی طویل ہے اور کتاب ہذا جو عربی زبان میں سید باقر موحد ابطحی کی تحقیق کے ساتھ مدرسہ امام مہدیؑ قم سے چھپی ہے میں تقریبا ۷۰ کے قریب مشائخ کے نام ذکر کیے گئے ہیں۔ آپ کے اساتید میں شیعہ افراد کے ساتھ ساتھ اہل تسنن افراد کے نام بھی نظر آتے ہیں اور یہ بات آپ کی علم خوئی کا پتہ دیتی ہے اور خود اس حدیث کی عملی تفسیر ہے کہ حکمت مومن کی گمشدہ میراث ہے وہ اسے جہاں سے بھی ملے حاصل کرلے۔ طوالت کا خوف دامن گیر ہے لہذا ہم فقط چند نام ذکر کرنے پر اکتفاء کریں گے۔

- آپ کے والد؛ احمد بن علی بن حسن بن شاذان.
- جعفر بن محمد بن قولویہ. (متوفی ۳۶۸ ھ).
- حسین بن ہارون قاضی القضاہ.
- محمد بن الحسن بن ولید قمی. (متوفی ۳۴۷ ھ).
- ہارون بن موسی تلعکبری. (متوفی ۳۸۵ ھ).
- شیخ صدوق محمد بن علی بن الحسین. (متوفی ۳۸۱ ھ).

[1] نجاشی، ص ٦٢، تنقیح المقال، ج ١، ص ٧١ .

Presented by Ziaraat.Com

- محمد بن عثمان بن عبد اللہ نصیبی.
- محمد بن سعید المعروف بہ دھقان.
- محمد بن محمد مرّہ.[1]

شاگردان

آپ کے شاگردان میں سے چند نام قابل ذکر ہیں:

۱۔ابو الفتح محمد کراجکی صاحب کتاب کنز الفوائد؛ بے شک و ریب آپ مکتب تشیع کے ایک عظیم عالم ہیں۔ علم کلام، فقہ، حدیث اور دیگر کتب میں آپ کا ذکر خیر فروان ہے۔ شہید اول آپ کو علامہ کے عنوان سے یاد کرتے ہیں۔[2] آپ کی سب سے مشہور کتاب کنز الفوائد ہے جو کلامی و حدیثی نہج کی حامل ہے۔ علامہ مجلسیؒ راقم ہیں: جس کسی نے بھی علم کلام کے میدان میں قدم رکھا اُس نے اس کتاب سے استفادہ کیا ہے اور ان کی دوسری کتب بھی نہایت مفید ہیں۔[3] اس کتاب کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ مؤلف نے اسے لکھنے کے لیے دور دراز کی مسافرت جھیلی لیکن ان کا زیادہ تر قیام مصر کے شہر قاہرہ میں رہا۔ اہلسنت عالم یافعی کہتے ہیں: کراجکی اپنے زمانے میں شیعوں کے رئیس تھے اور ان کا انتقال ۴۴۹ ہجری میں ہوا۔[4]

۲۔احمد نجاشی صاحب الرجال؛ آپ کا سن ولادت ۳۷۲ ہجری ہے۔ آپ نے اصحاب آئمہ کی شناخت کے سلسلے میں بہت زحمتیں برداشت کیں جس کا صلہ یہ رہا کہ علم الرجال میں آپ کی آراء کو حجت مانا جاتا

---

[1] مأه منقبه، ص ٣٨؛ روضات الجنات، ج ٦، ص ١٨٢؛ منقبت، ص ٢٢، ٢٥، ٣٥ و ٨٥؛ ريحانه الادب، ج ٨، ص ٦٢ .

[2] فوائد الرضويه، ص ٥٧٠؛ الكنى و الالقاب، ج ٣، ص ٨٨؛ امل الامل، ج ٢، ص ٢٨٢ و روضات الجنات، ج ٦، ص ٢٠٩ .

[3] بحار الانوار، ج ١، ص ٣٥ .

[4] روضات الجنات، ج ٦، ص ٢١٠ و الكنى و الالقاب، ج ٣، ص ٨٩ .

Presented by Ziaraat.Com

ہے۔آپ کی وفات سن ۵۴۵ ہجری میں واقع ہوئی۔[1]

۳۔ابو طالب زینبی، حسین بن محمد بن علی(متوفی: ۵۱۲ ھ)

۴۔احمد بن محمّد بکری حنفی المعروف بہ اخطب خوارزم(متوفی: ۵۲۸ ھ)[2]

آخری دو افراد علمائے اہلسنت میں سے ہیں۔

ابن شاذان علماء کی نظر میں

ابن شاذان اپنے بلند مرتبہ علمی کی وجہ سے علمائے تشیع کے یہاں مستحق تعریف وستائش رہے ہیں۔ذیل میں ہم ان کے بارے میں چند علمائے امامیہ کی آراء نقل کررہے ہیں۔

۱۔شیخ حر عاملیؒ: ابن شاذان قمی بلند مرتبہ عالم تھے جو شیخ صدوقؒ سے روایت کرتے ہیں۔[3]

۲۔محمد باقر خوانساری، صاحب روضات الجنّات: بلند پایہ عالم اور باشخصیت شیعہ تھے۔[4]

۳۔مرزا حسین نوریؒ: ابن شاذان قمی ایک برجستہ عالم اور ابن قولویہ صاحب کامل الزیارات کی بہن کے لڑکے تھے۔[5]

۴۔ محدث محمد عباس قمیؒ: ابن شاذان شیعوں کے مشہور فقہاء میں سے تھے۔ آپ موثق روزگار شخصیت تھے۔[6]

۵۔علامہ ممقانیؒ: بلاشک وریب ابن شاذان ایک توانا فقیہ اور مشہور عالم دین تھے۔[7]

---

[1] الكنى و الالقاب، ج ۳، ص ۱۹۹؛ فوائد الرضويه، ص ۱۹.

[2] مقدمه كتاب مأه منقبه، ص ۵، با تحقيق نبيل رضا علوان و لسان الميزان ابن حجر، ج ۵، ص ۶۲ .

[3] امل الامل، ج ۲، ص ۲۴۱ .

[4] روضات الجنات، ج ۶، ص ۱۷۹ .

[5] مستدرك الوسائل، ج ۳، ص ۵۰۰ .

[6] الكنى و الالقاب، ج ۱، ص ۳۱۳ .

[7] تنقيح المقال، ج ۲، ص ۷۳ .

Presented by Ziaraat.Com

۶۔سید محسن الآمینؒ: ابن شاذان شیخ طوسیؒ کے اساتید میں سے ہیں۔آپ عظیم فقیہ، صاحب تالیفات اور بزرگان اجازہ میں سے ہیں۔[1]

۷۔ شیخ آقائے بزرگ طھرانیؒ: صاحب کتاب مناقب ابن شاذان قمی جو حدیث میں کراجکی کے استاد تھے۔

۸۔ابوالفتح محمد کراجکیؒ: اگر یہ کہا جائے کہ ابن شاذان قمی کی سب سے بڑھ کر تعریف خود ان کے شاگرد کراجکی نے کی ہے تو یہ بے جانہ ہوگا کیونکہ انہوں نے اپنی کتاب کنزالفوائد میں انہیں تین مقامات پر استاد فقیہ کے عنوان سے یاد کیا ہے جو خود ان کے فقاہت اور علم حدیث میں تبحر پر دلیل ہے۔[2]

تالیفات

۱۔ابن شاذان قمیؒ کی سب سے مشہور کتاب کتاب ہذا ہی ہے۔اسے مختلف ناموں سے یاد کیا گیا ہے من جملہ: مائۃ منقبۃ اور مناقب امیر المومنینؑ۔اس کے حوالے سے ہم عنقریب کچھ تفصیل پیش کریں گے۔

۲۔ایضاح دفائن النواصب.

۳۔بستان الکرام.

۴۔ردّ الشّمس لعلی امیر المؤمنین (ع)

۵۔ایک کتاب جس میں خانہ کعبہ کے اندر امیر المومنینؑ کا رسول اللہ ﷺ کے دوش مبارک پر چڑھ کر بتوں کو گرانے کی خبر کا اثبات کیا گیا ہے۔[3]

[1] اعیان الشیعه، ج ۹، ص ۱۰۱.

[2] کنز الفوائد، ج ۱و۲.

[3] الذریعه، ج ۲۲، ص ۳۱٦ و ج ۲، ص ٤۹٥؛ ریحانه الادب، ج ۸، ص ٦۲ و روضات الجنات، ج ۸، ص ٦۲.

Presented by Ziaraat.Com

وفات حسرت آیات

کراجکیؒ کے کلام سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ۴۱۲ھ تک ابن شاذان قمی زندہ تھے۔ لیکن اس بارے میں کہ ان کی وفات کس سن اور تاریخ کو واقع ہوئی اور ان کی مرقد کہاں ہے فی الحال کسی قسم کی کوئی معلومات ہمارے ہاتھ میں نہیں۔ خدا ان کی روح کو شاد اور امیر المومنینؑ و آئمہ اطہارؑ کے ساتھ محشور فرمائے۔ آمین.

کتاب ہذا پر ایک نظر

بعض افراد نے ایضاح الدفائن النواصب اور مائۃ منقبۃ کو ایک ہی کتاب شمار کیا ہے لیکن حقیقت اس کے خلاف ہے جیسا کہ علامہ بزرگ طہرانیؒ نے صراحت فرمائی ہے کہ ایضاح ایک دوسری کتاب ہے جو مخالفین آئمہ و اہل تشیع کے رد میں لکھی گئی تھی۔

مائۃ منقبۃ پر علماء کا اعتماد

کتاب ہذا کتب روائی میں ایک اہم منبع شمار کی جاتی ہے اور شیعہ سنی جید علماء نے اس کتاب پر اعتماد کرتے ہوئے اس سے احادیث نقل کی ہیں۔ من جملہ: کراجکی کہتے ہیں: میں نے اس کتاب کو اپنے استاد سے ۴۱۲ھ میں مسجد الحرام میں نقل کیا، انہوں نے یہ پوری کتاب میرے لیے قرائت کی۔[1] اس کے علاوہ کراجکی نے اپنی کتب الاستنصار، الابانۃ عن المماثلۃ، کنز الفوائد اور التعریف بحقوق الوالدین میں اس کتاب سے احادیث نقل کی ہیں۔ علامہ مجلسیؒ راقم ہیں: میں عالم بزرگ ابن شاذان قمی کی کتاب مناقب سے روایت کرتا ہوں۔[2] شیخ حر عاملیؒ فرماتے ہیں: یہ کتاب امیر المومنینؑ کی سو منقبتوں اور فضائل پر مشتمل ہے جو میرے پاس بھی

---

[1] روضات الجنات، ج ٦، ص ١٨١؛ ريحانه الادب، ج ٨، ص ٦٢؛ الكنى و الالقاب، ج ١، ص ٣١٢ و الذريعه، ج ٢٢، ص ٣١٦.

[2] بحار الانوار، ج ١، ص ١٨ .

Presented by Ziaraat.Com

موجود ہے۔[۱] اس کے علاوہ شیخ طوسیؒ نے اپنی کتاب امالی، سید ابن طاؤوسؒ نے اپنی کتاب الیقین، سید ہاشم بحرانیؒ نے اپنی کتاب البرہان اور غایۃ المرام میں اور علامہ عبد الحسین امینیؒ نے الغدیر میں اس کتاب سے احادیث نقل فرمائی ہیں۔

اہلسنت علماء میں سے الحافظ ابوالمؤید الموفق بن احمد المعروف بہ اخطب الخوارزمی نے اپنی دو کتب المناقب اور مقتل حسین میں، حافظ ابو عبداللہ محمد بن یوسف الگنجی نے کفایۃ الطالب میں اور ابراہیم بن محمد الجوینی نے اپنی کتاب فرائد السمطین میں اس کتاب سے احادیث نقل کی ہیں۔

نسخہ ہائے خطی کتاب اور ان کی تحقیق

جیسا کہ پہلے عرض کیا جاچکا ہے کہ اس کتاب کی تحقیق کا کام سید باقر ابطحی نے انجام دیا ہے، انہوں نے تحقیق کے لیے دو خطی نسخوں سے مدد لی ہے۔ پہلا نسخہ آیت اللہ مصطفی خوانساری کے کتابخانے میں موجود ہے جو ان کے والد کے ہاتھ کا لکھا ہوا ہے۔ اس پر منگل ۹ رمضان سن ۱۳۲۸ھ کی تاریخ پڑی ہوئی ہے۔ محقق نے اسے اصلی نسخہ قرار دیا ہے۔ اور اس کا رمز 'ا' ہے۔

دوسرا نسخہ آیت اللہ سید شہاب الدین مرعشی نجفیؒ کے کتابخانے میں موجود ہے اور یہ نسخہ ان چار نسخوں میں سے ہے جن کا ذکر شیخ بزرگ طہرانی نے الذریعہ ج ۱۹، ص ۴ پر کیا ہے۔ اس کا رمز 'ب' ہے۔ اس کے علاوہ محقق نے علامہ عبد الرزاق مقرم کے نسخے سے بھی استفادہ کیا ہے جو نجف اشرف میں زیور طباعت سے آراستہ ہو چکا ہے۔

علاوہ براین محقق نے اسناد اور متن کا تقابل ان کتب سے بھی کیا ہے جن میں اس کتاب سے براہ راست احادیث نقل کی گئی ہیں۔ اور یہ وہی کتب ہیں جن کا ذکر ہم اوپر کر آئے ہیں جیسے کراجکی کی کتاب، بحار، الیقین، مقتل و مناقب خوارزمی، تفسیر البرہان، غایۃ المرام، فرائد السمطین وغیرہ۔

---

[۱] امل الامل، ج ۲، ص ٦٢ .

Presented by Ziaraat.Com

محقق نے بہت ہی دقت کے ساتھ ایک ایک لفظ و حرف کے اختلاف کو حاشیے میں قلم بند کیا ہے۔ لیکن کیونکہ اردو زبان قارئین کی طبیعت کے بوجھل ہو جانے کا خوف لاحق تھا لہذا ہم نے فقط اس مقام پر اختلاف نقل کیا ہے جہاں ضروری سمجھا۔ اس کے علاوہ محقق نے کئی مقامات پر احادیث کی کئی کئی صفحات پر مشتمل تخریج کی ذمہ داری بھی سرانجام دی ہے اور ہم نے اسے اسی طرح حاشیے میں برقرار رکھا ہے تاکہ شائقین اس سے مستفید ہو سکیں۔ البتہ ہم نے محقق کے حاشیے کو اردو زبان میں ترجمہ نہیں کیا، کیونکہ ہم سمجھتے ہیں کہ وہ خواص سے متعلق ہے اور خواص عربی زبان سے واقفیت رکھتے ہیں۔ لہذا ہم نے عربی زبان کے حاشیے کو جوں کا توں لکھ دیا ہے۔ ساتھ ہی قارئین کی سہولت کے لیے احادیث پر ان کے مطلب و مفہوم کے اعتبار سے عناوین کا اضافہ بھی کر دیا گیا ہے۔

کمترین خدا کی بارگاہ میں اس حقیر سی کاوش کو سند قبولیت سے نوازے جانے کا متمنی ہے اور قارئین سے بھی التماس کرتا ہے کہ وہ اس غرق بحر معاصی کے لیے دعا فرمائیں کہ خدا اسے رزق توفیق سے نوازتا رہے اور اس کا قلم نشرِ علوم و فضائل اہلبیتؑ کے سلسلے میں یونہی رواں دواں رہے۔ آمین یارب العالمین۔

بندۂ ثقلین،

سید سبطین علی نقوی امروہوی

Presented by Ziaraat.Com

مقدمہ مؤلف

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الحمد لله الأول في ديموميته؛ الآخر في أزليته؛ العدل في قضيته؛ الرحيم (في ربوبيته)؛ الواحد في ملكه و برهانه؛ الفرد في صمديته و سلطانه؛ العلي في دنوه القريب في علوه؛ حمد من يعلم أن الحمد فريضة و تركه خطيئة. و أومن به إيمان من علم أنه رهين بعمله، و ميت دون أمله، و أتوكل عليه توكل من رد الحول و القوة إليه.و أشهد أن لا إله إلا الله وحده لا شريك له شهادة نحيا بها ما أبقانا و ندخرها لشدائد ما يلقانا. و أشهد أن محمدا عبده و رسوله بشير الرحمة و مصباح الأمة و المنقذ من الجهالة و العمى و الضلالة و الردى صلى الله عليه و آله صلاة لا يحصى لها عدد [و لا ينفد منها أبد] و لا يتقدمها أمد و لا يأتي بمثلها أحد. قال الشيخ الفقيه أبو الحسن محمد بن أحمد بن علي بن الحسن بن شاذان (رحمه الله)

أما بعد فقد جمعت لك أيها الشيخ أطال الله بقاك ما التمست و فيه رغبت من فضائل أمير المؤمنين [و قائد الغر المحجلين أسد الله الغالب] علي بن أبي طالب و الأئمة من ولده صلوات الله عليهم من طريق العامة و هي مائة منقبة و فضيلة فتمسك بها راشدا و عها حافظا و عمدت الإيجاز و قصدت الاختصار لئلا تمل منه و تضجر وفقنا الله تعالى لإصابة الحق [و الصواب] و لا حرمنا الخير و جزيل الثواب.

ترجمہ مقدمہ مؤلف

تمام حمد اس اللہ کے لیے جو اپنے قدیم ہونے میں یکتا، اپنی ازلیت میں دائم، اپنی قضاوت میں عادل، اپنی ربوبیت میں رحیم، اپنے ملک و برھان میں واحد، اپنی صمدیت و سلطنت میں فرد، اپنی نزدیکی میں بلند اور اپنے

Presented by Ziaraat.Com

علو میں قریب ہے؛(خدا کی حمد کرتا ہے وہ)جو جانتا ہے کہ حمد کرنا فرض اوراسے ترک کرنا جرم ہے۔میں اس پر ایمان رکھتا ہوں؛اس شخص کا سا ایمان جو یہ جانتا ہے کہ عمل اس کے پاس رہن کے طور پر رکھا گیا ہے،اور جو بنا امید کے مر جائے،میں اس پر توکل کرتا ہو؛ایسے شخص کا توکل جو اسے چارہ گری اور توانائی بخش دے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے،اس کا کوئی شریک نہیں؛ایسی گواہی کہ میں جب تک زندہ رہوں اسی گواہی کے ساتھ زندہ رہوں؛اوراسے مؤخر کروں مشکلات کے لیے جب ان سے ملاقات ہو۔ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کا بندہ اور رسول ہے،رحمت کی خوشخبری دینے والا،چراغ امت؛اور جہالت و سر گردانگی وضلالت سے نجات دینے والا ہے؛ان پر اور ان کے خاندان پر خدا کی رحمت ہو!ایسا درود جس کی تعداد شمار سے تجاوز کر جائے،ایسا درود جس کا اختتام سے کبھی معاملہ نہ ہو اور کسی نے بھی ان پر آج تک ایسا درود بھیجا نہ ہو۔

شیخ،عالم نابغہ ابوالحسن محمد بن احمد بن علی بن حسن بن شاذان (کہ خدا ان پر رحمت نازل کرے) کہتا ہے: امابعد؛اے علم خواہ!کہ خدا تمہیں پائندہ رکھے!تم نے مجھ سے جس چیز کی درخواست کی تھی اور جو تم چاہتے تھے کہ میں تمہارے لیے یہ جمع کروں؛[1] تو میں نے بھی امیر المومنینؑ،جو نورانی پیشانی والوں کے امام، اسد اللہ غالب،علی بن ابی طالب ہیں اور ان کی اولاد سے پاکیزہ آئمہ کے فضائل میں اہل تسنن کے طرق سے سو منقبتیں اور فضیلتیں جمع کیں۔سو تو رشد کے ساتھ اس سے متمسک ہو اور رغبت و نگہداری کر اور اس لیے کہ تیری طبیعت بوجھل نہ ہو میں نے اختصار سے کام لیا ہے۔خدا ہمیں حقیقت مدار اور سچائی کی طرف سرعت سے بڑھنے کی توفیق عنایت اور نیکیوں اور کثیر ثواب سے محروم نہ فرمائے۔

[1] اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ کسی شخص نے ابن شاذان سے اس کتاب کے لکھنے کی فرمائش کی تھی۔

Presented by Ziaraat.Com

(۱)

جو ہمارے پہلے کے لیے وہی ہمارے آخری کے لیے

مَا حَدَّثَنِي بِهَا الْحَسَنُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ سَخْتَوَيْهِ رَحِمَهُ اللَّهُ بِالْكُوفَةِ فِي سَنَةِ أَرْبَعٍ وَ سَبْعِينَ وَ ثَلَاثِمِائَةٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عِيسَى بْنِ مِهْرَانَ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ قَالَ حَدَّثَنِي قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ حَدَّثَنِي الْأَعْمَشُ قَالَ حَدَّثَنِي عَبَايَةُ عَنْ حَبَّةَ الْعُرَنِي عَنْ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ع قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ص: «أَنَا سَيِّدُ الْأَوَّلِينَ وَ الْآخِرِينَ وَ أَنْتَ يَا عَلِيُّ سَيِّدُ الْخَلَائِقِ بَعْدِي وَ أَوَّلُنَا كَآخِرِنَا وَ آخِرُنَا كَأَوَّلِنَا»[1].

رسول اللہ ﷺ نے امیر لمومنینؑ سے ارشاد فرمایا: میں اولین و آخرین کا سردار ہوں؛ اور اے علیؑ تم میرے بعد سید الخلائق ہو؛ ہم (چہادرہ معصومین) میں سے پہلا فرد (صفات و کردار اور رتبے و مقام کے لحاظ سے) ہمارے آخری فرد جیسا ہے اور ہمارا آخری ہم میں سے پہلے فرد کی مانند ہے۔ (یعنی صفات و کردار کے اعتبار سے ہم چودہ کے چودہ ایک سے ہیں اور ہم میں کوئی فرق نہیں).

[1] عنه البحار: ۲۵/ ۳۶۰ ح ۱۷، و غاية المرام ص ۴۵۰ ح ۱۴، و ص ۶۲۰ ح ۱۷اقول: سند هذه المنقبة متحد مع سند المنقبة– ۶۴–، و فيها: حدّثني محمّد بن أحمد البغداديّ قال: حدّثني عيسى بن مهران، بدل:« أبو بكر محمّد بن أحمد بن عيسى بن مهران» فراجع.

Presented by Ziaraat.Com

(۲)

اگر میں کسی کو علیؑ سے بہتر پاتا۔۔۔!

حَدَّثَنِي أَبُو زَكَرِيَّا طَلْحَةُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ مُحَمَّدٍ الصَّرَّامُ قَدِمَ عَلَيْنَا الْكُوفَةَ حَاجّاً قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاذٍ شَاهُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بِهَرَاةَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ الْقَتَّادُ قَالَ حَدَّثَنِي هُشَيْمُ بْنُ بَشِيرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بْنُ الْحَجَّاجِ قَالَ حَدَّثَنَا عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ص إِنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ أَفْضَلُ خَلْقِ اللهِ تَعَالَى غَيْرِي وَ الْحَسَنُ وَ الْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَ أَبُوهُمَا خَيْرٌ مِنْهُمَا[۱] وَ إِنَّ فَاطِمَةَ سَيِّدَةُ نِسَاءِ الْعَالَمِينَ[۲] وَ إِنَّ عَلِيّاً خَطَبَنِي[۱] وَ لَوْ وَجَدْتُ لِفَاطِمَةَ خَيْراً مِنْ عَلِيٍّ لَمْ أُزَوِّجْهَا مِنْهُ[۲].

---

[۱] استقصينا جميع مصادر الرواية في صحيفة الرضا عليه السلام ح ۱۰۳.

[۲] روى هذا الحديث بعدة طرق و أسانيد عن عدة من الأئمّة عليهم السلام و الصحابة نذكر منهم:الإمام عليّ عليه السلام روى الحديث عنه: الصدوق في الخصال: ۲۰۶ ح ۲۵ في حديث، عنه البحار: ۴۳/ ۲۶ ح ۲۴ و أخرجه ابن شهر اشوب في المناقب: ۳/ ۱۰۴ عن كتاب أبى بكر الشيرازى بإسناده عن مقاتل عن محمّد بن الحنفية، عن أبيه عليه السلام، عنه البحار: ۴۳/ ۳۶. الإمام الصّادق عليه السلام روى الحديث عنه: الصدوق في معاني الأخبار: ۱۰۷ ح ۱ بإسناده الى المفضل بن عمر عنه البحار: ۴۳/ ۲۶ ح ۲۵.

سيدة نساء العالمين فاطمة عليها السلام أخرج الحديث عنها: القندوزى في ينابيع المودة: ۲۶۰.عبد الله بن عبّاس روى الحديث عنه: الصدوق في الأمالي: ۲۴۵ ح ۱۲ و ۳۹۳ ح ۸ بطريقين عنه البحار ۴۳/ ۲۴ ح ۲۰ و العوالم ۱۱/ ۴۴.و رواه الديلميّ في الفردوس، عنه البحار: ۴۳/ ۷۶، و السيوطي في تاريخ الخلفاء: ۱۱۴.و أورده ابن أبي الحديد في شرح نهج البلاغة: ۲/ ۴۵۷ مرسلا.-.- أبو سعيد الخدريّ روى الحديث عنه: الديلميّ في الفردوس، عنه البحار: ۴۳/ ۸۶.جابر بن سمرة أخرج الحديث عنه ابن شهر اشوب في المناقب ۳/

Presented by Ziaraat.Com

۱۰۵ نقلا من كتاب حلية الأولياء و كتاب الشيرازى باسنادهما الى عمران بن حصين و جابر بن سمرةعنه البحار: ٤٣/ ٣٧ ح ٤٠.عمران بن حصين روى الحديث عنه: أبو نعيم الأصفهانيّ في حلية الأولياء: ٢/ ٤٢، و الخوارزمي في مقتل الحسين: ١/ ٧٩. و الطحاوى في مشكل الاثار: ١/ ٤٨، و ابن الأثير الجزريّ في المختار من مناقب الأخيار: ٥٦ بطريقين.و محبّ الدين الطبريّ في ذخائر العقبى: ٤٣، و أبو المحاسن يوسف بن موسى الحنفيّ في كتاب المعتصر من المختصر ٢/ ٢٤٧، و الذهبي في تاريخ الإسلام: ٢/ ٩١.و الزرندى في نظم درر السمطين: ١٧٩، و باكثير الحضرمى في وسيلة المآل: ٨٠ بطريقين، و أبو بكر الحضرمى في رشفة الصادى: ٢٢٦، و السيوطي في الثغور الباسمة في مناقب سيدتنا فاطمة: ١٤، و القندوزى في ينابيع المودة: ١٩٨، و عمر رضا كحالة في أعلام النساء: ٣/ ١٢١٥، و أمين بن محمود المصرى في فتح الملك المعبود: ٤/ ٨. و ولى اللّه اللكهنوئى في مرآة المؤمنين في مناقب أهل بيت سيّد المرسلين: ١٨٣، و عبد القادر الشافعى السنندجى في تقريب المرام في شرح تهذيب الأحكام: ٣٣٢.و رواه ابن عبد البر في الإستيعاب: ٤/ ٣٨٥، عنه زين الدين أبو الفضل في طرح التثريب: ١/ ١٤٩، و العسقلانى في الإصابة: ٤/ ٣٧٨، و أحمد زينى دحلان الشافعى في السيرة النبويّة: ٢/ ٦(المطبوع بهامش السيرة الحلبية)، و حسن الحمزاوى المالكى في مشارق الأنوار/ ١٠٥، و النبهانى في الشرف المؤبد: ٥٤، و توفيق أبو علم في أهل البيت: ١٢٨، و أورده مرسلا في ص ١٣٣ و ١٧٦.- .- عائشة روى الحديث عنها:الحافظ أبو داود الطيالسى في المسند: ١٩٦، و ابن سعد في الطبقات الكبرى: ٨/ ٢٦، و النسائى في الخصائص: ١١٩، و الحاكم النيسابوريّ في المستدرك: ٣/ ١٥٦. و أخرجه النبهانى البيروتى في جواهر البحار: ١/ ٣٦٠، و السيوطي في الخصائص: ٢/ ١٨، و في الجامع الكبير: ٧/ ٧٣٤(المطبوع في هامش جامع الأحاديث) و المتقى الهندى في كنز العمّال: ٥/ ٩٧ و ج ١٣/ ٩٥، و القلندر الهندى في الروض الازهر: ١٠٣، و الزبيديّ الحنفيّ في اتحاف السادة المتقين: ٦/ ٢٤٤.و رواه أبو نعيم في حلية الاؤلياء: ٢/ ٣٩ بثمانية طرق عن عائشة، و الخوارزمي في مقتل الحسين: ١/ ٥٤، و البغوى في مصابيح السنة: ٢/ ٢٠٤، و ابن الأثير الجزريّ في أسد الغابة: ٥/ ٥٢٢، و الذهبي في تاريخ الإسلام: ٢/ ٩٤، و العسقلانى في الإصابة: ٤/ ٣٧٨، و ابن عبد البر في الإستيعاب ٤/ ٣٧٥، و البدخشى في مفتاح النجا: ١٢(مخطوط).و أخرجه النقشبندى في صلح الاخوان: ١١٦ عن صحيح مسلم.و أخرجه الزبيديّ الحنفيّ في اتحاف السادة المتقين: ٧/ ١٨٤ عن صحيحى البخارى و مسلم.أخرجه عن بعض المصادر أعلاه في عوالم فاطمة عليها السلام: ١١/ ٤٤- ٥١، و احقاق الحق: ١٠/ ٢٧- ٤١ و ج ١٩/ ١٨- ٢٢.

[1] في نسخة« ب»: حبيبي، و في المطبوع: خبرتى، و في خ ل: خطنى، و في البحار: ختنى.

[2] عنه البحار: ٢٥/ ٣٦٠ ح ١٨. أقول: سند هذه المنقبة متحد مع سند المنقبة- ٦٥.

Presented by Ziaraat.Com

ابن عباس کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک علیؑ بن ابی طالبؑ میرے علاوہ تمام خلق خدا سے افضل ہیں؛ اور حسنؑ و حسینؑ جوانانِ جنت کے سردار ہیں؛ اور ان کے والد ان سے برتر ہیں؛[1] اور فاطمہؑ جنت کی خواتین کی سردار ہیں؛ علیؑ میرے حبیب (و محبوب) ہیں۔ (جنھوں نے مجھ سے فاطمہؑ کی خواستگاری کی) اگر میں فاطمہؑ کے لیے کسی اور کو علیؑ سے بہتر پاتا تو فاطمہؑ کی شادی علیؑ سے نہ کرتا۔

(۳)

اسمائے پنجتنؑ مشتق از اسمائے الٰہی

أَخْبَرَنِي أَبُو الطَّيِّبِ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ التَّيْمُلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَحْمَدَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُتَوَكِّلٍ قَالَ حَدَّثَنَا زُفَرُ بْنُ الْهُذَيْلِ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ قَالَ حَدَّثَنِي مُوَرِّقٌ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ص سُمِّيَ الْحَسَنُ حَسَناً لِأَنَّ بِإِحْسَانِ اللَّهِ قَامَتِ السَّمَاوَاتُ وَ الْأَرْضُ

---

[1] اس روایت میں رسول اللہ ﷺ نے امیر المومنینؑ کے مقام کو امامین حسنینؑ سے برتر بتایا ہے؛ جبکہ اس سے قبل روایت میں فرمایا تھا کہ ہمارا پہلا اور آخری مساوی ہیں. اس کا جواب یہ ہے کہ گزشتہ روایت میں ان کے مقام حجیت اور ولایت اور لوگوں کے لیے چہاردہ معصومینؑ کی اطاعت کے وجوب کا یکسر بیان مطلوب تھا. اور اس چیز میں کوئی تناقض نہیں کہ عین اس حال میں کہ یہ مذکورہ موارد میں ایک سا مقام رکھیں لیکن مقام رسول اللہؐ باقی آئمہ کے مقام سے برتر و بالا ہو یا امیر المومنینؑ کا مقام ان کی نسل کے آنے والے باقی آئمہ سے افضل ہو۔ جیسا کہ قرآن کریم انبیاء کے مقام حجیت اور ان کی اطاعت کے وجوب کے باب میں ارشاد فرماتا ہے: لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِنْ رُسُلِهِ. (بقرہ: ۲۸۵) خدا اپنے پیغمبروں کے درمیان کوئی فرق نہیں رکھتا۔ لیکن ان کے درجہ بندی اور ایک دوسرے پر تفضیل کے بارے میں ارشاد فرماتا ہے: تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلَى بَعْضٍ (بقرہ: ۲۵۳) ہم نے بعض رسولوں کو بعض پر فضیلت دی.

Presented by Ziaraat.Com

وَ الْحَسَنُ مُشْتَقٌّ مِنَ الْإِحْسَانِ وَ عَلِيٌّ وَ الْحَسَنُ اسْمَانِ [مُشْتَقَّانِ] مِنْ أَسْمَاءِ اللّٰهِ تَعَالَى وَ الْحُسَيْنُ تَصْغِيرُ الْحَسَنِ[۱].

جابر بن عبداللہ انصاریؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: امام حسنؑ کا نام حسنؑ رکھا گیا (یعنی نیکوکار)؛ کیونکہ خدا کے احسان کی وجہ سے زمین وآسمان قائم ہیں اور حسن احسان سے مشتق ہے؛ علیؑ اور حسنؑ خدا کے اسماء سے مشتق شدہ نام ہیں اور حسینؑ حسن کی تصغیر ہے۔[۲]

(۴)

امام حسینؑ باب جنت ہیں۔۔۔!

حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ [بْنِ][۱] الْجَرَّاحِ قَالَ حَدَّثَنِي الْقَاضِي عُمَرُ بْنُ الْحُسَيْنِ قَالَ حَدَّثَتْنِي آمِنَةُ بِنْتُ أَحْمَدَ بْنِ ذُهَلَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَعْمَشِ قَالَتْ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ أَبِيهِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو خَيْثَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ص بِي أُنْذِرْتُمْ وَ بِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ع

---

[۱] عنه: مدينة المعاجز: ۲۰۲ ح ٤، و ص ۲۳۷ ح ۸، و حلية الابرار: ۱/ ٤۹۹.و أخرجه في البحار: ٤۳/ ۲۵۲ ذ ح ۳۰، و العوالم ۱٦- عوالم الامام الحسن عليه السلام-: ۲۵ ذ ح ۵ عن مناقب ابن شهر اشوب: ۳/ ۱٦٦.

[۲] تصغیر یعنی ایک اسم سے دوسرا اسم بنانا اس صورت میں کہ دوسرا اسم کسی چیز کے چھوٹا ہونے پر دلالت کرے. اردو اور فارسی زبان میں بھی اسمائے مصغر اور تصغیر کا عمل موجود ہے۔ مثلا اردو میں اگر کسی اسم کا مصغر بنانا ہو تو اس کے آگے ہ یا چہ کا اضافہ کر دیتے ہیں جیسے: چمچ سے چمچہ اور دیگ سے دیگچہ وغیرہ البتہ اردو میں یہ قانون ہر اسم پر جاری نہیں کیا جا سکتا بلکہ یہ سماعی ہے. اس صورت میں حسن کے معنی نیکوکار اور حسین کے معنی چھوٹا نیکوکار ہونگے. البتہ حسن کے معنی خوبصورت اور نیک کے بھی ہوتے ہیں؛ لیکن اس حدیث میں وہی معنی مورد نظر ہیں جو پہلے بیان کیے جا چکے ہیں.

Presented by Ziaraat.Com

اهْتَدَيْتُمْ وَقَرَأَ إِنَّمَا أَنْتَ مُنْذِرٌ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هادٍ[۲] وَبِالْحَسَنِ أُعْطِيتُمُ الْإِحْسَانَ وَبِالْحُسَيْنِ تَسْعَدُونَ وَبِهِ تَشْقَوْنَ أَلَا وَإِنَ الْحُسَيْنَ بَابٌ مِنْ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ مَنْ عَادَاهُ حَرَّمَ اللهُ عَلَيْهِ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ[۳].

عبد اللہ بن عمر کہتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمہیں میرے ذریعے سے ڈرایا گیا اور علیؑ بن ابی طالبؑ کے ذریعے ہدایت بخشی گئی۔ اس کے بعد آپ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی: إِنَّمَا أَنْتَ مُنْذِرٌ وَ لِكُلِّ قَوْمٍ هادٍ بے شک اے رسول آپ ڈرانے والے ہیں اور ہر قوم کے لیے کوئی نہ کوئی ہدایت کرنے والا ہے۔ (اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا) تم پر حسنؑ کے ذریعے سے احسان کیا گیا اور تم حسینؑ کے وجود کی وجہ سے سعادت مند یا شقی بنو گے۔ آگاہ ہو جاؤ! حسینؑ جنت کے دروازوں میں سے ایک در ہے؛ جو کوئی بھی اس سے عداوت رکھے گا خدا نے اس پر جنت کی بو تک حرام کر دی ہے۔

(۵)

کارہائے آئمہ معصومینؑ در روز قیامت

حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْفَضْلِ بْنِ تَمَّامٍ الزَّيَّاتُ رَحِمَهُ اللهُ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِي عَبَّادُ بْنُ يَعْقُوبَ قَالَ حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِي الْأَعْمَشُ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو إِسْحَاقَ عَنِ الْحَارِثِ وَ سَعِيدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ع قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ص أَنَا وَارِدُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ وَأَنْتَ يَا عَلِيُّ السَّاقِي

---

[۱] من مقتل الخوارزمي. ترجم له في رجال النجاشيّ: ٦٧ و رجال السيّدالخوئي: ٢/ ٣٠٢ رقم ٨٩٥ و النابس في أعلام القرن الخامس: ٢٥،و لسان الميزان: ١/ ٢٨٨ رقم ٧٥٢ و جامع الرواة: ١/ ٦٩،ياتى ذكره في المنقبة ٢٥ و ٩٣.

[۲] الرعد: ٧.

[۳] عنه البحار: ٣٥/ ٤٠٥ ح ٢٨ و غاية المرام ص ٢٣٥ ح ٦ و البرهان: ٢/ ٢٨١ ح ١٨.و رواه الخوارزمي في مقتل الحسين ١/ ١٤٥ بإسناده الى ابن شاذان.

Presented by Ziaraat.Com

وَ الْحَسَنُ الذَّائِدُ وَ الْحُسَيْنُ الْآمِرُ وَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الْفَارِضُ وَ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ النَّاشِرُ وَ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّائِقُ وَ مُوسَى بْنُ جَعْفَرٍ مُحْصِي الْمُحِبِّينَ وَ الْمُبْغِضِينَ وَ قَامِعُ الْمُنَافِقِينَ وَ عَلِيُّ بْنُ مُوسَى مُزَيِّنُ الْمُؤْمِنِينَ وَ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مُنْزِلُ أَهْلِ الْجَنَّةِ فِي دَرَجَاتِهِمْ وَ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ خَطِيبُ شِيعَتِهِ وَ مُزَوِّجُهُمُ الْحُورَ [الْعِينَ] وَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ سِرَاجُ أَهْلِ الْجَنَّةِ يَسْتَضِيئُونَ بِهِ وَ الْقَائِمُ[1] شَفِيعُهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَيْثُ لَا يَأْذَنُ اللَّهُ إِلَّا لِمَنْ يَشَاءُ وَ يَرْضَى[2].

امیر المومنینؑ رسول اللہ ﷺ سے نقل فرماتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: حوض کوثر پر میں (محمد ﷺ) تمہارا رہبر ہوں، اور اے علیؑ! تم اس حوض کے ساقی ہو، حسنؑ اس حوض سے دشمنوں کو دور بھگانے والے، حسینؑ حکم دینے والے، امام سجادؑ پیشرو، امام باقرؑ بانٹنے والے، امام صادقؑ دوسروں سے پہلے دشمنوں پر حملہ کرنے والے، امام موسی کاظمؑ دوستوں اور دشمنوں کو گننے والے اور منافقوں کی سر کوبی کرنے والے، امام رضاؑ مومنین کو مزین کرنے والے، امام تقیؑ جنتیوں کو جنت میں ان کے مکان دینے والے، امام نقیؑ شیعوں کا حوروں سے نکاح کروانے والے، امام حسن عسکریؑ جنتیوں کو اپنے نور سے منور کرنے والے کہ اہل بہشت ان کے نور سے استفادہ کریں گے، اور امام مہدیؑ روز قیامت ان کی شفاعت کرنے والے ہونگے؛ یہ وہ روز ہوگا جس دن خدا کسی کو شفاعت کی اجازت نہیں دے گا مگر جس کے لیے وہ خود چاہے اور اس کی شفاعت سے راضی ہو۔

---

[1] في نسختي الأصل: و الهادي، و في البحار: و الهادي المهدي، و في المقتل: و المهدي.

[2] رواه بالاسناد عنه الخوارزمي في مقتل الحسين: ۱/ ۹٤، عنه الطرائف ص ۱۷۳ ح ۲۷۱ و الصراط المستقيم: ۲/ ۱۵۰، و حلية الابرار: ۲/ ۷۲۱ ح ۱۳۰، و غاية المرام ص ۳۵ ح ۲۲ و ص ٦۹۲ ح ۲. و رواه الحمويني في فرائد السمطين: ۲/ ۳۲۱ ح ۵۷۲ بإسناده الى الخوارزمي، عنه غاية المرام ص ۱۹۵ ح ٤۳. و أورده ابن شهر اشوب في المناقب: ۱/ ۲۵۱ عن الحارث بن سعيد بن قيس عن علي عليه السلام و عن جابر كليهما عن النبيّ صلّى اللّٰه عليه و آله، عنه البحار: ۳٦/ ۲۷۰ ضمن ح ۹۱ و عن الطرائف. و أخرجه في الإنصاف: ۱٤ عن الطرائف.

Presented by Ziaraat.Com

(۶)

منجیان امت

حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ مُرَّةَ رَحِمَهُ اللَّهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَغَوِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو قَبِيصَةَ شُرَيْحُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي نَافِعٌ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ص لِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ع: يَا عَلِيُّ أَنَا نَذِيرُ أُمَّتِي وَ أَنْتَ هَادِيهَا وَ الْحَسَنُ قَائِدُهَا وَ الْحُسَيْنُ سَائِقُهَا وَ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ جَامِعُهَا وَ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ عَارِفُهَا وَ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ كَاتِبُهَا وَ مُوسَى بْنُ جَعْفَرٍ مُحْصِيهَا وَ عَلِيُّ بْنُ مُوسَى مُعَبِّرُهَا وَ مُنْجِيهَا وَ طَارِدُ مُبْغِضِيهَا وَ مُدْنِي مُؤْمِنِيهَا وَ مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ قَائِمُهَا وَ سَائِقُهَا وَ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ سَاتِرُهَا[1] وَ عَالِمُهَا وَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ مُنَادِيهَا[2] وَ مُعْطِيهَا وَ الْقَائِمُ الْخَلَفُ سَاقِيهَا وَ مُنَاشِدُهَا إِنَّ فِي ذٰلِكَ لَآيَاتٍ لِلْمُتَوَسِّمِينَ[3] يَا عَبْدَ اللَّهِ[4].

عبداللہ بن عمر کہتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علیؑ سے فرمایا: اے علیؑ! اس امت کا نذیر میں ہوں، اور تم اس کے ہادی ہو؛ حسنؑ اس کے قائد؛ حسینؑ اس کا تعقب کرنے والے؛ امام سجادؑ اسے اکھٹا کرنے والے؛ امام باقرؑ اس کے عارف؛ امام صادقؑ اس کے کاتب؛ امام موسی کاظمؑ اس کے محاسب؛ امام رضاؑ اس کے رہبر و نجات

---

[1] في نسخة« ب» و البحار و المطبوع: سايرها.

[2] في نسخة« أ» و المطبوع: ناديها، و في البحار: نادبها.

[3] الحجر: ۷۵.

[4] أخرجه في البحار: ۳۶/ ۲۸۰ ضمن ح ۹۱ عن مناقب ابن شهر اشوب: ۱/ ۲۵۱ عن عبد ابن محمّد البغوى بإسناده المذكور الى ابن عمر، و في ذيله قال: و قد روى ذلك جماعة عن جابر بن عبد اللّه، عن النبيّ صلّى اللّه عليه و آله.و أخرجه في اثبات الهداة: ۳/ ۲۲۲ عن الصراط المستقيم: ۲/ ۱۵۰ عن البغوى. و قال صاحب الاثبات: أسنده ابن خليل الى ابن عمر بأربعة و ثلاثين طريقا.

Presented by Ziaraat.Com

دہندہ اور مومنین کو آگے لانے والے اور دشمنوں کو دور کرنے والے، امام تقیؑ اس کے قائد اور پیشرو؛ امام نقیؑ اس کے ساتر اور عالم؛ امام حسن عسکریؑ اس کے منادی اور بخش سے نوازنے والے اور امام مہدیؑ اس کے ساقی اور خواستار و طلب کرنے والے ہیں۔ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس آیت کی تلاوت فرمائی: إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِلْمُتَوَسِّمِينَ (یہ جو میں نے کہا ہے) اس میں صاحبان عقل کے لیے نشانیاں ہیں۔ اے عبداللہ!

(۷)

ہم خدا کے حلال کو حلال اور اس کے حرام کو حرام کرنے والے ہیں۔۔۔!

حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيرٍ الطَّبَرِيُّ[۱] قَالَ حَدَّثَنِي هَنَّادُ بْنُ السَّرِي قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ص: إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى لَمَّا خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَ الْأَرْضَ دَعَاهُنَّ فَأَجَبْنَهُ فَعَرَضَ عَلَيْهِنَّ نُبُوَّتِي وَ وَلَايَةَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ فَقَبِلْنَهَا ثُمَّ خَلَقَ الْخَلْقَ وَ فَوَّضَ إِلَيْنَا أَمْرَ الدِّينِ فَالسَّعِيدُ مَنْ سَعِدَ بِنَا وَ الشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ بِنَا نَحْنُ الْمُحَلِّلُونَ لِحَلَالِهِ وَ الْمُحَرِّمُونَ لِحَرَامِهِ[۲].

---

[۱] قال عنه تلميذه: أبو الفرج المعافى بن زكريا النهرواني- الاتى ذكره في المنقبة الثامنة-:« علامة وقته و امام عصره و فقيه زمانه ولد بآمل سنة أربع و عشرين و مائتين و مات في شوال سنة عشر و ثلثمائه، و له سبع و ثمانون سنة، أخذ الحديث عن الشيوخ الفضلاء» وعد منهم هناد بن السرى، و الطبريّ هذا ليس أبو جعفر محمّد بن جرير بن رستم الطبريّ الشيعى صاحب كتاب« دلائل الإمامة» و« المسترشد في امامة عليّ بن أبي طالب عليه السلام». تجد ترجمته في فهرست ابن النديم ص ۲۹۱- ۲۹۲، و الكنى و الألقاب: ۱/ ۲۳۳.

[۲] عنه غاية المرام: ۲۰۸ ح ۹.و رواه الخوارزمي في المناقب: ۷۹، و في مقتل الحسين: ۱/ ٤٦ بإسناده الى ابن شاذان، عنه المحتضر: ۹۷، و كشف الغمّة: ۱/ ۲۹۱، و مصباح الأنوار: ٦٤(مخطوط) و أخرجه في البحار

Presented by Ziaraat.Com

جابر بن عبداللہ انصاریؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب خدا نے آسمانوں اور زمین کو خلق کیا تو اُس نے انہیں آواز دی، ان سب نے جواب دیا، (تو) خدا نے ان کے سامنے میری نبوت اور علیؑ کی ولایت پیش کی، انہوں نے اطاعت کرتے ہوئے اسے قبول کیا۔ اس کے بعد خدا نے دوسری مخلوقات کو خلق کیا اور ان کے امور دین ہمارے سپرد کیے، پس سعادت مند وہ ہے جو ہمارے ہاتھوں سعادت تک پہنچے اور شقی وبدبخت وہ ہے جو (ہماری عدم اطاعت ودشمنی) کی وجہ سے روسیاہ ہو۔ فقط ہم ہی ہیں جو خدا کے حلال کو حلال اور اس کے حرام کو حرام کرنے والے ہیں۔

(٨)

آسمانی سیب

حَدَّثَنِي الْقَاضِي الْمُعَافَى بْنِ زَكَرِيَّا[١] قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْعَزِيزِ الْبَغَوِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ[٢] قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْفُضَيْلِ عَنِ الْكَلْبِيِّ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كُنْتُ

٢٧/ ٢٨٤ ح ٨ عن المحتضر، و أخرجه في البحار: ١٧/ ١٣ ح ٢٥ و ج ٢٥/ ٣٣٩ ح ٢٠ عن كشف الغمّة.

[١] أبو الفرج ابن طرار المعافى بن زكريا بن يحيى- ولد سنة ٣٠٣ هـ في النهروان و توفى بها سنة ٣٩٠ هـ- ولى القضاء ببغداد، و يقال له« الجريرى» لانه كان على مذهب ابن جرير الطبريّ المتقدم ذكره. و هو من مشائخ أبو القاسم عليّ بن محمّد الخزاز القمّيّ الرازيّ صاحب كتاب« كفاية الاثر». ترجم في وفيات الأعيان: ٢/ ١٠٠، البداية و النهاية: ١١/ ٣٢٨، الكامل لابن الأثير: ٩/ ٥٧، فهرست ابن النديم: ٢٩٢ و الاعلام للزركلى: ٨/ ١٦٩.

[٢] في الأصل و المنقبة« ٣٥»: الجمال، و في المنقبة« ٦٤»: الجمانى بالجيم، و ما أثبتناه في المتن من المقتل و كتب الرجال، و هو يحيى بن عبد الحميد بن عبد الرحمان الحمانى الكوفيّ أبو زكريا، أول من صنف المسند في الكوفة، ترجم له في تذكرة الحفاظ: ٢/ ١٠، تهذيب التهذيب: ١١/ ٢٤٣، تقريب التهذيب: ٢/ ٣٥٢، تاريخ

Presented by Ziaraat.Com

جَالِساً بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ ص ذَاتَ يَوْمٍ وَ بَيْنَ يَدَيْهِ عَلِيٌّ وَ فَاطِمَةُ وَ الْحَسَنُ وَ الْحُسَيْنُ إِذْ هَبَطَ جَبْرَئِيلُ ع وَ مَعَهُ تُفَّاحَةٌ فَحَيَّا بِهَا النَّبِيَّ ص فَتَحَيَّا بِهَا النَّبِيُّ ص وَ حَيَّا بِهَا عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ فَتَحَيَّا بِهَا عَلِيٌّ وَ قَبَّلَهَا وَ رَدَّهَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ ص فَتَحَيَّا بِهَا رَسُولُ اللَّهِ ص وَ حَيَّا بِهَا الْحَسَنَ فَتَحَيَّا بِهَا الْحَسَنُ وَ قَبَّلَهَا وَ رَدَّهَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ ص فَتَحَيَّا بِهَا رَسُولُ اللَّهِ ص وَ حَيَّا بِهَا الْحُسَيْنَ فَتَحَيَّا بِهَا الْحُسَيْنُ وَ قَبَّلَهَا وَ رَدَّهَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ ص فَتَحَيَّا بِهَا وَ حَيَّا بِهَا فَاطِمَةَ فَتَحَيَّتْ بِهَا وَ قَبَّلَتْهَا وَ رَدَّتْهَا إِلَى النَّبِيِّ ص فَتَحَيَّا بِهَا الرَّابِعَةَ وَ حَيَّا بِهَا عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ فَتَحَيَّا بِهَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فَلَمَّا هَمَّ أَنْ يَرُدَّهَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ ص سَقَطَتِ التُّفَّاحَةُ مِنْ بَيْنِ أَنَامِلِهِ فَانْفَلَقَتْ نِصْفَيْنِ فَسَطَعَ مِنْهَا نُورٌ حَتَّى بَلَغَ [إِلَى] السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَإِذَا عَلَيْهَا سَطْرَانِ مَكْتُوبَانِ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمنِ الرَّحِيمِ تَحِيَّةٌ مِنَ اللَّهِ تَعَالَى إِلَى مُحَمَّدٍ الْمُصْطَفَى وَ عَلِيٍّ الْمُرْتَضَى وَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ وَ الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ سِبْطَيْ رَسُولِ اللَّهِ ص وَ امان لِمُحِبِّيهِمَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنَ النَّارِ[1].

ابن عباس کہتے ہیں کہ میں ایک دن رسول اللہ ﷺ کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا اور علی، فاطمہ، حسن اور حسین علیہم السلام بھی وہاں موجود تھے۔ اسی اثناء میں جبرائیل امینؑ اپنے ساتھ ایک عدد سیب لے کر رسول اللہ پر نازل ہوئے۔ جبرائیلؑ نے سیب رسول اللہ ﷺ کو دیا اور آپؐ نے وہ امیر المومنینؑ کو عنایت فرمایا، علیؑ نے اس سیب کا بوسہ لے کر رسول اللہ ﷺ کو لوٹا دیا۔ اس کے بعد رسول اللہ ﷺ نے وہ سیب امام حسنؑ کو دیا، آپ نے بھی اس کا بوسہ لیا اور رسول اللہ ﷺ کو واپس کر دیا۔ پھر آپ نے وہ سیب امام حسینؑ کو دیا، آپ نے بھی اس کا بوسہ لیا اور اس کے بعد رسول اللہ ﷺ کو لوٹا دیا۔ اس کے بعد رسول

بغداد: ۱۴/ ۱۶۷، الاعلام للزركلى: ۹/ ۱۸۸، معالم العلماء: ۱۳۰، توفّي سنة ۲۲۸ هـ. تقدم ذكره في المنقبة- ۱- و يأتي في المنقبة- ۹.

[1] عنه غاية المرام: ۶۵۹ ب ۱۱۱، و مدينة المعاجز: ۶۱ ملحق ح ۱۳۱. و رواه في مقتل الخوارزمي ۱/ ۹۵ بالاسناد عنه. و أخرجه في البحار ۴۳/ ۳۰۸ ح ۷۲ و العوالم ۱۶/ ۶۲ ح ۲ عن بعض كتب المناقب القديمة عن ابن شاذان. و رواه الصدوق في أماليه ص ۴۷۷ ح ۳ بإسناده الى ابن عبّاس عنه البحار ۳۷/ ۹۹ ح ۱ و مدينة المعاجز: ۲۱۶ ح ۵۹ و: ۲۵۰ ح ۸۰، و الجواهر السنية: ۲۳۳. و أخرجه في مقصد الراغب: ۱۱۴(مخطوط) عن كتاب أبي الحسن الفارسيّ بإسناده الى ابن عبّاس.

Presented by Ziaraat.Com

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ سیب جناب سیدہؑ کو مرحمت فرمایا، آپ نے بھی اس کا بوسہ لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو واپس لوٹا دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے دوبارہ امیر المومنینؑ کو عنایت فرمایا اور آپ اس کا بوسہ لے کر اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دینا چاہتے تھے کہ وہ سیب (امر الٰہی سے) امیر المومنینؑ کے ہاتھ سے چھوٹ کر گرا اور دو حصوں میں تقسیم ہو گیا؛ اس میں سے ایک نور ساطع ہوا جس کی شعاع آسمان تک گئی؛ اس نور پر دو سطور میں رقم تھا:

خدائے رحمن ورحیم کے نام سے؛ خدائے متعال کی جانب سے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، وعلی مرتضیٰؑ وفاطمہ الزہرا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نواسوں حسن وحسین (علیہم السلام) کے لیے تحفہ۔ یہ روز قیامت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے محبوں کے لیے آتش سے امان ہے۔

(۹)

شرط عبادت

حَدَّثَنِي نُوحُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَيْمَنَ رَحِمَهُ اللَّهُ قَالَ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي حُصَيْنٍ [قَالَ حَدَّثَنِي جَدِّي] [1] قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ قَالَ حَدَّثَنِي قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَ حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ الْأَعْمَشُ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ ع قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ قَالَ قَالَ [لِي] رَسُولُ اللَّهِ ص: يَا عَلِيُّ أَنْتَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ وَ إِمَامُ الْمُتَّقِينَ يَا عَلِيُّ أَنْتَ سَيِّدُ الْوَصِيِّينَ وَ وَارِثُ عِلْمِ النَّبِيِّينَ وَ خَيْرُ الصِّدِّيقِينَ وَ أَفْضَلُ السَّابِقِينَ يَا عَلِيُّ أَنْتَ زَوْجُ سَيِّدَةِ نِسَاءِ الْعَالَمِينَ وَ خَلِيفَةُ خَيْرِ الْمُرْسَلِينَ يَا عَلِيُّ أَنْتَ مَوْلَى الْمُؤْمِنِينَ (يَا عَلِيُّ أَنْتَ الْحُجَّةُ) بَعْدِي عَلَى النَّاسِ أَجْمَعِينَ اسْتَوْجَبَ الْجَنَّةَ مَنْ تَوَلَّاكَ وَ اسْتَحَقَّ النَّارَ مَنْ عَادَاكَ يَا عَلِيُّ وَ الَّذِي بَعَثَنِي بِالنُّبُوَّةِ وَ اصْطَفَانِي عَلَى جَمِيعِ الْبَرِيَّةِ لَوْ أَنَّ عَبْداً عَبَدَ اللَّهَ أَلْفَ عَامٍ مَا قَبِلَ اللَّهُ

[1] من اليقين و الكنز.

Presented by Ziaraat.Com

ذَلِكَ مِنْهُ إِلَّا بِوَلَايَتِكَ وَ وَلَايَةِ الْأَئِمَّةِ مِنْ وُلْدِكَ وَ إِنَّ وَلَايَتَكَ (لَا تُقْبَلُ) إِلَّا بِالْبَرَاءَةِ مِنْ أَعْدَائِكَ وَ أَعْدَاءِ الْأَئِمَّةِ مِنْ وُلْدِكَ بِذَلِكَ أَخْبَرَنِي جَبْرَئِيلُ ع فَمَنْ شَاءَ فَلْيُؤْمِنْ وَ مَنْ شَاءَ فَلْيَكْفُرْ[1].

امام صادقؑ اپنے اباء واجداد کے ذریعے سے امیر المومنینؑ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے علیؑ! تو مومنوں کا امیر اور متقین کا امام ہے۔ اے علیؑ! تو سید الوصیین، انبیاء کے علم کا وارث، بہترین صادق اور سبقت کرنے والوں میں سب سے افضل ہے۔ یا علیؑ! تم سیدہ نساء العالمینؑ کے شوہر، اور انبیاء میں سے سب سے بہتر نبی کے خلیفہ و جانشین ہو۔ اے علیؑ! تم مومنوں کے مولا ہو۔ اے علیؑ! تم میرے بعد تمام خلائق پر حجت (الہی) ہو، جو کوئی بھی تم سے محبت کرے اور تمہاری ولایت کو قبول کرے وہ جنت کا مستحق ہے اور جو کوئی بھی تم سے دشمنی رکھے وہ جہنم کا حقدار ہے۔ یا علیؑ! اس ذات کی قسم جس نے مجھے نبوت کے ساتھ مبعوث اور تمام خلق میں برگزیدہ فرمایا؛ اگر ایک شخص ہزار سال عبادت کرے اور اس کے بعد پھر ایک ہزار سال اور عبادت کرے، تو خدا اس سے یہ عبادت قبول نہیں فرمائے گا مگر یہ کہ وہ تیری اور تیری نسل سے آنے والے آئمہ کی ولایت رکھتا ہو۔ اور بے شک خدا تیری ولایت کو اس وقت تک قبول نہیں فرمائے گا جب تک تیرے اور تیری نسل سے آنے والے آئمہ کے دشمنوں سے اظہار برائت نہ ہو۔ یہ وہ بات ہے جس کی خبر مجھے (خدا کی جانب سے) جبرائیلؑ نے دی ہے۔ سو اب (سب آزاد ہیں) تو جو چاہے ایمان لے آئے اور جو چاہے کفر اختیار کرے۔

[1] عنه اليقين: ٥٦، و البحار ٢٧/ ١٩٩ ح ٦٦، و غاية المرام: ١٧ ح ٩، و: ٤٤ ح ٤٨ و اثبات الهداة ٤/ ١٦٨ ح ٥٠٧. و رواه عنه الكراجكيّ في الكنز: ١٨٥، عنه البحار ٢٧/ ٦٣ ح ٢٢، و المستدرك ١/ ٢٣ ح ٥٤ و اثبات الهداة ٣/ ٩٧ ح ٨١٦، و روضات الجنّات ٦/ ١٨٣. و الآيه؛ الكهف:٢٩).

Presented by Ziaraat.Com

(١٠)

اگرتم علیؑ کی اطاعت کرو۔۔۔!

حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ أَحْمَدَ رَحِمَهُ اللهُ قَالَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِي الزُّبَيْرِيُّ إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّزَّاقِ بْنُ هَمَّامٍ [١] عَنْ أَبِيهِ قَالَ حَدَّثَنَا مِينَا مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللهِ ص وَ قَدْ أَصْحَرَ فَتَنَفَّسَ الصُّعَدَاءَ [فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ مَا لَكَ تَتَنَفَّسُ] قَالَ يَا ابْنَ مَسْعُودٍ نُعِيتُ إِلَيَّ نَفْسِي قُلْتُ اسْتَخْلِفْ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ مَنْ؟ قُلْتُ أَبَا بَكْرٍ فَسَكَتَ ثُمَّ تَنَفَّسَ فَقُلْتُ (مَا لَكَ تَتَنَفَّسُ فَدَتْكَ نَفْسِي) يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ نُعِيتُ إِلَيَّ نَفْسِي قُلْتُ اسْتَخْلِفْ [يَا رَسُولَ اللهِ] قَالَ مَنْ؟ قُلْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَسَكَتَ ثُمَّ تَنَفَّسَ (ثَالِثاً فَقُلْتُ فِدَاكَ أَبِي وَ أُمِّي مَا لِي أَرَاكَ تَتَنَفَّسُ يَا رَسُولَ اللهِ) قَالَ نُعِيتُ إِلَيَّ نَفْسِي قُلْتُ اسْتَخْلِفْ [يَا رَسُولَ اللهِ] قَالَ مَنْ؟ قُلْتُ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ (فَبَكَى وَ قَالَ أَوَّهْ) وَ لَنْ تَفْعَلُوا (فَوَ اللهِ لَوْ أَطَعْتُمُوهُ) [٢] لَيُدْخِلَنَّكُمُ الْجَنَّةَ [وَ إِنْ خَالَفْتُمُوهُ لَيَحْبَطَنَّ أَعْمَالُكُمْ] [٣].

---

[١] هو الحافظ الكبير أبو بكر عبد الرزاق بن همام الصنعانى المولود سنة ١٢٦ و المتوفى سنة ٢١١. صاحب كتاب« المصنّف»، روى الحديث فيه بهذا السند في ج ١١/ ٣١٧ ح ٢٠٦٤٦. يأتي ذكره في المنقبة: ٢٥، ٢٦، ٨٠ و ٨٤.

[٢] في نسخة« ب» و المطبوع: و اللّه لئن فعلتموه، و في خ ل: فو اللّه لو فعلتموه و في المناقب: إذا أبدا و اللّه لئن فعلتموه.

[٣] عنه غاية المرام: ٦٩ ح ١٤. و رواه الخوارزمي في المناقب ص ٦٤ بإسناده الى ابن شاذان، و رواه الحمويني في فرائد السمطين ١/ ٢٦٧ ح ٢٠٩ بإسناده الى الخوارزمي، و في ص ٢٧٣ ح ٢١٢ بإسناده الى عبد الرزاق بن همام. و رواه الطوسيّ في أماليه ١/ ٣١٣ عنه البحار ٣٨/ ١١٧ ح ٥٧،

Presented by Ziaraat.Com

عبد اللہ ابن مسعود کہتے ہیں: (میں ایام علالت میں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پہنچا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تازہ غش سے آفاقہ ہوا تھا، آپ نے درد کی شدت سے ایک لمبی سانس کھینچی۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کو کیا ہو گیا ہے؟ فرمایا: اے ابن مسعود! مجھے میری وفات کی خبر سنا دی گئی ہے۔ میں نے کہا: اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے لیے کسی جانشین کو مقرر فرمایئے! فرمایا: کسے مقرر کروں؟ میں نے کہا: ابو بکر کو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاموش ہو گئے اور کچھ دیر بعد درد کی شدت کی وجہ سے دوبارہ ایک آہ بھری۔ میں نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں آپ پر قربان! آپ کو کیا ہوا؟ فرمایا: میرا دل موت کی خبر دے رہا ہے۔ میں نے عرض کی: کسی کو اپنا خلیفہ مقرر فرما دیجیے! فرمایا: کسے مقرر کروں؟ میں نے کہا: عمر بن خطاب کو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پھر خاموش ہو گئے اور اس کے بعد تیسری مرتبہ ایک غمناک آہ بھری۔ میں نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ آپ کو کیا ہو گیا ہے؟ فرمایا: مجھے موت کی خبر سنا دی گئی ہے۔ میں نے کہا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی کو اپنا وصی بنا دیجیے! فرمایا: کسے بناؤں؟ میں نے کہا: علی بن ابی طالب علیہ السلام کو۔ رسول

و أخرجه في ص ١٢٨ ح ٧٩ من البحار عن أمالي المفيد ص ٣٥ ح ٢ و عن مناقب ابن شهر اشوب ٢/ ٢٦٢. و رواه في بشارة المصطفى: ٢٥١، و منتجب الدين في ح ٧ من أربعينه(مخطوط) و ابن عساكر في ترجمة الإمام أمير المؤمنين عليه السلام من تاريخ دمشق: ٣/ ٧٢ ح ١١١٥ بإسناده الى إسحاق بن إبراهيم. و أورده شاذان بن جبريل في الفضائل: ٩٣ ح ١٥، و صاحب كتاب الروضة في الفضائل ص ١١٩ ح ٦، و ابن حسنويه في المناقب:٣(مخطوط)، و المحقق الكركى في نفحات اللاهوت: ١١٤، و الامر تسرى في أرجح المطالب: ١٦٢، و مقصد الراغب: ٢٩(مخطوط)، و أبو حفص الملا في وسيلة المتعبدين(على ما في مناهج الفاضلين) للعلامة محمّد بن محمّد بن إسحاق الحموينى الخراسانيّ ص ١٧٩(مخطوط) و العينى الحيدر آبادي في مناقب سيدنا على ص ١٧. و أخرجه الهيثمى في مجمع الزوائد ٥/ ١٨٥، و الدهلوى في قرة العينين في الشيخين ص ٢٣٣، و السيوطي في اللئالى المصنوعة ١/ ٣٢٥ جميعا عن الطبراني. و أخرجه ابن كثير في تفسيره(المطبوع بهامش فتح البيان ٩/ ٢٠٠) عن دلائل النبو لابى نعيم بإسناده الى أحمد بن حنبل عن عبد الرزاق بن همام. و أخرجه بدر الدين الشبلى الحنفيّ في آكام المرجان ص ٥٢ عن أبي نعيم.

Presented by Ziaraat.Com

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گریہ کرتے ہوئے فرمانے لگے: آہ! تم (لوگ) اسے کبھی قبول نہیں کروگے۔[1] خدا کی قسم! اگر تم علیؑ کی اطاعت کرو تو وہ یقینا تمہیں بہشت تک لے جائے گا اور اگر تم اس کی مخالفت کروگے تو تمہارے اعمال حبط ہو جائینگے۔

(۱۱)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جانشین کہاں ہے۔۔۔؟!!

أَخْبَرَنَا سَهْلُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْكُوفِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْغَزْنَوِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ السَّرَّاجِ قَالَ حَدَّثَنِي قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ أَبُو الرَّجَاءِ[2] عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ص (لِعَلِيٍّ: يَا عَلِيُّ) إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ يُؤْتَى بِكَ عَلَى نَجِيبٍ مِنْ نُورٍ وَ عَلَى رَأْسِكَ تَاجٌ يُضِيءُ يَكَادُ نُورُهُ يَخْطَفُ أَبْصَارَ أَهْلِ الْحَشْرِ فَيَأْتِي النِّدَاءُ مِنْ عِنْدِ اللهِ جَلَّ جَلَالُهُ أَيْنَ خَلِيفَةُ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللهِ ص فَتَقُولُ يَا عَلِيُّ هَا أَنَا فَيُنَادِي الْمُنَادِي مَنْ أَحَبَّكَ أَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ وَ مَنْ عَادَاكَ أَدْخَلَهُ النَّارَ فَأَنْتَ الْقَسِيمُ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَ النَّارِ بِأَمْرِ الْمَلِكِ الْجَبَّارِ[3].

---

[1] رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خطاب فقط ابن مسعود سے نہیں تھا بلکہ آپ تو (ایاک اعنی واسمعی یاجارہ۔ یعنی میں کہہ تجھے رہا ہوں لیکن منظور یہ ہے کہ پڑوسن سن لے) کے عنوان سے تمام مسلمانوں سے خطاب فرمارہے تھے۔

[2] هو أبو رجاء قتيبة بن سعيد بن جميل البغلاني، ولد في بغلان من قرى بلخ سنة ١٥٠ و سكن العراق و توفّي سنة ٢٤٠ هـ، روى عنه البخارى« ٣٠٨» أحاديث و مسلم« ٦٦٨» حديثا.تجد ترجمته في تهذيب التهذيب ٨/ ٣٥٨، و تاريخ بغداد ١٢/ ٤٦٤.

آگاہ ہو جاؤ! کہ جو بھی علیؑ سے محبت کرے گا خدا اس پر اپنے عرش کے سائے کا سایہ کرے گا اور اسے صدیقین، شہداء اور صالحین کی معیت سے نوازے گا، اور اسے سب سے بڑے خوف (یعنی وحشت محشر) اور روز قیامت کے ڈر سے امان عنایت فرمائے گا۔ آگاہ ہو جاؤ جو بھی علیؑ سے محبت کرے گا خدا اس کی نیکیاں قبول فرمائے گا، اس کے گناہوں سے در گزر فرمائے گا، اور وہ جنت میں جناب حمزہؑ سید شہداء کا ساتھی ہو گا۔ آگاہ ہو جاؤ! جو علیؑ سے محبت کرے گا خدا اس کے دل میں حکمت کو مستقر فرمائے گا اور اسے اس کی زبان سے جاری فرمائے گا نیز اس کے لیے ابواب رحمت کھول دے گا۔ آگاہ ہو جاؤ! جو بھی علیؑ سے محبت کرے گا وہ زمین میں خدا کے خاندان کے نام سے پکارا جائے گا[۱] اور خدا اس کے ذریعے ملائکہ اور حاملان عرش پر فخر و مباہات کرے گا۔

آگاہ ہو جاؤ! جو کوئی بھی علیؑ سے محبت کرے گا اسے ایک فرشتہ عرش کے نیچے سے آواز دے گا: اے خدا کے بندے! اپنے اعمال کو از سر نو شروع کر کہ خدا نے تیرے تمام گناہ بخش دیے۔ آگاہ ہو جاؤ! جو علیؑ سے محبت کرے گا وہ روز قیامت اس صورت میں آئے گا کہ اس کا چہرہ چودھویں کے چاند کی طرح روشن ہو گا۔ آگاہ ہو جاؤ! کہ جو علیؑ سے محبت کرے گا خدا (روز قیامت) اس کے سر پر کرامت کا تاج اور اس کے تن پر حلہ عزت پہنائے گا۔ آگاہ ہو جاؤ! جو بھی علیؑ سے محبت کرے گا وہ پل صراط سے بجلی کی سی تیزی سے گزر جائے گا اور اسے وہاں کوئی صعوبت نہیں اٹھانی پڑے گی۔

آگاہ ہو جاؤ! جو کوئی بھی علیؑ سے محبت کرے گا خدا اس کے لیے جہنم اور نفاق سے برائت کا نامہ لکھ دے گا، اور اسے پل صراط پر سے گزرنے کے لیے گزر نامہ اور عذاب سے امان عنایت فرمائے گا۔ آگاہ ہو جاؤ! کہ

---

[۱] یعنی جس طرح انسان کو اس کا خاندان عزیز ہوتا ہے، خدا کو ایسے ہی امیر المومنینؑ کے محب عزیز ہیں. نہ یہ کہ نعوذ باللہ اس کا کوئی ایسا ہی خاندانی سلسلہ ہے جیسے انسانوں میں پایا جاتا ہے.

Presented by Ziaraat.Com

جو کوئی بھی علیؑ کی محبت رکھتا ہوگا نہ اس کے لیے نامہ اعمال کھولا جائے گا اور نہ میزان لگائی جائے گی، بلکہ اس سے تو کہا جائے گا: بنا حساب کتاب کے جنت میں داخل ہو جا۔ آگاہ ہو جاؤ! کہ جو بھی علیؑ سے محبت کرے گا اسے حساب کتاب، میزان اور صراط سے امان عنایت کی جائے گی۔ آگاہ ہو جاؤ! کہ جو بھی آل محمد ﷺ کی محبت پر مرا فرشتے اس سے مصافحہ کریں گے، اور انبیاء کی ارواح اس سے ملنے آئیں گی، اور خدا اس کی وہ تمام حاجات قبول فرمائے گا جو وہ بارگاہ خدا میں رکھتا ہوگا۔

آگاہ ہو جاؤ! کہ جو بھی آل محمد ﷺ کے بغض پر مرا، کافر مرا۔ آگاہ ہو جاؤ! جو آل محمد ﷺ کی محبت پر مرا وہ ایمان پر مرا اور میں اس کی جنت کا ضامن ہوں۔ آگاہ ہو جاؤ! کہ جو بھی آل محمد ﷺ کے بغض پر مرا وہ روز قیامت اس حالت میں لایا جائے گا کہ اس کے ماتھے پر لکھا ہوگا: یہ شخص خدا کی رحمت سے مایوس ہے!۔ آگاہ ہو جاؤ! جو بھی آل محمد ﷺ کے بغض پر مرا وہ جنت کی بو تک نہ سونگھ پائے گا۔ آگاہ ہو جاؤ! جو کوئی بھی آل محمد ﷺ کے بغض پر مرا وہ قبر سے اس حال میں نکالا جائے گا کہ اس کا چہرہ سیاہ ہوگا۔[1]

---

[1] ہو سکتا ہے کہ مندرجہ بالا حدیث کے مضمون میں سنائے گئے مژدے دیکھ کر بعض افراد افراط و تفریط کا شکار ہو جائیں۔ کچھ کو ایسا لگنے لگے کہ یہ جو کچھ بھی بیان ہوا رہا ہے مبالغہ آرائی کے سوا کچھ نہیں، اور کچھ ایسے کہ جن کا دامن بالکل ہی عمل سے خالی ہو اس حدیث کو اپنی شان میں سمجھنے لگیں۔ تو ہم اس کے جواب میں کہیں گے کہ اس حدیث میں کوئی مبالغہ نہیں ہے، محبت اہلبیت ہے ہی ایسی شہ کے جس کے پاس یہ ہو اس کے پاس سب کچھ ہے. لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس محبت کے کچھ تقاضے اور شرائط بھی ہیں یا جو کوئی بھی اس محبت کا دعویدار ہو اسے درجہ بالا مقامات سے نواز دیا جائے گا، تو جواب یہی ہے کہ اوپر بیان ہونے والے مقامات خود اس بات کے بیانگر ہیں کہ یہاں اکثر جملوں میں عام اور فقط زبانی دعوے سے متعلق محبت کی بات نہیں ہو رہی، بلکہ یہاں تو وہ محبت زیر بحث ہے جو اپنی تمام شرائط و تقاضوں کے ساتھ جلوہ نما ہو، اور پھر جس کے پاس یہ محبت ہو نیز جو امیر المومنینؑ کا عملی میدان میں حقیقی پیرو ہو وہ ان تمام مقامات کا سزاوار ہے، جیسے سلمان، ابوذر، مقداد و عمار وغیرہ۔۔۔

Presented by Ziaraat.Com

(۳۸)

ساکنانِ فردوس!

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ النَّيْشَابُورِيُّ مِنْ كِتَابِهِ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْآجُرِّيُ[1] قَالَ حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ العزي قَالَ حَدَّثَنِي قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنِي جَرِيرٌ عَنْ مُغِيرَةَ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ أَبِي سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ص: عَلِيٌّ ع مِنِّي (بِمَنْزِلَةِ دَمِي) مِنْ بَدَنِي مَنْ تَوَلَّاهُ رَشَدَ وَمَنْ أَحَبَّهُ نَهَجَ وَمَنْ تَبِعَهُ نَجَا (أَلَا وَإِنَّ عَلِيّاً) رَابِعُ الْأَرْبَعَةِ فِي الْفِرْدَوْسِ أَنَا وَهُوَ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ[2].

ابن عباس کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علیؑ کی میرے لیے وہی منزلت ہے جو میرے خون کی میرے بدن سے ہے، جو بھی اس کی ولایت قبول کرے گا ہدایت پائے گا، جو اس سے محبت کرے گا وہ صحیح راہ پر گامزن ہو گا، اور جو اس کی اتباع کرے گا وہ نجات پائے گا۔ آگاہ ہو جاؤ! کہ علیؑ جنت کے چار ساکنین میں سے ہے؛ (اور وہ چار یہ ہیں) میں علیؑ، حسنؑ و حسینؑ۔

---

[1] روى المصنّف(رحمه الله) عنهما ثلاث روايات اخرى نقلها السيّد ابن طاووس في جمال الأسبوع: ۱۳۸، ۱۴۲ و ۱۴۵. و فيه« الحسن الاجرى بمكّة».

[2] عنه غاية المرام: ۲۰۷ ح ۱۱.

Presented by Ziaraat.Com

(۳۹)

نور کے ہاتھ میں ہاتھ۔۔۔!

حَدَّثَنِي الشَّرِيفُ الْحَسَنُ بْنُ حَمْزَةَ الْعَلَوِيُّ رَحِمَهُ اللَّهُ قَالَ حَدَّثَنِي (عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى)[1] عَنِ الزُّهْرِيِ[2] عَنْ عُرْوَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ص: مَنْ صَافَحَ عَلِيّاً ع فَكَأَنَّمَا صَافَحَنِي وَ مَنْ صَافَحَنِي فَكَأَنَّمَا صَافَحَ أَرْكَانَ الْعَرْشِ وَ مَنْ عَانَقَهُ فَكَأَنَّمَا عَانَقَنِي وَ مَنْ عَانَقَنِي فَكَأَنَّمَا عَانَقَ الْأَنْبِيَاءَ كُلَّهُمْ وَ مَنْ صَافَحَ مُحِبّاً لِعَلِيٍّ غَفَرَ اللَّهُ لَهُ الذُّنُوبَ وَ أَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ[3].

ابن عباس کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے بھی علیؑ سے مصافحہ کیا اس نے مجھ سے مصافحہ کیا، اور جس نے مجھ سے مصافحہ کیا اس نے ارکان عرش سے مصافحہ کیا، جو علیؑ سے گلے ملا وہ مجھ سے گلے ملا اور جو مجھ سے گلے ملا پس بلاشک وہ تمام انبیاء سے گلے ملا۔ جو کوئی علیؑ کے کسی محب سے مصافحہ کرے تو خدا اس کے تمام گناہ معاف فرما دیتا ہے اور اسے بنا حساب جنت میں داخل کرے گا۔

---

[1] في مناقب الخوارزمي: علی.

[2] في السند سقط، اذ ان ابن شاذان يروى عن الزهری بخمس و سائط كما في المنقبة(۸۰) و(۸٤).

[3] عنه البحار: ٢٧/ ١١٥ ح ٩٠.و رواه الخوارزمي في المناقب: ٢٢٦ بإسناده الى ابن شاذان، عنه مصباح الأنوار:١٢٢(مخطوط)، و غاية المرام: ٥٨٣ ح ٤٧.

Presented by Ziaraat.Com

(۴۰)

علیؑ کے لیے خدائے عزیز و حکیم کی جانب سے تحفہ

حَدَّثَنِي الشَّيْخُ الصَّالِحُ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْقَطِيعِيُّ رَحِمَهُ اللَّهُ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْهَاشِمِيُّ الْمَنْصُورِيُّ[1] قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو مُوسَى عِيسَى بْنُ أَحْمَدَ قَالَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُوسَى الرِّضَا عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيهِ ع قَالَ حَدَّثَنِي قَنْبَرٌ مَوْلَى عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ص قَالَ: كُنْتُ مَعَ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ ص عَلَى شَاطِئِ الْفُرَاتِ فَنَزَعَ قَمِيصَهُ وَ دَخَلَ الْمَاءَ فَجَاءَتْ مَوْجَةٌ فَأَخَذَتِ الْقَمِيصَ فَخَرَجَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ ص فَلَمْ يَجِدِ الْقَمِيصَ فَاغْتَمَّ لِذَلِكَ [غَمّاً شَدِيداً] فَإِذَا بِهَاتِفٍ يَهْتِفُ يَا أَبَا الْحَسَنِ انْظُرْ عَنْ يَمِينِكَ وَ خُذْ مَا تَرَى فَإِذَا إِزَارٌ[2] عَنْ يَمِينِهِ وَ فِيهِ قَمِيصٌ مَطْوِيٌّ فَأَخَذَهُ لِيَلْبَسَهُ فَسَقَطَتْ مِنْ جَيْبِهِ رُقْعَةٌ فِيهَا مَكْتُوبٌ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمنِ الرَّحِيمِ هَدِيَّةٌ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ إِلَى عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ هَذَا قَمِيصُ هَارُونَ بْنِ عِمْرَانَ ع كَذلِكَ وَ أَوْرَثْناها قَوْماً آخَرِينَ[3][1].

---

[1] هو محمّد بن أحمد بن عبيد اللّه بن أحمد بن عيسى بن المنصور الدوانيقي الهاشمي العباسيّ. روى عن عم أبيه عيسى بن أحمد بن عيسى بن المنصور، عن أبي محمّد صاحب العسكر عليه السلام معجزات و دلائل، ترجم له في رجال الطوسيّ: ۴۲۲ رقم ۱۴: ۵۰۰ رقم ۵۹، و رجال السيّد الخوئي: ۱۵/ ۱۴. و ترجم لعم أبيه في رجال الطوسيّ: ۴۱۷ رقم: ۲، رجال النجاشيّ: ۲۲۸، جامع الرواة: ۱/ ۶۴۹ و رجال السيّد الخوئي: ۱۳/ ۱۹۶.

[2] في نسخة« ب» و البحار و الخصائص: منديل، و في المناقب: ميزر.

[3] الدخان: ۲۸.

Presented by Ziaraat.Com

امام علی نقیؑ اپنے آباؤاجداد کے توسط سے امام حسینؑ سے نقل کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: امیر المومنینؑ کے غلام قنبرؓ کہتے ہیں: میں ایک دن امیر المومنینؑ کے ساتھ ساحل فرات پر کھڑا تھا، جناب امیر نے اپنا پیراہن اتارا اور پانی میں اتر گئے؛ اس اثناء میں پانی کی ایک موج آئی اور آپؑ کی قمیض کو اپنے ساتھ بہا لے گئی، جب امیر المومنینؑ دریا سے باہر آئے اور وہاں اپنی قمیض کو نہ پایا تو بہت فکر مند ہوئے۔ ناگہاں ہاتف غیبی نے صدا دی: اے ابوالحسنؑ! اپنی دائیں جانب دیکھو اور جو ملے اسے اٹھا لو۔

پس آپ داہنی جانب متوجہ ہوئے تو ایک پچھی میں سلا ہوا کرتا رکھا تھا، آپ نے وہ لباس اٹھا کر پہن لیا، اس کی جیب سے ایک رقعہ نکل کر گرا جس پر لکھا تھا: شروع اللہ کے نام سے جو رحمن ورحیم ہے۔ یہ خدائے عزیز و حکیم کی جانب سے علی بن ابی طالبؑ کے لیے تحفہ ہے۔ یہ ہارون بن عمران کی قمیض ہے؛ اور ہم نے اس طرح دوسری قوموں کو وراثت (منتقل) کی۔

(۴۱)

علیؑ باب اللہ

[1] عنه غاية المرام: ٦٦٠ ح ١١٩.أورده في الخرائج و الجرائح: ٢٨٨ ح ٦٠(مخطوط) بالاسناد الى أبي جعفر الطوسيّ-- عن قنبر عنه البحار: ٣٩/ ١٢٦ ح ١٣، و اثبات الهداة: ٤/ ٥٥١ ح ٢٠١.و أورده ابن شهر اشوب: ٢/ ٦٩، عنه مدينة المعاجز: ١٦ ح ١٤. و في ص ٩٦ ح ٢٤٨ عن خصائص الرضى: ٢٥ و عن المناقب و عن أمالي الطوسيّ.

Presented by Ziaraat.Com

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَحْمَدَ[١] رَحِمَهُ اللَّهُ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ[٢] قَالَ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَاشِمٍ[٣] قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ قَالَ حَدَّثَنِي زِيَادُ بْنُ مُنْذِرٍ قَالَ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ طَرِيفٍ عَنِ الْأَصْبَغِ بْنِ نُبَاتَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ ص يَقُولُ: مَعَاشِرَ النَّاسِ اعْلَمُوا أَنَّ (اللَّهَ تَعَالَى جَعَلَ لَكُمْ) بَاباً مَنْ دَخَلَهُ أَمِنَ مِنَ النَّارِ وَ مِنَ الْفَزَعِ الْأَكْبَرِ فَقَامَ إِلَيْهِ أَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ اهْدِنَا إِلَى هَذَا الْبَابِ حَتَّى نَعْرِفَهُ قَالَ هُوَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ سَيِّدُ الْوَصِيِّينَ وَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ وَ أَخُو رَسُولِ رَبِّ الْعَالَمِينَ وَ خَلِيفَةُ اللَّهِ عَلَى النَّاسِ أَجْمَعِينَ مَعَاشِرَ النَّاسِ مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَتَمَسَّكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَى الَّتِي لَا انْفِصَامَ لَهَا فَلْيَتَمَسَّكْ بِوَلَايَةِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ع فَإِنَّ وَلَايَتَهُ وَلَايَتِي وَ طَاعَتَهُ طَاعَتِي مَعَاشِرَ النَّاسِ مَنْ أَحَبَّ أَنْ يَعْرِفَ الْحُجَّةَ بَعْدِي فَلْيَعْرِفْ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ ع [مَعَاشِرَ النَّاسِ (مَنْ أَرَادَ أَنْ يَتَوَلَّى اللَّهَ وَ رَسُولَهُ) فَلْيَقْتَدِ بِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ بَعْدِي] وَ الْأَئِمَّةِ مِنْ ذُرِّيَّتِي فَإِنَّهُمْ خُزَّانُ عِلْمِي فَقَامَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْأَنْصَارِيُّ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَ مَا عِدَّةُ الْأَئِمَّةِ فَقَالَ يَا جَابِرُ سَأَلْتَنِي رَحِمَكَ اللَّهُ عَنِ الْإِسْلَامِ بِأَجْمَعِهِ عِدَّتُهُمْ عِدَّةُ الشُّهُورِ وَ هِيَ عِنْدَ اللَّهِ اثْنَا عَشَرَ شَهْراً فِي كِتَابِ اللَّهِ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَ الْأَرْضَ[٤] وَ عِدَّتُهُمْ عِدَّةُ الْعُيُونِ الَّتِي انْفَجَرَتْ لِمُوسَى

---

[١] ابن الوليد شيخ القميين و فقيههم و متقدمهم و وجههم، جليل القدر، عارف بالرجال قال عنه النجاشيّ:« ثقة ثقة» مات سنة ٣٤٣ هـ.ترجم له في رجال النجاشيّ: ٢٩٧، رجال ابن داود: ٣٠٤ و ص ٣٠٨، رجال الطوسيّ: ٤٩٥ رقم ٢٣، فهرست الطوسيّ: ١٥٦ رقم ٦٩٤، رجال العلّامة الحلّيّ: ١٤٧ رقم ٤٣، أعلام القرن الرابع: ٢٥٩، و رجال السيّد الخوئي: ١٥/ ٢٣٠.و في اليقين: ٦٠: محمّد بن الحسين بن أحمد بن جعفر.و في ص ١٣٢: محمّد بن الحسين بن أحمد، عن محمّد بن جعفر.و كلا القولين ضعيف. راجع رجال السيّد الخوئي: ١٥/ ١٦٧- ١٩٧.

[٢] كذا في الأصل و اليقين. و الصحيح عندي: محمّد بن الحسن أي الصفار. لانه روى عن إبراهيم بن هاشم، و روى عنه ابن الوليد. راجع رجال السيّد الخوئي: ١٥/ ٢٨٦- ٢٨٧.

[٣] في اليقين: ٦٠ و البحار: هشام. و هو تصحيف. صوابه ما في المتن.

[٤] إشارة الى سورة التوبة: ٣٦.

Presented by Ziaraat.Com

بْنِ عِمْرَانَ ع حِينَ ضَرَبَ بِعَصَاهُ [الْحَجَرَ] فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْناً[۱] وَ عِدَّتُهُمْ عِدَّةُ نُقَبَاءِ بَنِي إِسْرَائِيلَ [قَالَ اللَّهُ تَعَالَى] وَ بَعَثْنا مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيباً[۲] فَالْأَئِمَّةُ يَا جَابِرُ اثْنَا عَشَرَ [إِمَاماً] أَوَّلُهُمْ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ ع وَ آخِرُهُمُ الْقَائِمُ الْمَهْدِيُّ صَلَوَاتُ اللَّهِ عَلَيْهِمْ[۳].

ابن عباس کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! جان لو کہ خدا نے تمہارے لیے ایک در قرار دیا ہے، جو بھی اس میں داخل ہو گا وہ جہنم اور سب سے بڑے ڈر (یعنی قیامت) سے امان میں ہے۔ اس وقت ابو سعید خدری کھڑے ہوئے اور بولے: یا رسول اللہ ﷺ! ہماری اس باب کی جانب ہدایت کیجیے تاکہ ہم بھی اسے جان جائیں!

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ علی ابن ابی طالبؑ ہے؛ جو سید الوصیین، امیر المومنین، رب العالمین کے رسول کا بھائی، اور تمام انسانوں پر اللہ کا خلیفہ ہے۔ اے لوگو! جو کوئی بھی پسند کرتا ہے کہ عروۃ الوثقیٰ (اللہ کی رسی) جس میں کوئی کمزوری نہیں سے متمسک ہو جائے پس اس چاہیے کہ علی ابن ابی طالبؑ کی ولایت سے متمسک ہو۔ کیونکہ بتحقیق اس کی ولایت میری ولایت اور اس کی اطاعت میری اطاعت ہے۔

اے لوگو! اگر تم میرے بعد آنے والی (خدا کی) حجت کو جاننا پسند کرتے ہو تو پھر علی بن ابی طالبؑ کو جان لو۔ اے لوگو! جو کوئی بھی یہ چاہتا ہے کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی پیروی کرے اس کے لیے لازم ہے کہ میرے بعد علیؑ اور ان کی اولاد سے ہونے والے آئمہ جو میری ذریت سے ہونگے، کی پیروی کرے کہ وہ میرے علم کے خزانہ دار ہیں۔

---

[۱] إشارة الى سورة البقرة: ٦٠.

[۲] المائدة: ١٢.

[۳] عنه اليقين: ٦٠ و غاية المرام: ١٨ ح ١٥ و ص ٤٥ ح ٥٥، و ص ١٦٦ ح ٥٧ و ص ١٩٩ ح ٥٦ و ص ٥١٢ ح ١٨.-.- و رواه الكراجكيّ في الاستنصار: ٢٠ و ٢١ عن ابن شاذان، عنه اليقين: ١٣٢.و أخرجه في البحار: ٣٦/ ٢٦٣ ح ٨٤ عن اليقين بالطريقين.

Presented by Ziaraat.Com

پس جابر بن عبداللہ انصاریؓ کھڑے ہوئے اور کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! ان آئمہ کی تعداد کتنی ہوگی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے جابر خدا تم پر رحمت نازل کرے! کہ تم نے مجھ سے تمام کے تمام اسلام کے بارے میں سوال کیا ہے۔ ان کی تعداد مہینوں کی تعداد کے برابر ہے جیسا کہ قرآن میں آیا ہے خدا کے یہاں بارہ ماہ ہیں اس دن سے جب سے خدا نے آسمانوں اور زمین کو خلق کیا۔ اماموں کی تعداد اتنی ہی ہے جتنی تعداد میں موسیٰ بن عمرانؑ کے لیے پتھر پر عصا مارنے سے چشمے جاری ہوئے تھے؛ اور اس پتھر سے بارہ چشمے جاری ہوئے۔ ان کی تعداد نقبائے بنی اسرائیل کے برابر ہوگی جیسا کہ خدا فرماتا ہے: اور ہم نے بنی اسرائیل سے میثاق لیا اور ان میں بارہ نقیبوں کو مبعوث کیا۔ پس اے جابر! امام بارہ ہونگے، جن کا پہلا علیؑ اور آخری قائم المہدی (صلوات اللہ علیہم) ہے۔

(۴۲)

علیؑ کا وضو

حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ مُوسَى[1] رَحِمَهُ اللهُ قَالَ حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنِي فُرَاتُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ[2] قَالَ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ مُوسَى قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو حَامِدٍ أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ

[1] هو ابن بابويه القمّيّ المعروف بالشيخ الصدوق: دعا الحجة عليه السلام لابيه أن يولد له مولود محدث فقيه فولد شيخنا الصدوق. ضع يدك على أي من كتب الرجال و التراجم تجد ترجمته كافية شافية.

[2] في الأصل: أزهر. و الظاهر أنّه تصحيف. اذ أن الشيخ الصدوق رحمه اللّه روى عن الحسن بن محمّد بن سعيد الهمدانيّ، عن فرات بن إبراهيم الكوفيّ- صاحب التفسير المعروف باسمه- حوالى خمسة عشرة رواية تقريبا، منها على سبيل المثال في معاني الأخبار: ٣٦ ح ٨ و ص ٥٦ ح ٥. فضائل الأشهر الثلاثة: ١٢٤ ح ١٣٢،

Presented by Ziaraat.Com

بْنُ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنِي سُوَيْدٌ قَالَ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ رَبِيعٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: صَلَّى بِنَا رَسُولُ اللَّهِ ص صَلَاةَ الْعَصْرِ ثُمَّ قَامَ عَلَى قَدَمَيْهِ فَقَالَ مَنْ يُحِبُّنِي وَ يُحِبُّ أَهْلَ بَيْتِي فَلْيَتَّبِعْنِي فَاتَّبَعْنَاهُ بِأَجْمَعِنَا حَتَّى أَتَى مَنْزِلَ فَاطِمَةَ ع فَقَرَعَ الْبَابَ قَرْعاً خَفِيفاً فَخَرَجَ إِلَيْهِ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ ع وَ عَلَيْهِ شَمْلَةٌ وَ يَدُهُ مُلَطَّخَةٌ بِالطِّينِ فَقَالَ [لَهُ يَا أَبَا الْحَسَنِ] حَدِّثِ النَّاسَ بِمَا رَأَيْتَ أَمْسِ فَقَالَ [عَلِيٌّ ع] نَعَمْ (فِدَاكَ أَبِي وَ أُمِّي يَا رَسُولَ اللَّهِ بَيْنَمَا) أَنَا فِي وَقْتِ صَلَاةِ الظُّهْرِ أَرَدْتُ الطُّهُورَ فَلَمْ يَكُنْ عِنْدِي الْمَاءُ فَوَجَّهْتُ (وَلَدَيَّ الْحَسَنَ وَ الْحُسَيْنَ)[1] فِي طَلَبِ الْمَاءِ فَأَبْطَيَا عَلَيَّ فَإِذَا أَنَا بِهَاتِفٍ [يَهْتِفُ] يَا أَبَا الْحَسَنِ أَقْبِلْ عَلَى يَمِينِكَ فَالْتَفَتُّ فَإِذَا [أَنَا] بِقَدَسٍ[2] مِنْ ذَهَبٍ مُعَلَّقٍ فِيهِ مَاءٌ أَشَدُّ بَيَاضاً مِنَ الثَّلْجِ[3] وَ أَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ فَوَجَدْتُ فِيهِ رَائِحَةَ الْوَرْدِ فَتَوَضَّأْتُ مِنْهُ وَ شَرِبْتُ جُرَعَاتٍ ثُمَّ قَطَرْتُ عَلَى رَأْسِي قَطْرَةً وَجَدْتُ بَرْدَهَا عَلَى فُؤَادِي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ ص هَلْ تَدْرِي مِنْ أَيْنَ ذَلِكَ الْقَدَسُ قَالَ اللَّهُ تَعَالَى وَ رَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ الْقَدَسُ مِنْ أَقْدَاسِ الْجَنَّةِ وَ الْمَاءُ مِنْ تَحْتِ شَجَرَةِ طُوبَى أَوْ قَالَ مِنْ نَهَرِ الْكَوْثَرِ وَ أَمَّا الْقَطْرَةُ فَمِنْ تَحْتِ الْعَرْشِ ثُمَّ ضَمَّهُ [رَسُولُ اللَّهِ ص] إِلَى صَدْرِهِ وَ قَبَّلَ [مَا] بَيْنَ عَيْنَيْهِ ثُمَّ قَالَ حَبِيبِي مَنْ كَانَ خَادِمُهُ بِالْأَمْسِ جَبْرَئِيلَ ع [فَمَحَلُّهُ وَ قَدْرُهُ عِنْدَ اللَّهِ عَظِيمٌ][4].

ابن عباس کہتے ہیں: ایک دن ہم نے نماز عصر رسول اللہ ﷺ کے ساتھ پڑھی، نماز سے فارغ ہو کر رسول اللہؐ کھڑے ہوئے اور فرمایا: جو کوئی بھی مجھ سے اور میرے اہلبیتؑ سے محبت کرتا ہے وہ میرے پیچھے پیچھے آئے۔ پس ہم سب رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہو لیے یہاں تک کہ فاطمہ زہراؑ کا گھر آ گیا۔ رسول

عيون الأخبار: ١/ ٢٦٢ ح ٢٢، الخصال:٤١٨ ح ١١ و غيرها. كما و روى فرات الكوفيّ عن أحمد بن موسى في تفسيره كثيرا منها في ص ٢، ٤، ١٠٣ و غيرها.

[1] في نسخة« ب»: ولداى، و في المدينة و غاية المرام: الحسن و الحسين.

[2] في المطبوع: يا أبا الحسن التفت فإذا أنا بقدح، و كذا في باقى المواضع. و القدس- بالفتح-: السطل بلغة أهل الحجاز لانه يتقدس منه: أى يتطهر فيه.

[3] في المطبوع: اللبن.

[4] عنه غاية المرام: ٦٣٨ ح ٤، و مدينة المعاجز: ٩٦ ح ٢٤٥.

Presented by Ziaraat.Com

اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آہستہ سے دق الباب کیا۔ علیؑ باہر آئے تو (ہم نے دیکھا) ان کے دوش پر بنا آستیوں والی قبا تھی اور آپ کے ہاتھ مٹی میں سنے ہوئے تھے (ظاہر تھا کہ آپ گھر کی مرمت میں مصروف تھے)۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یا ابا الحسنؑ! لوگوں کے لیے کل کا ماجرا بیان کرو! علیؑ نے کہا: بہت بہتر میرے ماں باپ آپ پر فدا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کل نماز ظہر کے وقت میں چاہتا تھا کہ وضو کروں لیکن میرے پاس پانی موجود نہیں تھا۔ میں نے اپنے بیٹوں حسن و حسین (علیہما السلام) کو پانی لانے کے لیے بھیجا، لیکن انہوں نے آنے میں کچھ دیر کر دی (اور نماز کا اول وقت ہاتھ سے جاتا دیکھائی دیا) اچانک ہاتف غیبی نے صدا دی: اے ابو الحسنؑ! اپنی دائیں جانب دیکھو۔ میں نے اس طرف رخ کیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ سونے کا ایک چھوٹا برتن (ہوا میں) معلق ہے، جس میں ایسا پانی موجود تھا جو برف (یا دودھ) سے زیادہ سفید اور شہد سے زیادہ شیریں تھا، اس کی خوشبو گلاب کی سی تھی، میں نے اس سے وضو کیا اور اس میں سے تھوڑا سا پانی پیا بھی، اس کے بعد میں نے اس کے چند قطرے اپنے سر پر بھی ڈالے جس کی ٹھنڈک میں نے اپنے دل میں بھی محسوس کی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سوال کیا: کیا تمہیں معلوم ہے کہ وہ برتن کہاں سے آیا تھا؟ علیؑ نے کہا: اللہ اور اس کا رسول بہتر جاننے والے ہیں! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گویا ہوئے: وہ برتن جنت کے برتنوں میں سے ایک تھا اور اس میں موجود پانی شجرہ طوبی کے نیچے کا پانی تھا یا شاید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہا وہ حوض کوثر کا پانی تھا۔ اور وہ قطرہ (جس کی ٹھنڈک علیؑ نے دل میں بھی محسوس کی) تہہ عرش سے تھا۔ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علیؑ کو اپنے سینے سے چمٹا لیا اور ان کی پیشانی پر بوسہ دے کر بولے: اے میرے دوست! کل جبرائیلؑ جس کا خادم تھا خدا کے نزدیک اس کی قدر و منزلت بہت عظیم ہے۔

Presented by Ziaraat.Com

(۴۳)

خدایا امیر المومنین، سید المسلمین اور امام المتقین کو بھیج۔۔۔!

حَدَّثَنِي الشَّرِيفُ أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى الْعَلَوِيُّ رَحِمَهُ اللهُ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْكَاتِبُ قَالَ حَدَّثَنِي حَمَّادُ[1] بْنُ مِهْرَانَ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَظِيمِ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْحَسَنِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ زِيَادٍ الْبَزَّازُ عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ عَنْ رَافِعٍ[2] مَوْلَى عَائِشَةَ قَالَ: كُنْتُ غُلَاماً أَخْدِمُ عَائِشَةَ فَكُنْتُ إِذَا كَانَ النَّبِيُّ ص عِنْدَهَا قَرِيباً أُعَاطِيهِمْ قَالَ فَبَيْنَمَا النَّبِيُّ ص عِنْدَهَا ذَاتَ يَوْمٍ (وَ إِذَا دَاقٌّ يَدُقُّ) الْبَابَ فَخَرَجْتُ إِلَيْهِ فَإِذَا جَارِيَةٌ مَعَهَا طَبَقٌ مُغَطًّى قَالَ فَرَجَعْتُ إِلَى عَائِشَةَ فَأَخْبَرْتُهَا فَقَالَتْ أَدْخِلْهَا فَدَخَلَتْ فَوَضَعَتْهُ بَيْنَ يَدَيْ عَائِشَةَ فَوَضَعَتْهُ عَائِشَةُ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ ص فَجَعَلَ يَتَنَاوَلُ مِنْهُ وَ يَأْكُلُ وَ خَرَجَتِ الْجَارِيَةُ فَقَالَ النَّبِيُّ ص لَيْتَ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ وَ سَيِّدَ الْمُسْلِمِينَ وَ إِمَامَ الْمُتَّقِينَ يَأْكُلُ مَعِي فَقَالَتْ عَائِشَةُ وَ مَنْ (هُوَ يَا رَسُولَ اللهِ الْمُجْتَمِعَةُ فِيهِ هَذِهِ الْخِصَالُ) فَسَكَتَ ثُمَّ أَعَادَ الْكَلَامَ مَرَّةً أُخْرَى فَقَالَتْ عَائِشَةُ مِثْلَ ذَلِكَ فَسَكَتَ [النَّبِيُّ ص] (فَجَاءَ أَحَدٌ وَ دَقَّ عَلَيْنَا) الْبَابَ (فَخَرَجْتُ إِلَيْهِ فَإِذَا هُوَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ ع قَالَ فَرَجَعْتُ وَ قُلْتُ لِلنَّبِيِّ ص عَلِيٌّ عَلَى الْبَابِ فَقَالَ أَدْخِلْهُ ثُمَّ قَالَ يَا أَبَا الْحَسَنِ)[3] مَرْحَباً وَ أَهْلًا [بِكَ] لَقَدْ تَمَنَّيْتُكَ مَرَّتَيْنِ حَتَّى لَمَّا أَبْطَأْتَ عَلَيَّ سَأَلْتُ اللهَ عَزَّ وَ جَلَّ أَنْ يَأْتِيَنِي بِكَ اجْلِسْ وَ كُلْ

---

[1] كذا في الأصل، و في اليقين: حميد. و الصحيح عندي: أحمد، اذ أنّه روى عن عبد العظيم الحسنى اثنا عشر رواية كلها في الكافي. راجع رجال السيّد الخوئي: ١٠/ ٤٨- ٥٤.

[2] كذا في الأصل و بشارة المصطفى و البحار. و في اليقين: ١٣: أبى رافع، و في ص ٦١: نافع. و نافع هو مولى لابن عمر و أمّ سلمة. تقريب التهذيب: ٢/ ٢٩٦ رقم ٢٩ و ٣٠.

[3] في نسخة« ب» و اليقين: فرجعت فقلت: هذا عليّ بن أبي طالب، فقال النبيّ صلّى اللّه عليه و آله.

Presented by Ziaraat.Com

فَجَلَسَ وَ أَكَلَ مَعَهُ ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ ص [يَا عَلِيُّ] قَاتَلَ اللهُ مَنْ قَاتَلَكَ وَ عَادَى مَنْ عَادَاكَ فَقَالَتْ عَائِشَةُ وَ مَنْ يُقَاتِلُهُ وَ [مَنْ] يُعَادِيهِ قَالَ أَنْتِ وَ مَنْ مَعَكِ مَرَّتَيْنِ [أَيْدِيهِمْ أَيْدِيهِمْ مَعَكِ مَرَّتَيْنِ تَرْضَيْنَ بِذَلِكِ وَ لَا تُنْكِرِيهِ][1,2].

ابو رافع کہتے ہیں: میں عائشہ کا غلام تھا۔ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عائشہ کے گھر میں تھے اور میں ان کی خدمت میں مصروف تھا کہ دروازے پر دستک ہوئی۔ میں باہر گیا تو دیکھا کہ ایک کنیز ہے جس کے ہاتھ میں ایک کپڑے سے ڈھکا ہوا طبق تھا۔ میں اندر گیا اور عائشہ کو خبر دی۔ عائشہ نے کہا: اسے اندر آنے دو۔ وہ کنیز کمرے میں داخل ہوئی اور اس نے وہ طبق عائشہ کے سامنے رکھ دیا۔ عائشہ نے اسے اٹھا کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے رکھ دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے تناول فرمانا شروع کر دیا اور کنیز واپس چلی گئی۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس وقت فرمایا: اے کاش! امیر المومنین، سید المسلمین اور امام المتقین بھی ہوتے اور میرے ساتھ یہ غذا کھاتے!۔ عائشہ نے پوچھا: یہ کون ہے جس میں یہ ساری صفات جمع ہیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جواب نہ دیا اور پھر یہی بات ارشاد فرمائی۔ عائشہ نے دوبارہ پوچھا یہ کون ہے؟ آپ نے پھر بھی جواب نہیں دیا۔ اسی اثناء میں دق الباب ہوا، میں باہر گیا تو دیکھا علی بن ابی طالبؑ ہیں۔ میں واپس پلٹا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جا کر خبر دی کہ علیؑ آئے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: انہیں اندر آنے دو۔ اس کے بعد فرمایا: اے ابو الحسنؑ! خوش آمدید! میں نے دوبارہ تمہیں دیکھنے کی آرزو کی اور جب میں نے دیکھا کہ تم نے آنے میں دیر کر دی تو میں نے خدا سے چاہا کہ وہ تجھے میرے پاس بھیج دے تاکہ تم (میرے ساتھ) بیٹھو اور یہ کھانا کھاؤ۔

---

[1] من اليقين و المطبوع.

[2] عنه اليقين: ٦١، و غاية المرام: ١٨ ح ١٦، و ص ٤٥ ح ٥٦ و ص ٦٢٠ ح ٢٠. و رواه ابن مردويه في المناقب بإسناده الى إسماعيل بن زياد البزاز، عنه كشف الغمّة: ١/ ٣٤٣، و غاية المرام: ٢٠ ح ٣١، و اليقين: ١٣. و رواه الطبريّ في بشارة المصطفى: ١٦٥ بإسناده الى رافع مولى عائشة، عنه البحار: ٣٨/ ٣٥١ ح ٣ و عن اليقين. و أورده في مصباح الأنوار: ١٥٦ (مخطوط) عن ابن إدريس، و فيه: «أنت يا حميراء و من معك، حتى قالها ثلاثا».

Presented by Ziaraat.Com

علیؑ بیٹھ گئے اور انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تناول فرمانا شروع کر دیا۔ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علیؑ! خدا اسے قتل کرے جو تمہیں قتل کرے اور اس سے دشمنی رکھے جو تم سے دشمنی کرے۔ عائشہ نے پوچھا: کون ہے وہ جو علیؑ کو قتل کرے گا اور ان سے بغض رکھے گا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کوئی جواب نہ دیا۔ اور دوبارہ یہی دعا فرمائی۔ عائشہ نے پھر پوچھا: کون ہے جو علیؑ کو قتل کرے گا اور ان سے بغض رکھے گا؟ اس وقت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دو مرتبہ فرمایا: اے عائشہ تم اور تمہارے ساتھی۔

(۴۴)

مخلوق کو خالق سے ملانے والی کڑی

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمْزَةَ رَحِمَهُ اللَّهُ قَالَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ قُتَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِي الْفَضْلُ بْنُ شَاذَانَ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ قَالَ حَدَّثَنِي جَمِيلُ[1] بْنُ صَالِحٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ أَبِيهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ ع قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ص: فَاطِمَةُ مُهْجَةُ قَلْبِي وَ ابْنَاهَا ثَمَرَةُ فُؤَادِي وَ بَعْلُهَا نُورُ بَصَرِي وَ الْأَئِمَّةُ مِنْ وُلْدِهَا أُمَنَاءُ رَبِّي وَ حَبْلُهُ الْمَمْدُودُ بَيْنَهُ وَ بَيْنَ خَلْقِهِ مَنِ اعْتَصَمَ بِهِ نَجَا وَ مَنْ تَخَلَّفَ عَنْهُ هَوَى[2].

---

[1] في البحار و المقتل: حميد، و هو تصحيف.و هو جميل بن صالح الأسدى الكوفيّ من أصحاب الصادق و الكاظم عليهما السلام. رجال السيّد الخوئي: ٤/ ١٦٠.

[2] عنه غاية المرام: ٤٦ ح ٥٧. و رواه الخوارزمي في مقتل الحسين: ١/ ٥٩، و جار اللّه محمود بن عمر الزمخشريّ في المناقب: ٢١٣(مخطوط) باسنادهما الى ابن شاذان.و رواه الحمويني في فرائد السمطين: ٢/ ٦٦ ح ٣٩٠ بإسناده الى الخوارزمي، عنه ينابيع المودة: ٨٢.و أخرجه في الطرائف: ١١٧ ح ١٨٠، و الصراط المستقيم: ٢/ ٤٢، عنه جار اللّه الزمخشريّ.و أخرجه في البحار: ٢٣/ ١٠٠ ح ١٦ عن الطرائف.و أورده شاذان بن جبريل في الفضائل: ١٤٦، و الروضة في الفضائل: ١٤٤ عن جابر بن عبد اللّه الأنصاريّ.و رواه ابن حسنويه

Presented by Ziaraat.Com

امام صادقؑ اپنے آباؤ واجداد کے ذریعے سے امام حسینؑ سے نقل فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فاطمہؑ میرے قلب کی حیات، اس کے بیٹے میرے دل کا ثمر، اسکا شوہر میری آنکھوں کی ٹھنڈک، اس کی نسل سے آنے والے آئمہ میرے رب کے امین، اور مخلوق کو خدا سے ملانے والی کڑی ہیں۔ جوان سے متمسک ہوا وہ نجات پا گیا اور جس نے ان سے روگردانی کی وہ ہلاک ہو

(۴۵)

سورج پر لکھی عبارتیں

حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللَّهِ مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبَانَ الصالي[1] رَحِمَهُ اللَّهُ قَالَ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ امان الْعَامِرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ[2] بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ ص يَقُولُ: إِنَّ لِلشَّمْسِ وَجْهَيْنِ فَوَجْهٌ يُضِيءُ لِأَهْلِ السَّمَاءِ وَ وَجْهٌ يُضِيءُ لِأَهْلِ الْأَرْضِ وَ عَلَى

في درر بحر المناقب: ١٠٦(مخطوط)، و محمّد بن أبي الفوارس في الأربعين: ١٤(مخطوط) باسنادهما الى جابر.عنهما إحقاق الحقّ: ١٣/ ٧٩ و ج ٤/ ٢٨٨ على التوالى.

[1] تقدمت ترجمته في المنقبة(١٦).

[2] كذا في الأصل. و لم أجد له ذكرا في ما عندنا من كتب التراجم، و انما وجدته باسم(عتبة) و يكنى أبو عميس المسعوديّ، و الظاهر أنّه هو الصحيح.عده الشيخ الطوسيّ في رجاله: ٢٦٢ رقم ٦٤٥ من أصحاب الصادق عليه السلام.و وثقه ابن سعد في طبقاته: ٦/ ٣٦٦، و ابن حجر العسقلانى في تقريب التهذيب: ٢/ ٤ رقم ١٧.

Presented by Ziaraat.Com

الْوَجْهَيْنِ مِنْهُمَا كِتَابَةٌ ثُمَّ قَالَ أَتَدْرُونَ مَا تِلْكَ الْكِتَابَةُ؟ قُلْنَا اللَّهُ وَ رَسُولُهُ أَعْلَمُ فَقَالَ الْكِتَابَةُ الَّتِي تَلِي أَهْلَ السَّمَاءِ اللَّهُ نُورُ السَّمَاوَاتِ وَ الْأَرْضِ[1] وَ أَمَّا الْكِتَابَةُ الَّتِي تَلِي [أَهْلَ] الْأَرْضِ عَلِيٌّ ع نُورُ الْأَرَضِينَ[2].

عبداللہ بن مسعود کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا: سورج کے دو رخ ہیں، ایک رخ اہل آسمان کے لیے ہے اور دوسرا رخ اہل زمین کے لیے۔ ان دونوں رخوں پر (الگ الگ) عبارتیں لکھی ہوئی ہیں۔ کیا تم جانتے ہو کہ وہ عبارتیں کیا ہیں؟ ہم نے کہا: اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہتر جانتے ہیں!

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اہل آسمان سے متعلق رخ پر لکھی گئی عبارت یہ ہے: اللَّهُ نُورُ السَّمَاوَاتِ وَ الْأَرْضِ (اللہ زمین و آسمان کا نور ہے)۔ اور اہل زمین سے متعلق رخ پر کندہ عبارت یہ ہے: عَلِيٌّ ع نُورُ الْأَرَضِينَ (علیؑ زمینوں کا نور ہے)۔

(۴۶)

بے فائدہ اعمال

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَيُّوبَ الْحَافِظُ رَحِمَهُ اللَّهُ قَالَ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ زِيَادٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ حَدَّثَنِي الرَّيَّانُ بْنُ الصَّلْتِ[3] قَالَ سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ مُوسَى الرِّضَا ع يَقُولُ سَمِعْتُ أَبِي

---

[1] النور: ٣٥.

[2] عنه البحار: ٢٧/ ٩ ح ٢١ و مدينة المعاجز: ١٥٨ ح ٤٣٢.

[3] في الأصل: الفضل. و لم أعثر له على اسم في ما عندنا من كتب التراجم. و في نسخة« ب» و البحار و المطبوع: أبي الصلت الهروى خادم الرضا عليه السلام، و لعله خلط بين الريان بن الصلت و بينه، و كلاهما رويا عن الإمام الرضا عليه السلام. راجع رجال السيّد الخوئي: ٧/ ٢١٠ و ٢١١. و ما أثبتناه في المتن الارجح يؤيده أن جعفر بن محمّد القمّيّ روى هذا الحديث في كتابه المسلسلات: ١١٣ عن عليّ بن محمّد العلوى عن أحمد بن زياد بن جعفر بهذا الاسناد الى الريان بن الصلت.

Presented by Ziaraat.Com

مُوسَى ع يَقُولُ سَمِعْتُ أَبِي جَعْفَراً ع يَقُولُ سَمِعْتُ أَبِي مُحَمَّداً ع يَقُولُ سَمِعْتُ أَبِي عَلِيّاً ع يَقُولُ سَمِعْتُ [أَبِي الْحُسَيْنَ ع يَقُولُ سَمِعْتُ] [1] أَبِي عَلِيّاً أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ ع يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ ص يَقُولُ [سَمِعْتُ جَبْرَئِيلَ ع يَقُولُ] سَمِعْتُ اللَّهَ جَلَّ جَلَالُهُ يَقُولُ: عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ حُجَّتِي عَلَى خَلْقِي وَنُورِي فِي بِلَادِي وَأَمِينِي عَلَى عِلْمِي لَا أُدْخِلُ النَّارَ مَنْ عَرَفَهُ وَإِنْ عَصَانِي وَلَا أُدْخِلُ الْجَنَّةَ مَنْ أَنْكَرَهُ وَإِنْ أَطَاعَنِي [2].

اباصلت ہروی بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام رضاؑ سے سنا کہ آپ نے فرمایا: میں نے اپنے بابا موسی بن جعفر الکاظمؑ سے سنا، انہوں نے اپنے والد امام جعفر صادقؑ سے سنا، انہوں نے اپنے والد امام محمد باقرؑ سے سنا، انہوں نے اپنے والد علی بن الحسین زین العابدینؑ سے سنا، انہوں نے اپنے والد امام حسینؑ سے سنا، انہوں نے اپنے والد امیر المومنین علیؑ سے سنا، انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جبرائیل نے بیان کیا کہ خداوند عالم فرماتا ہے:

علی بن ابی طالبؑ میری مخلوق پر میری حجت، میری آبادیوں میں میرا نور ہے اور میرے علم پر میرا امین ہے، میں اس شخص کو جہنم میں نہیں ڈالوں گا جو اس کو پہچانتا ہو چاہے اس نے گناہ ہی کیوں نہ کیے ہوں، [3] اور میں اس شخص کو جنت میں نہیں جانے دونگا جس نے اس کا انکار کیا چاہے وہ میری اطاعت ہی کرتا رہا ہو۔ [4]

---

[1] من نسخة« ب» و المطبوع.

[2] عنه البحار: ۲۷/ ۱۱٦ ح ۹۱ و غاية المرام: ۵۱۲ ح ۱۹.

[3] 'جانتا ہو' یعنی اس کی ولایت رکھتا ہو اور اس کی پیروی کرتا ہو. لیکن اس سے کچھ گناہ سرزد ہوئے ہوں تو علیؑ کی ولایت کے طفیل خدا اس کے گناہ معاف فرمادے گا، نہ یہ کہ وہ فقط زبانی جمع خرچ رکھتا ہو اور عملی میدان میں علیؑ سے زیادہ علیؑ کے رقیبوں اور دشمنوں سے مماثلت رکھتا ہو.

[4] یعنی اگر کسی نے نماز روزہ، حج زکات وغیرہ جیسے اعمال حسنہ توانجام دیے لیکن علیؑ کی ولایت قبول نہیں کی تو خدا بناولایت اس سے یہ اعمال قبول نہیں کرے گا اور اسے جہنم رسید فرمائے گا۔ کیونکہ قبولیت اعمال کی شرط ولایت ہے.

Presented by Ziaraat.Com

(۴۷)

انبیاء ورسل، شہداء اور صدیقین علیؑ پر رشک کرتے ہیں

حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَذَارِيُّ[1] الْخَيَّاطُ رَحِمَهُ اللَّهُ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَيُّوبُ بْنُ نُوحٍ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ مَحْبُوبٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ الرَّيَّانِ قَالَ حَدَّثَنِي مِلَاكُ[2] بْنُ عَطِيَّةَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيهِ ع قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ص لِعَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ع: يَا أَبَا الْحَسَنِ لَوْ وُضِعَ إِيمَانُ الْخَلَائِقِ وَ أَعْمَالُهُمْ فِي (كِفَّةِ مِيزَانٍ) وَ وُضِعَ عَمَلُكَ (لِيَوْمٍ وَاحِدٍ فِي الْكِفَّةِ الْأُخْرَى لَرَجَحَ عَمَلُكَ لِيَوْمٍ وَاحِدٍ) عَلَى جَمِيعِ مَا عَمِلَ الْخَلَائِقُ وَ إِنَّ اللَّهَ بَاهَى بِكَ يَوْمَ أُحُدٍ مَلَائِكَتَهُ الْمُقَرَّبِينَ وَ رَفَعَ الْحُجُبَ مِنَ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَ أَشْرَقَتْ إِلَيْكَ الْجَنَّةُ وَ مَا فِيهَا وَ ابْتَهَجَ بِفِعْلِكَ رَبُّ الْعَالَمِينَ وَ إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى لَيُعَوِّضُكَ بِذَلِكَ الْيَوْمِ مَا يَغْبِطُكَ بِهِ كُلُّ نَبِيٍّ وَ رَسُولٍ وَ صِدِّيقٍ وَ شَهِيدٍ[3].

---

[1] في الأصل: المزادى.و في رجال النجاشيّ: المرادى(خ المزادى) و كلها تصحيف.و ما في المتن كما ضبطه المامقاني في رجاله: ١/ ٣٢ نسبة الى« مذار» و هي بلدة في ميسان بين واسط و البصرة بها دفن عبد اللّه بن عليّ بن أبي طالب عليه السلام.ذكرها في معجم البلدان: ٥/ ٨٨.ترجم له في فهرست الطوسيّ: ٧ و رجاله: ٤٥١ رقم ٧٦، رجال النجاشيّ: ١٦، رجال العلامة الحلى: ٥، جامع الرواة: ١/ ٣٢، لسان الميزان: ١/ ١١٠، أعلام الشيعة في القرن الرابع: ٥.

[2] كذا في الأصل، و الظاهر أنّه مالك بن عطية البجليّ الكوفيّ الاحمسى من أصحاب الباقر و الصادق عليهما السلام. رجال السيّد الخوئي: ١٤/ ١٧٧.

[3] عنه غاية المرام: ٥٠٨ ح ٨.و أخرجه في ينابيع المودة: ٦٤ و ١٢٧ عن صاحب المناقب و ابن المغازلي باسنادهما الى الصادق عليه السلام.

Presented by Ziaraat.Com

امام صادقؑ اپنے آباؤ و اجداد کے توسط سے رسول اللہﷺ سے روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہﷺ نے امیر المومنینؑ سے ارشاد فرمایا: اے اباالحسنؑ! اگر تمام خلائق کا ایمان اور اعمال ترازو کے ایک پلڑے میں اور تمہارے ایک دن کا عمل دوسرے پلڑے میں رکھ دیا جائے تو تمہارے ایک دن کا عمل باقی خلائق کے تمام اعمال پر بھاری ہوگا۔ بے شک خدا نے روز احد ملائکہ مقربین پر تمہارے ذریعے سے فخر و مباہات کی؛ اس نے اس دن ساتوں آسمانوں سے پردے اٹھا دیے اور تمہیں جنت اور جو کچھ اس میں تھا کا دیدار کروایا، رب العالمین تمہارے اعمال سے راضی ہوا اور اس نے اس دن کے بدلے ایسی پاداش عطا کی کہ تمام انبیاء و رسل اور صدیقین و شہداء تم پر رشک کرتے ہیں۔

(۴۸)

علیؑ اور تین گروہ

حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ[1] رَحِمَهُ اللَّهُ قَالَ حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنِي صَفْوَانُ بْنُ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنِي دَاوُدُ بْنُ الْحُصَيْنِ قَالَ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ أُذَيْنَةَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ص: يَا عَلِيُّ مَثَلُكَ فِي أُمَّتِي مَثَلُ الْمَسِيحِ

[1] هو أحمد بن محمّد بن سليمان بن الحسن بن بكير بن أعين بن سنسن أبو غالب الزراری شيخ الإماميّة في عصره و استاذهم و ثقتهم و فقيههم و نقيبهم، له مصنّفات كثيرة، ولد سنة ٢٨٥ و توفي في سنة ٣٦٨ هـ.تجد ترجمته في رجال النجاشيّ: ٦٥، فهرست الطوسيّ: ٣١، رجال الطوسيّ: ٤٤٣ رقم ٣٤، ثقات الرواة: ١/ ٨٢، الاعلام للزركلی: ١/ ٢٠٢، رجال السيّد الخوئي: ٢/ ٢٨٧.

Presented by Ziaraat.Com

عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ افْتَرَقَ قَوْمُهُ ثَلَاثَ فِرَقٍ فِرْقَةٌ (مُؤْمِنُونَ وَهُمُ الْحَوَارِيُّونَ)[١] وَ فِرْقَةٌ عَادَوْهُ وَهُمُ الْيَهُودُ وَ فِرْقَةٌ غَلَوْا فِيهِ فَخَرَجُوا عَنِ الْإِيمَانِ وَ إِنَّ أُمَّتِي سَتَفْتَرِقُ ثَلَاثَ فِرَقٍ فِرْقَةٌ شِيعَتُكَ وَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ وَ فِرْقَةٌ أَعْدَاؤُكَ وَهُمُ الشَّاكُّونَ وَفِرْقَةٌ غُلَاةٌ فِيكَ فَهُمُ الْجَاحِدُونَ وَ أَنْتَ يَا عَلِيُّ وَ شِيعَتُكَ وَ مُحِبُّو شِيعَتِكَ فِي الْجَنَّةِ (وَ أَعْدَاؤُكَ وَ الْغُلَاةُ فِي مَحَبَّتِكَ) فِي النَّارِ[٢].

امام صادقؑ اپنے آباؤ واجداد کے توسط سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت فرماتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: یا علیؑ! میری امت میں تمہاری مثال عیسیٰؑ کی سی ہے؛ جن کے معالمے میں ان کی قوم تین فرقوں میں تقسیم ہو گئی؛ ان میں سے ایک فرقہ مومنین کا تھا جو حواریوں پر مشتمل تھا، دوسرا فرقہ عیسی کے دشمنوں کا تھا جو یہودی تھے، اور تیسرا گروہ غالیوں کا تھا جو (عیسی کو خدا یا خدا کا بیٹا کہنے کی وجہ سے) ایمان سے خارج ہو گئے تھے۔ بے شک میری امت بھی تیرے بارے میں تین فرقوں میں بٹ جائے گی: پہلا گروہ تیرے شیعوں کا ہو گا اور یہی مومن ہونگے، دوسرا فرقہ تیرے دشمنوں کا ہو گا اور وہ جو شک کرنے والے ہونگے، اور تیسرا گروہ غالیوں کا ہو گا جو جاحد و کافر ہونگے۔ اے علیؑ! تو، تیرے شیعہ اور تیرے شیعوں کے محبین جنت میں ہونگے، اور تیرے دشمن اور تیرے محبت میں زیادہ روی کرنے والے غالی جہنم جائینگے۔

[١] في نسخة« أ»: منهم المؤمنون.

[٢] عنه البحار: ٢٥/ ٢٦٤ ح ٤.و رواه الخوارزمي في المناقب: ٢٢٦ بإسناده الى ابن شاذان، عنه مصباح الأنوار: ٢٣(مخطوط) و ينابيع المودة: ١٠٩.

Presented by Ziaraat.Com

(۴۹)

علمدار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مُوسَى[1] رَحِمَهُ اللَّهُ قَالَ حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ عَلِيٍّ الدَّقَّاقُ قَالَ حَدَّثَنِي الْحَارِثُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَعْرُوفُ بِشَلَقَانَ[2] عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ ع عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ ص يَقُولُ: أَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنَ النَّبِيِّينَ وَ الصِّدِّيقِينَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ ع فَقَامَ أَبُو دُجَانَةَ وَ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَ لَمْ تُخْبِرْنَا عَنِ اللَّهِ تَعَالَى أَنَّهُ أَخْبَرَكَ أَنَّ الْجَنَّةَ مُحَرَّمَةٌ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ حَتَّى تَدْخُلَهَا أَنْتَ وَ عَلَى الْأُمَمِ حَتَّى تَدْخُلَهَا أُمَّتُكَ قَالَ بَلَى وَ لَكِنْ أَ مَا عَلِمْتَ أَنَّ حَامِلَ لِوَاءِ الْقَوْمِ إِمَامُهُمْ وَ عَلِيٌّ حَامِلُ لِوَاءِ الْحَمْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بَيْنَ يَدَيَّ (وَ هُوَ صَاحِبُ رَايَتِي فَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ

---

[1] هو الشيخ الثقة الجليل هارون بن موسى بن أحمد بن سعيد التلعكبرى، عظيم المنزلة عديم النظير، واسع المنزلة و الرواية، روى جميع الأصول و المصنّفات، توفى في ربيع الآخر من سنة ۳۸۵، و سمع من جعفر بن عليّ بن سهل بن فروخ الدقاق الحافظ في سنة ۳۲۸ و ما بعدها، و له منه اجازة(رجال الشيخ: ٤٦٠ رقم ۲۱).تجد ترجمته في: الاعلام للزركلى: ۹/ ٤٦، أعلام القرن الرابع: ۳۲۸، أعيان الشيعة:۱۰/ ۲۳٦، توضيح الاشتباه: ۲۹۵، جامع الرواة: ۲/ ۳۰۸، رجال الشيخ الطوسيّ:٥۱٦، رجال ابن داود: ۳٦٥، رجال العلّامة الحلّيّ: ۱۸۰، رجال النجاشيّ: ۳٤۳ و كثير غيرهم.

[2] خ ل: شلقاف. و في غاية المرام: سلقان. و كلاهما تصحيف ما في المتن.علما أن المعروف بشلقان هو: عيسى بن أبي منصور صبيح العزرمى من أصحاب الصادق قال عنه عليه السلام: من أحبّ أن يرى رجلا من أهل الجنة فلينظر الى هذا. رجال السيّد الخوئي: ۱۳/ ۲۳۰ و الكنى و الألقاب: ۲/ ۲۳۰.و ليس هناك رجل آخر يعرف بشلقان غيره، فلعله حدث سقط في السند و اللّه أعلم.

Presented by Ziaraat.Com

قَبْلِي فَإِنَّ الْعَلَمَ مَعَهُ) وَ أَنَا عَلَى أَثَرِهِ فَقَامَ عَلِيٌّ ع وَ قَدْ أَشْرَقَ وَجْهُهُ سُرُوراً وَ هُوَ يَقُولُ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي شَرَّفَنَا بِكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ[1].

امام صادقؑ اپنے والد سے وہ جابر ابن عبداللہ انصاری سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا: انبیاء اور صدیقین میں سے جنت میں سب سے پہلے داخل ہونے والا شخص علی بن ابی طالبؑ ہے۔اس وقت ابو دجانہ کھڑے ہوئے اور کہا: یا رسول اللہ ﷺ! کیا آپ ہی نے ہمیں نہیں بتایا تھا کہ اللہ نے آپ کو خبر دی ہے کہ کسی بھی نبی اور اس کی امت پر جنت اس وقت تک حرام ہے جب تک آپؐ خود اور آپؐ کی امت جنت میں تشریف نہ لے جائیں؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہاں (میں نے کہا تھا) لیکن کیا تم نہیں جانتے کے علمدار ہمیشہ آگے ہوتا ہے؟ اور علیؑ بروز قیامت صاحب لوائے الحمد ہونگے، وہ میرا علمدار ہے، پس اس لیے وہ مجھ سے پہلے جنت میں داخل ہوگا کیونکہ علم اس کے ہاتھ میں ہوگا اور میں اس کے پیچھے ہونگا۔

اس وقت علیؑ کھڑے ہوئے جب کہ خوشی سے ان کا چہرہ مسرور تھا اور وہ کہہ رہے تھے: یا رسول اللہ ﷺ! حمد ہے اس خدا کی جس نے ہمیں آپؐ کے ذریعے سے شرف بخشا۔

---

[1] رواه في مناقب الخوارزمي: ٢٢٧ بإسناده الى ابن شاذان، عنه المحتضر: ٩٧، و مصباح الانوار: ١١١(مخطوط) و غاية المرام: ٦٧٩ ح ٩ و ص ٦٨٣ ح ١١.و روى نحوه فرات الكوفيّ في تفسيره: ١٧٥ بإسناده الى جابر، عنه البحار: ٧/ ٢٠٩ ح ١٠٠ و ج ٨/ ٥ ح ٨، و ج ٣٩/ ٢١٨ ح ١١.و أخرجه الحسن بن سليمان في كتابه تفضيل الأئمّة على الأنبياء نقلا عن كتاب القائم للفضل ابن شاذان، عنه البحار: ٢٦/ ٣١٨ ح ٨٧.و أخرجه شاذان بن جبريل في كتابيه الفضائل: ١٢٣ و في الروضة في الفضائل: ٣١(مخطوط) عن فخر الدين الطبريّ.و أورده المفيد في الاختصاص: ٣٥٤.و أخرجه في البحار: ٣٦/ ٦٤ ح ٣ عن كشف الغمّة: ١/ ٣٢١ و عن تأويل الآيات: ٦٢٩ ح ٢.

Presented by Ziaraat.Com

(۵۰)

علیؑ حجت کے قائم کرنے والے

حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ هَارُونُ بْنُ مُوسَى التَّلَّعُكْبَرِيُّ رَحِمَهُ اللهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الْكَرِيمِ قَالَ حَدَّثَنِي قيماز الْعَطَّارُ أَبُو قَمَرٍ[۱] قَالَ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ قَالَ حَدَّثَنِي رَبِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ قَالَ حَدَّثَنِي الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ص: لَمَّا خَلَقَ اللهُ آدَمَ وَ نَفَخَ فِيهِ [مِنْ] رُوحِهِ عَطَسَ آدَمُ وَ قَالَ الْحَمْدُ لِلهِ فَأَوْحَى اللهُ تَعَالَى إِلَيْهِ حَمِدْتَنِي عَبْدِي وَ عِزَّتِي وَ جَلَالِي لَوْ لَا عَبْدَانِ أُرِيدُ أَنْ أَخْلُقَهُمَا فِي دَارِ الدُّنْيَا مَا خَلَقْتُكَ قَالَ إِلَهِي فَيَكُونَانِ مِنِّي قَالَ نَعَمْ يَا آدَمُ ارْفَعْ رَأْسَكَ وَ انْظُرْ فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَإِذَا مَكْتُوبٌ عَلَى الْعَرْشِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ [رَسُولُ اللهِ] نَبِيُّ الرَّحْمَةِ وَ عَلِيٌّ مُقِيمُ الْحُجَّةِ مَنْ عَرَفَ حَقَّ عَلِيٍّ ع زَكَى وَ طَهُرَ وَ مَنْ أَنْكَرَ حَقَّهُ لُعِنَ وَ خَابَ أَقْسَمْتُ بِعِزَّتِي أَنْ أُدْخِلَ الْجَنَّةَ مَنْ أَطَاعَهُ وَ إِنْ عَصَانِي وَ أُقْسِمُ بِعِزَّتِي أَنْ أُدْخِلَ النَّارَ مَنْ عَصَاهُ وَ إِنْ أَطَاعَنِي[۲].

---

[۱] في المناقب: فيحان العطّار أبو نصر.و في المصباح: افتخار العطّار أبو نصر. و في غاية المرام: فيحان العدل أبو نصر.

[۲] رواه الخوارزمي في المناقب: ۲۲۷ بإسناده الى ابن شاذان، عنه غاية المرام: ۷ ح ۱٦ و ص ۲۸ ح ۹، و ص ۲۵۰ ح ٤، و ص ۵۸۳ ح ٤۸ و ينابيع المودة: ۱۱، و مصباح الأنوار:۹٤(مخطوط). و رواه الطبريّ في بشارة المصطفى: ٦۸ بإسناده الى الأعمش، عنه البحار:٦۸/ ۱۳۰ ح ٦۱ و أورده في تأويل الآيات: ٤۷ ح ۲۲ عن الشيخ الطوسيّ.و أورده شاذان بن جبريل في الفضائل: ۱۵۲ ح ۷۹، و في الروضة في الفضائل: ۱٤۸ ح ۱٤۵(مخطوط) عن ابن مسعود.و أخرجه في إحقاق الحقّ: ٤/ ۱٤٤ عن كتاب الأربعين للحافظ بن أبي الفوارس: ۲۷(مخطوط) و في ص ۲۲۲ عن درر بحر المناقب للشيخ الحنفيّ الموصلى: ۱۲۰(مخطوط)-- و عن المناقب المرتضوية.و أخرجه في ج ۱۵/ ۱۷۹ عن أرجح المطالب للامرتسرى: ۲۹.

Presented by Ziaraat.Com

عبداللہ بن مسعود کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب خدا نے آدمؑ کو خلق کیا اور ان میں اپنی روح پھونکی، تو آدم کو چھینک آئی؛ آدم نے فوراً کہا: الحمد للہ! پس خدا نے آدم پر وحی کی: اے میرے بندے! تو نے میری حمد کی؛ مجھے میری عزت و جلال کی قسم، اگر میرا ارادہ دنیا میں اپنے دو بندوں کو خلق کرنے کا ارادہ نہ ہوتا تو میں تجھے خلق نہ کرتا۔ آدم نے کہا: اے خدا! کیا وہ میری نسل سے ہونگے؟ خدا نے کہا: ہاں اے آدم! اپنا سر اٹھا اور اوپر دیکھ!

پس آدم نے اپنا سر اٹھایا تو عرش پر لکھا ہوا دیکھا: کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے، محمد ﷺ اللہ کے رسول اور نبی رحمت ہیں، اور علیؑ حجت کے قائم کرنے والے ہیں۔ جو علیؑ کے حق کی معرفت رکھے گا ذکی اور پاکیزہ ہو گا، اور جو اس کے حق کا انکار کرے گا اس پر لعنت ہو گی اور وہ خرابی کا شکار ہو گا۔ مجھے میری عزت کی قسم! میں اسے جنت میں داخل کرونگا جو علیؑ کی اطاعت کرے گا چاہے اس نے میری معصیت کی ہو، اور میں اسے جہنم میں داخل کرونگا جس نے علیؑ کی نافرمانی کی ہو چاہے اس نے میری اطاعت ہی کیوں نہ کی ہو۔[1]

(۵۱)

دنیا و آخرت میں فائدہ

حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللهِ الْحُسَيْنُ [بْنُ أَحْمَدَ][2] بْنِ مُحَمَّدٍ [بْنِ الْأَحْوَلِ][3] بِالْمُحَمَّدِيَّةِ قَالَ حَدَّثَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ [عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى عَنْ نَصْرِ بْنِ حَمَّادٍ عَنْ شُعْبَةَ بْنِ الْحَجَّاجِ][1] قَالَ

---

[1] اس حدیث کا مطلب جاننے کے لیے دیکھیے منقبت (۴۶) کا اردو حاشیہ۔

[2] ليس في المقتل و الفرائد.

[3] ليس في المقتل و الفرائد.

Presented by Ziaraat.Com

حَدَّثَنِي أَيُّوبُ السَّخْتِيَانِيُّ[2] عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ص: مَنْ أَرَادَ التَّوَكُّلَ عَلَى اللَّهِ تَعَالَى فَلْيُحِبَّ أَهْلَ بَيْتِي وَ مَنْ أَرَادَ أَنْ يَنْجُوَ مِنَ النَّارِ[3] فَلْيُحِبَّ أَهْلَ بَيْتِي [وَ مَنْ أَرَادَ الْحِكْمَةَ فَلْيُحِبَّ أَهْلَ بَيْتِي] وَ مَنْ أَرَادَ أَنْ يَدْخُلَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ فَلْيُحِبَّ أَهْلَ بَيْتِي فَوَ اللَّهِ مَا أَحَبَّهُمْ أَحَدٌ إِلَّا رَبِحَ [فِي] الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ[4].

عبداللہ بن عمر کہتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی بھی خدا پر توکل کرنا چاہتا ہے اسے چاہیے کہ میرے اہلبیت سے محبت کرے۔ جو چاہتا ہے کہ عذابِ جہنم اور عذابِ قبر سے نجات پائے اسے چاہیے کہ میرے اہلبیت سے محبت کرے۔ جو حکمت حاصل کرنا چاہتا ہے اسے چاہیے کہ میرے اہلبیت سے محبت کرے۔ جو چاہتا ہے کہ بنا حساب جنت میں داخل ہو اسے چاہیے کہ میرے اہلبیت سے محبت کرے۔ خدا کی قسم! کوئی بھی اہلبیت سے محبت نہیں کرے گا مگر یہ کہ یہ محبت اسے دنیا میں بھی فائدہ دے گی اور آخرت میں بھی۔

---

[1] من المقتل و الفرائد. أقول: محمّد بن يعقوب(الكليني) لا يروى عن محمّد بن عيسى مباشرة، بل بواسطتين فلعله حدث سقط في السند أو هو تشابه في الأسماء، كما أنّه لا يروى عن أيوب السختياني مباشرة.

[2] في الأصل: السجستانيّ. صوابه من المقتل و الفرائد و كتب الرجال.قال عنه ابن سعد في الطبقات: ٧/ ٢٤٦- ٢٥١:« كان أيوب ثقة، ثبتا في الحديث جامعا، عدلا، ورعا، كثير العلم، حجة». و توفى في الطاعون بالبصرة سنة ١٣١ ه و هو ابن ثلاث و ستين سنة. يأتي ذكره في المنقبة- ٧٩-.

[3] في نسخة« ب»: عذاب النار و عذاب القبر. و في البحار و المطبوع: عذاب القبر.

[4] عنه البحار: ٢٧/ ١١٦ ح ٩٢، و غاية المرام: ٥٨٦ ح ٨٣.و رواه الخوارزمي في مقتل الحسين: ١/ ٥٩ بإسناده الى ابن شاذان.و رواه عن الخوارزمي، الحمويني في فرائد السمطين: ٢/ ٢٩٤ ح ٥٥١.و أورده الحافظ أبو بكر الشيرازى في الاعتقاد: ٢٩٦، و القندوزى في ينابيع المودة: ٢٦٣.

Presented by Ziaraat.Com

(٥٢)

پل صراط اور علیؑ کا ولایت نامہ

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِمَادٍ[١] التُّسْتَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ إِدْرِيسَ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْأَصْبَهَانِيُّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ حَدَّثَنِي هُشَيْمٌ[٢] عَنْ يُونُسَ بْنِ[٣] عُبَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ[٤] قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ص: إِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ يَقْعُدُ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ ع عَلَى الْفِرْدَوْسِ وَ هُوَ جَبَلٌ قَدْ عَلَا عَلَى الْجَنَّةِ وَ فَوْقَهُ عَرْشُ رَبِّ الْعَالَمِينَ وَ مِنْ سَفْحِهِ تَنْفَجِرُ أَنْهَارُ الْجَنَّةِ وَ تَتَفَرَّقُ فِي الْجِنَانِ وَ هُوَ جَالِسٌ عَلَى كُرْسِيٍّ مِنْ نُورٍ يَجْرِي بَيْنَ يَدَيْهِ [نَهَرٌ مِنَ] التَّسْنِيمِ لَا يَجُوزُ أَحَدٌ عَلَى الصِّرَاطِ إِلَّا وَ مَعَهُ بَرَاءَةٌ بِوَلَايَتِهِ وَ وَلَايَةِ أَهْلِ بَيْتِهِ (وَ هُوَ مُشْرِفٌ) عَلَى الْجَنَّةِ فَيُدْخِلُهَا مُحِبِّيهِ وَ مُشْرِفٌ عَلَى النَّارِ فَيُدْخِلُهَا مُبْغِضِيهِ[٥].

---

[١] في المقتل و المناقب: حماد، و في الفرائد: الحماد.

[٢] في نسخة« أ»: هشام. و ما أثبتناه من(خ ل) و المقتل و المناقب و الفرائد. و هو: هشيم بن بشير، روى عن يونس بن عبيد، عن الحسن البصرى كما في حلية الأولياء: ٣/ ٢٤ و ٢٥. ترجم له في تقريب التهذيب: ٢/ ٣٢٠ ح ١٠٣.

[٣] في نسخة« أ»: عن. و هو اشتباه. انظر التعليقة السابقة.قال أبو نعيم الأصفهانيّ في حلية الأولياء: ٣/ ٢٣:« أسند يونس بن عبيد عن أنس ابن مالك أحاديث، و عامة روايته عن الحسن».راجع في ترجمته حلية الأولياء: ٣/ ١٥- ٢٧. طبقات ابن سعد: ٧/ ٢٦٠ و فيه أنّه مات سنة ١٣٩ ه.

[٤] أضاف في المطبوع: بن مسعود.

[٥] عنه البحار: ٢٧/ ١١٦ ح ٩٣، و غاية المرام: ٢٠٧ ح ١٢.و رواه الخوارزمي في المناقب: ٣١، و في المقتل: ١/ ٣٩، عنه كشف الغمّة: ١/ ١٠٣ و إرشاد القلوب: ٢٣٥، و ارجح المطالب للامرتسرى: ٥٥٠.و رواه الحموينى في فرائد السمطين: ١/ ٢٩٢ ح ٢٣٠.و أورده الحنفيّ الترمذي في المناقب المرتضوية: ١٠٥، و

Presented by Ziaraat.Com

[1] في الأصل: الدشتواني. و هو تصحيف.و هو هشام بن أبي عبد الله سنبر أبو بكر الدستوائی.قال عنه العسقلاني في تقريب التهذيب: ۲/ ۳۱۹ رقم ۸۹:ثقة، ثبت. مات سنة ۱۵٤ ھ و له ثمان و سبعون سنة.

[2] عنه البحار: ۲٦/ ۳٤۹ ح ۲۲، و غاية المرام: ۱۹ ح ۲۱ و ص ۵۸۷ ح ۸۹.و أورد نحوه منتجب الدين في أربعينه ح ۹.

Presented by Ziaraat.Com

امیر المومنینؑ اور ان کے شیعوں پر صلوات بھیجنا اور ان کے شیعوں اور محبوں میں موجود گناہگار افراد کے لیے استغفار کرنا۔

(۸۹)

کتمان فضائل علیؑ

حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوسَى بْنِ عُرْوَةَ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْمُعَدِّلُ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ هَارُونَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ ص فِي الْمَنَامِ فَقَالَ لِي يَا أَنَسُ مَا حَمَلَكَ عَلَى أَنْ لَا تُؤَدِّيَ مَا سَمِعْتَ مِنِّي فِي عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ع حَتَّى أَدْرَكَتْكَ الْعُقُوبَةُ وَ لَوْ لَا اسْتِغْفَارُ عَلِيٍّ ع لَكَ مَا شَمِمْتَ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ أَبَداً وَ لَكِنِ انْشُرْ[1] فِي بَقِيَّةِ عُمُرِكَ أَنَّ عَلِيّاً ع وَ ذُرِّيَّتَهُ وَ مُحِبِّيهِمُ السَّابِقُونَ الْأَوَّلُونَ إِلَى الْجَنَّةِ وَ هُمْ جِيرَانُ أَوْلِيَاءِ اللَّهِ وَ أَوْلِيَاءُ اللَّهِ حَمْزَةُ وَ جَعْفَرٌ وَ الْحَسَنُ وَ الْحُسَيْنُ وَ أَمَّا عَلِيٌّ فَهُوَ الصِّدِّيقُ الْأَكْبَرُ لَا يَخْشَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَنْ أَحَبَّهُ[2].

انس بن مالک کہتا ہے: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دیکھا؛ آپ نے مجھ سے فرمایا: اے انس تجھے کس چیز نے اس بات پر ابھارا کہ تو نے علیؑ کے بارے میں جو کچھ مجھ سے سن رکھا تھا اسے چھپایا اور ابلاغ

---

[1] في نسخة« أ»: أبشر، و في نسخة« ب»: اخبره.

[2] رواه الخوارزمي في المناقب: ۳۲، و في مقتل الحسين: ۱/ ٤۰، عنه كشف الغمّة: ۱/ ۱۰٤ و غاية المرام: ۵۸۰ ح ۲۷ و ص ٦٤۸ ح ۱۲، و مدينة المعاجز: ۵۱ ذ ح ۱۰۳، و مصباح الانوار: ۱۳۷(مخطوط).و أخرجه في البحار: ٦۸/ ٤۰ ح ۸٤ عن كشف الغمّة.

Presented by Ziaraat.Com

نہ کیا یہاں تک کہ اس عذاب سے دوچار ہوا؟[۱] اگر علیؑ تیرے لیے طلب مغفرت نہ کرے تو تو جنت کی بو تک بھی نہ سونگھ پائے گا؛[۲] لیکن میں تجھے تیری باقی عمر کے لیے بشارت دیتا ہوں کہ علیؑ اور ان کی اولاد و محب جنت میں سب سے پہلے داخل ہونے والے ہونگے؛ وہ (جنت میں) اولیائے خدا مثل حمزہ، جعفر، حسن و حسن (علیہم السلام) کے پڑوسی ہونگے۔ اور علیؑ ہی صدیق اکبر ہے؛ جو کوئی بھی اسے دوست رکھے گا وہ قیامت والے دن خوف زدہ نہیں ہو گا۔

(۹۰)

---

[۱] ثعلبی، ابی جعدہ نے نقل کرتا ہے: میں بصرے میں ایک مجلس میں موجود تھا جس میں انس بن مالک بھی تھا۔ ایک شخص نے اس سے پوچھا: کیا وجہ ہے کہ تمہیں برص کے مرض نے آلیا؟ اس نے سر نیچے جھکایا اور رونے لگا؛ پھر بولا: اس بات کو رہنے دو! لیکن لوگوں نے اصرار کیا۔ تو کہنے لگا: واقعہ بساط (وہ معجزہ جو امیر المومنینؑ کی ولایت پر دلیل تھا) کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے انس! جب علیؑ تجھ سے اپنی خلافت پر گواہی طلب کرے گا تو کیا تو گواہی دے گا؟ میں نے کہا: ہاں کیوں نہیں! لیکن جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحلت ہوئی اور ابو بکر نے علیؑ کا حق غصب کیا تو علیؑ نے مجھ سے اپنی خلافت پر گواہی چاہی؛ میں نے جھوٹ بولا: اے علیؑ میں بوڑھا ہو گیا ہوں اور اب مجھے باتیں یاد نہیں رہتیں! علیؑ نے کہا: اگر تجھے یاد ہے اور تو جان بوجھ کر گواہی نہیں دے رہا تو خدا تجھے برص اور اندھے پن میں مبتلا کرے اور تیرا پیٹ آگ سے بھر دے! پھر انس نے کہا: اسی مجلس میں خدا نے مجھے ان تینوں امراض میں مبتلا کر دیا۔ (حدیقۃ الشیعۃ: ص ۳۸۳)

[۲] یعنی اب بھی کچھ نہیں بگڑا اور تیرے لیے راہ کھلی ہے، امیر المومنینؑ کی ولایت پر ایمان لے آ اور ان کے دشمنوں سے بیزاری کا اعلان کر تا کہ تیری عاقبت بخیر ہو؛ لیکن تاریخ میں کہیں ذکر نہیں ہوا کہ انس نے توبہ کی ہو۔ اس کے علاوہ یہ بھی احتمال ہے کہ یہ جملہ امیر المومنینؑ پر افتراء و کذب ہو کیونکہ علیؑ ایسے شخص کے لیے جو ان تین افراد میں سے ایک ہو جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سب سے زیادہ افتراء باندھے، طلب مغفرت کریں! جیسا کہ امام صادقؑ سے مروی ہے: الخصال: ج ۱، ص ۱۹۰، ح ۲۶۳.

Presented by Ziaraat.Com

بہشت رقصاں ہوئی

حَدَّثَنِي أَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلَوِيَّةَ الْمُسْتَمِلِي رَحِمَهُ اللهُ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ حَدَّثَنِي حَمْدَانُ بْنُ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ صَدَقَةَ قَالَ حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ ص: إِنَّ اللهَ تَعَالَى لَمَّا خَلَقَ جَنَّةَ عَدْنٍ قَالَ لَهَا تَزَيَّنِي فَتَزَيَّنَتْ وَ مَاسَتْ فَقَالَ [لَهَا] قِرِّي فَوَ عِزَّتِي وَ جَلَالِي مَا خَلَقْتُكِ إِلَّا لِلْمُؤْمِنِينَ فَطُوبَى لَكِ وَ لِسَاكِنِيكِ ثُمَّ قَالَ يَا عَلِيُّ مَا خَلَقْتُ [جَنَّةَ] عَدْنٍ إِلَّا لَكَ وَلِشِيعَتِكَ[1].

امام موسی کاظمؑ اپنے اجداد کے توسط سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب خدا نے جنت عدن کو خلق کیا تو اسے حکم دیا: آراستہ ہو جا تو وہ آراستہ ہو گئی اور (خوشحالی کے تحت) عالم رقص (کی سی حالت میں) آ گئی۔ خدا نے اس سے فرمایا: رک جا مجھے اپنے عزت و جلال کی قسم میں نے تجھے خلق نہیں کیا لیکن مومنین کے لیے پس خوشا بحال تجھ پر اور تیرے ساکنین پر؛ اس کے بعد خدا نے علیؑ سے فرمایا: میں نے جنت عدن کو خلق نہیں کیا لیکن فقط تیرے اور تیرے شیعوں کے لیے۔

(۹۱)

جنت میں سب سے پہلے داخل ہونے والے

حَدَّثَنِي أَبُو مُحَمَّدٍ الْحُسَيْنُ الْفَارِسِيُّ الْبَيِّعِ رَحِمَهُ اللهُ قَالَ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ حَدَّثَنِي وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَشْعَبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

[1] عنه غاية المرام: ٥٨٧ ح ٩٠.

Presented by Ziaraat.Com

قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ص فِي عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ع كَلِمَةً [لَوْ قَالَهَا لِي][1] كَانَتْ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ حُمْرِ النَّعَمِ قَالُوا وَمَا قَالَ النَّبِيُّ ص فِي عَلِيٍّ ع قَالَ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ ص يَا عَلِيُّ أَنْتَ مِنِّي وَأَنَا مِنْكَ وَذُرِّيَّتُكَ مِنَّا وَنَحْنُ مِنْهُمْ وَشِيعَتُكَ مِنَّا وَنَحْنُ مِنْهُمْ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْأُمَمِ بِخَمْسِمِائَةِ عَامٍ[2].

عکرمہ کہتا ہے کہ ابن عباس نے کہا: ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علیؑ کے بارے میں ایسا جملہ ارشاد فرمایا کہ اگر وہ میرے بارے میں فرماتے تو وہ میرے لیے سرخ اونٹوں کے غلے سے زیادہ بہتر ہوتا! میں نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسا بھی کیا کہہ دیا: ابن عباس نے کہا: پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علیؑ سے فرمایا: یا علیؑ! تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں؛ اور تیری ذریت ہم سے ہے اور ہم ان سے ہیں؛ اور تیرے شیعہ ہم سے ہیں اور ہم ان سے ہیں؛ وہ جنت میں کسی بھی دوسری امت سے پانچ سو سال قبل داخل ہونگے۔

(۹۲)

جہنم کی آگ سے آزادی کے نامے

حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمَدَارِيِّ الْخَيَّاطُ رَحِمَهُ اللَّهُ قَالَ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الرَّفَّاءُ الْبَغْدَادِيُّ فِي طَرِيقِ مَكَّةَ قَالَ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ عَلِيلٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دَاوُدَ الْأَنْصَارِيُّ عَنْ مُوسَى بْنِ عَلِيٍّ الْقُرَشِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي قَنْبَرُ بْنُ أَحْمَدَ [بْنِ قَنْبَرٍ مَوْلَى عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ][3] قَالَ حَدَّثَنِي كَعْبُ بْنُ نَوْفَلٍ عَنْ بِلَالِ بْنِ حَمَامَةَ قَالَ: طَلَعَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ ص ذَاتَ يَوْمٍ وَ وَجْهُهُ مُشْرِقٌ كَدَارَةِ الْقَمَرِ فَقَامَ [إِلَيْهِ] عَبْدُ

---

[1] ليس في نسخة« ب».

[2] عنه غاية المرام: ٤٥٩ ح ٣٥.

[3] من تاريخ بغداد.

Presented by Ziaraat.Com

الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا هَذَا النُّورُ فَقَالَ بِشَارَةٌ أَتَتْنِي مِنْ [عِنْدِ] رَبِّي فِي أَخِي وَ ابْنِ عَمِّي وَ[1] ابْنَتِي وَ أَنَّ اللَّهَ تَعَالَى [قَدْ] زَوَّجَ عَلِيّاً ع بِفَاطِمَةَ وَ أَمَرَ رِضْوَانَ خَازِنَ الْجَنَّةِ فَهَزَّ شَجَرَةَ طُوبَى فَحَمَلَتْ رِقَاعاً يَعْنِي صِكَاكاً بِعَدَدِ مُحِبِّي أَهْلِ بَيْتِي وَ أَنْشَأَ مِنْ تَحْتِهَا مَلَائِكَةً مِنْ نُورٍ وَ دَفَعَ إِلَى كُلِّ مَلَكٍ صَكّاً فَإِذَا اسْتَوَتِ الْقِيَامَةُ بِأَهْلِهَا نَادَتِ الْمَلَائِكَةُ فِي الْخَلَائِقِ [يَا مُحِبُّو عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ هَلُمُّوا خُذُوا وَدَائِعَكُمْ] فَلَا يَبْقَى مُحِبٌّ لَنَا أَهْلَ الْبَيْتِ إِلَّا (دَفَعَتِ الْمَلَائِكَةُ) إِلَيْهِ صَكّاً فِيهِ فَكَاكُهُ (مِنَ النَّارِ مِنَ الرِّجَالِ وَ النِّسَاءِ بِعِوَضِ حُبِّ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ وَفَاطِمَةَ ابْنَتِي وَ أَوْلَادِهِمَا)[2].

---

[1] أضاف في نسخة« ب»: زوج.

[2] عنه البحار: ٢٧/ ١١٧ ح ٩٦، و غاية المرام: ٥٨٦ ح ٨٥.و رواه الخطيب البغداديّ في تاريخ بغداد: ٤/ ٢١٠ ح ١٨٩٧ بإسناده الى عبد اللّه بن داود بن قبيصة الأنصاريّ.و أورده ابن الأثير في أسد الغابة: ١/ ٢٠٦ و قال: أخرجه أبو موسى[المدائنى].و أورده ابن حجر في الصواعق: ١٠٣ ثمّ قال: أخرجه أبو بكر الخوارزمي.عنهم الفضائل الخمسة: ٢/ ١٤٧.

أقول: تسلسل هذه المنقبة في نسختى« ب» و المطبوع هو في ذيل المنقبة- ٧٨- كما أشرنا هناك، و كان بدلها هذا الحديث:

عن أبيه، عن آبائه عليهم السلام قال: قال رسول اللّه صلّى اللّه عليه و آله: حدّثني جبرئيل، عن ربّ العزة جلّ جلاله أنّه قال: من أقر* أن لا إله إلّا أنا وحدى و أن محمّدا عبدى و رسولي و أن عليّ بن أبي طالب خليفتى و أن الأئمّة من ولده حججى أدخلته الجنة برحمتى، و نجيته من النار بعفوى، و أبحت له جوارى، و أوجبت له كرامتى، و أتممت عليه نعمتى و جعلته من خاصتى و خالصتى، ان نادانى لبيته، و ان دعانى أجبته، و ان سألنى أعطيته، و ان سكت ابتدأته، و ان أساء رحمته، و ان فرمنى دعوته، و ان رجع الى قبلته، و ان قرع بابى فتحته.

و من لم يشهد أن لا إله إلّا أنا وحدى، أو شهد بذلك و لم يشهد أن محمّدا عبدى و رسولي أو شهد بذلك و لم يشهد أن عليّ بن أبي طالب خليفتى، أو شهد بذلك و لم يشهد أن الأئمّة من ولده حججى فقد جحد نعمتى، و صغر عظمتى، و كفر بآياتى و كتبى و رسلى، ان قصدنى حجبته، و ان سألنى حرمته، و ان نادانى لم أسمع نداءه، و ان دعانى لم أستجب دعاءه، و ان رجانى خيبته، و ذلك جزاؤه منى، و ما أنا بظلام للعبيد.--

فقام جابر بن عبد اللّه الأنصاريّ فقال: يا رسول اللّه و من الأئمّة من ولد عليّ بن أبي طالب؟ قال: الحسن و الحسين سيدا شباب أهل الجنة ثمّ سيد العابدين في زمانه على ابن الحسين ثمّ الباقر محمّد بن على، و ستدركه يا جابر، فإذا أدركته فاقرأه منى السلام ثمّ الصادق جعفر بن محمّد ثمّ الكاظم موسى بن جعفر ثمّ الرضا عليّ بن

Presented by Ziaraat.Com

بلال بن حمامہ کہتے ہیں: ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے تو ان کا چہرہ خوشی کی وجہ سے ایسے چمک رہا تھا جیسے چاند کے گرد کھچا نور کا حالا؛ عبدالرحمن بن عوف کھڑا ہوا اور کہنے لگا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ نور کیسا ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ اس مژدہ کے وجہ سے ہے جو مجھے میرے رب کی طرف سے میرے برادر و ابن عم (علیؑ) اور بیٹی (فاطمہؑ) کے لیے پہنچا ہے۔ بتحقیق خدائے عزوجل نے علیؑ کا عقد فاطمہؑ سے کر دیا ہے، اور رضوان جنت کو حکم دیا کہ وہ جنت میں شجرہ طوبیٰ کو ہلائے، اس درخت سے ہمارے محبوں کی تعداد کے برابر برکاغذ کے ٹکڑے جھڑے؛ اسی وقت رضوان جنت نے انہی ٹکڑوں کی تعداد کے برابر شجرہ طوبیٰ کے نیچے سے فرشتے جو (جنس) نور سے تھے کو وجود بخشا اور ہر فرشتے کو ایک ایک کاغذ کا ٹکڑا پکڑا دیا۔ جب قیامت برپا ہوگی تو یہ فرشتے خلائق کے درمیان صدا بلند کریں گے: اے علیؑ کے محبوں! جلدی کرو اور اپنی اپنی امانتیں لے لو۔ پس یہ فرشتے ہم اہلبیت کے محبوں کو چاہے مرد ہوں یا زن انہیں علی و فاطمہ (علیہما

موسى ثمّ التقى محمّد بن على ثمّ النقى عليّ بن محمّد ثمّ الزكى الحسن بن عليّ ثمّ ابن القائم بالحق مهدى امتى الذي يملا الأرض قسطا و عدلا كما ملئت ظلما و جورا.هؤلاء يا جابر خلفائى و أوصيائى و أولادى و عترتى، من أطاعهم فقد أطاعني و من عصاهم فقد عصاني، و من أنكرهم أو أنكر واحدا منهم فقد أنكرني، و بهم يمسك اللّه السماء أن تقع على الأرض الا باذنه، و بهم يحفظ اللّه الأرض أن تميد بأهلها*.

(عنه البحار: ٢٧/ ١١٨ ح ٩٩، و غاية المرام: ٤٦ ح ٦٢، و ص ١٦٧ ح ٦٣، و ص ١٩٩ ح ٥٨، و ص ٥٨٧ ح ٩٣ و ص ٦٩٢ ح ٤.و رواه الصدوق في كمال الدين: ١/ ٢٥٨ ح ٣ بإسناده الى الحسن بن عليّ بن أبي حمزة، عن أبيه، عن الصادق عليه السلام،و رواه الخزاز القمّيّ في كفاية الاثر: ١٤٣ عن الصدوق، و الطبريّ في الاحتجاج: ١/ ٨٧ عن ابن أبي حمزة، عنهم البحار: ٣٦/ ٢٥١ ح ٦٨.و أخرجه في البحار: ٦٨/ ١١٨ ح ٤٥ و اثبات الهداة: ١/ ٥١٤ ح ١٢٦.و الإنصاف: ٢٣٨ ح ٢٣٠، و غاية المرام: ٢٥٤ ح ١٤ و ص ٧٠٧ ح ٧ و الجواهر السنية: ٢٨٢ جميعا عن كمال الدين.و أورده الطبرسيّ في إعلام الورى: ٣٩٨، و مصباح الأنوار: ١٠٠ (مخطوط)، و الصراط المستقيم: ٢/ ١٤٩، و كشف الغمّة: ٢/ ٥١٠ عن الصادق عليه السلام.)

Presented by Ziaraat.Com

السلام)اور ان کی ذریت سے محبت کے بدلے میں نامے دیں گے جن میں دوزخ سے آزادی کا مژدہ درج ہو گا۔[1]

[1] محقق کتاب کہتے ہیں: بعض نسخوں میں اس حدیث کے آگے کا تسلسل وہی ہے جو منقبت نمبر ۸۷ کے ذیل میں بیان ہوا ہے جیسا کہ ہم نے اسے وہاں بھی ذکر کیا ہے۔ سو اس کا بدل یہ ہے:

امام صادقؑ اپنے اجداد کے ذریعے سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جبرائیل نے مجھ سے کہا کہ خدا فرماتا ہے: جو کوئی بھی یہ اعتقاد رکھتا ہو کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں، میں یکتا ہوں اور میرا کوئی ہمسر نہیں، محمد ﷺ میرا بندہ اور میرا رسول ہے، علیؑ میرا خلیفہ اور اس کی نسل سے آنے والے امام میری حجت ہیں، تو میں اسے اپنی رحمت سے جنت میں داخل کروں گا، اور اپنی بخشش کی وجہ سے دوزخ سے رہائی عطا کروں گا، اسے اپنا تقرب نصیب کرونگا، اس پر اپنی کرامت واجب کروں گا، اس پر اپنی نعمت تمام کروں گا، اسے اپنے خاص بندوں میں قرار دونگا، اگر وہ مجھے صدا دے گا تو میں لبیک کہوں گا، اگر مجھے پکارے گا میں جواب دونگا، اگر وہ خاموش ہو جائے گا تو میں خود سے ابتداء کروں گا، اگر خطا کرے گا تو اسے بخش دونگا، اگر میرے لئے گریہ کرے گا تو اسے آواز دونگا، اگر میری جانب پلٹ آئے گا تو میں اسے قبول کرونگا، اگر وہ میرے در پر دستک دے گا تو میں اسے اس کے لیے کھول دونگا۔

اور جو یہ گواہی نہیں دے گا کہ میرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، میں یکتا ہوں، یا یہ گواہی تو دے مگر محمدؐ کے میرے عبد اور رسول ہونے کی گواہی نہ دے، یا یہ گواہی تو دے مگر علیؑ کے میرے خلیفہ ہونے پر گواہی نہ دے، یا یہ گواہی تو دے مگر ان کی نسل سے ہونے والے اماموں کی میری حجت ہونے پر گواہی نہ دے، تو اس نے میری نعمتوں کا انکار کیا، اور میری عظمت کو کمتر جانا، میری نشانیوں، کتب اور انبیاء کا انکار کیا، اگر وہ میری طرف آئے گا تو میں (اس کے اور اپنے درمیان) حجاب قائم کر دونگا، اگر مجھ سے سوال کرے گا تو اسے محروم رکھوں گا، اگر صدا دے گا تو توجہ نہیں کرونگا، اگر مجھے پکارے گا تو میں اسے جواب نہیں دونگا، اگر مجھ سے امید باندھے گا تو میں اس کی امید پوری نہیں کرونگا، یہ میری جانب سے اس کے لیے جزا ہے اور میں تو اپنے بندوں پر ذرا برابر بھی ظلم نہیں کرتا۔

اس وقت جابر ابن عبداللہ انصاریؓ کھڑے ہوئے اور پوچھا: یارسول اللہ ﷺ علیؑ کی نسل سے آنے والے امام کون ہیں؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حسن، وحسین (علیہم السلام) جو جنت کے جوانوں کے سردار ہیں، اس کے بعد اپنے زمانے کے عابدین کی زینت علی بن الحسین، اس کے بعد باقر محمد بن علی، اے جابر! تم اس سے ملوگے تو اس تک میرا اسلام پہنچا دینا، اس کے بعد صادق جعفر بن محمد، اس کے بعد کاظم موسی بن جعفر، اس کے بعد رضا علی بن موسیٰ، اس کے بعد تقی محمد بن علی، اس کے بعد نقی علی

Presented by Ziaraat.Com

(۹۳)

دو پہاڑ عقیق کے

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْجَرَّاحِ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ يَحْيَى الْجُلُودِيُ[۱] قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنِي الْمُفَضَّلُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنِي زَاذَانُ عَنْ سَلْمَانَ وَ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَا قَالَ رَسُولُ اللهِ ص: دَنَوْتُ مِنْ رَبِّي (فَكُنْتُ مِنْهُ كَقَابِ) قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَى وَ كَلَّمَنِي

بن محمد، اس کے بعد ذکی حسن بن علی، اس کے بعد ان کا بیٹا قائم بالحق میری امت کا مہدی (علیہم السلام) جو دنیا کو عدل وانصاف سے ایسے ہی بھر دے گا جیسا کہ وہ اس سے پہلے ظلم وجور سے پر ہو گی.

اے جابر! یہ ہیں میرے خلفاء واوصیاء اور میری اولاد وعترت؛ جس نے ان کی اطاعت کی اس نے میری اطاعت کی، جس نے ان کی معصیت کی اس نے میری معصیت کی، جس نے ان کا انکار کیا یا ان میں سے کسی ایک کا بھی انکار کیا اس نے میرا انکار کیا، یہی تو ہیں جن کی وجہ سے آسمان ٹکا ہوا ہے اور زمین پر نہیں گرتا مگر خدا کے اذن سے، اور انہی کی وجہ سے زمین محفوظ ہے اس سے کہ اپنے اہل سمیت دھنس جائے.

[۱] هو عبد العزيز بن يحيى بن أحمد بن عيسى الجلودى الأزديّ البصرى أبو أحمد من أكابر علماء الشيعة الإماميّة، شيخ البصرة، بلغت كتبه حوالى المائتين كتاب، ذكرها النجاشيّ في رجاله: ۱۸۰.توفى يوم الاثنين لسبع عشرة ليلة خلت من ذى الحجة سنة ۳۳۲ هـ.و دفن في اليوم الثامن عشر، و هو يوم الغدير.ترجم له الطوسيّ في الفهرست: ۱۱۹ رقم ۵۲٤، و في رجاله: ٤۸۷ رقم ٦۷، و ابن داود في رجاله: ۲۲۵ رقم ۹٤۳، و العلّامة الحلّيّ في رجاله: ۱۱٦ رقم ۲، و ابن النديم في الفهرست: ۱۲۸ و ۲٤٦.

Presented by Ziaraat.Com

بَيْنَ جبلَي الْعَقِيقِ ثُمَّ قَالَ يَا أَحْمَدُ إِنِّي خَلَقْتُكَ وَ عَلِيّاً مِنْ نُورِي وَ خَلَقْتُ هَذَيْنِ الْجَبَلَيْنِ مِنْ نُورِ وَجْهِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ع فَوَ عِزَّتِي وَ جَلَالِي لَقَدْ خَلَقْتُهُمَا عَلَامَةً بَيْنَ خَلْقِي يُعْرَفُ بِهَا الْمُؤْمِنُونَ وَ لَقَدْ أَقْسَمْتُ بِعِزَّتِي عَلَى نَفْسِي (أَنِّي حَرَّمْتُ النَّارَ عَلَى الْمُتَخَتِّمِ بِالْعَقِيقِ إِذَا تَوَلَّى) عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ ع[1].

سلمانؓ و ابن عباس کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں دوران معراج اپنے رب کے مقام قرب تک پہنچ گیا؛ یہاں تک کہ دو کمانوں یا اس سے بھی کم کا فاصلہ رہ گیا؛ خدا نے مجھ سے جنس عقیق کے دو پہاڑوں کے درمیان کلام کیا اور فرمایا: اے احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں نے تجھے اور علیؑ کو اپنے نور سے خلق کیا، اور ان دونوں پہاڑوں کو علیؑ کے چہرے کے نور سے خلق کیا، مجھے اپنے عزت و جلال کی قسم! میں نے ان دونوں پہاڑوں کو اس لیے خلق کیا تا کہ یہ میری خلق کے درمیان علامت قرار پائیں؛ ان کے ذریعے سے مومنین پہچانے جائیں، میں نے اپنی عزت کی قسم کھائی ہے اور اپنے اوپر لازم کیا ہے کہ جو شخص بھی عقیق کی انگوٹھی پہنے گا اس پر دوزخ کی آگ حرام کر دونگا، اس شرط کے ساتھ کہ وہ علیؑ کی ولایت رکھتا ہو۔

(۹۴)

علیؑ سید العرب

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ الْبُهْلُولِ الْمَوَالِي رَحِمَهُ اللَّهُ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ حَدَّثَنِي عِيسَى بْنُ مِهْرَانَ قَالَ حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى قَالَ حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ طَهْمَانَ الْخَفَّافُ قَالَ سَمِعْتُ

---

[1] عنه غاية المرام: ٧ ح ١٣.

Presented by Ziaraat.Com

سَعْدَ بْنَ جُنَادَةَ الْعَوْفِيَّ[1] [يَذْكُرُ أَنَّهُ سَمِعَ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ يَقُولُ إِنَّهُ سَمِعَ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُولُ][2] إِنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ ص يَقُولُ: عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ ع سَيِّدُ الْعَرَبِ [فَقِيلَ أَ لَسْتَ أَنْتَ سَيِّدَ الْعَرَبِ] فَقَالَ أَنَا سَيِّدُ وُلْدِ آدَمَ وَ عَلِيٌّ سَيِّدُ الْعَرَبِ مَنْ أَحَبَّهُ وَ تَوَلَّاهُ أَحَبَّهُ اللَّهُ وَ هَدَاهُ وَ مَنْ أَبْغَضَهُ وَ عَادَاهُ أَصَمَّهُ اللَّهُ وَ أَعْمَاهُ عَلِيٌّ حَقُّهُ كَحَقِّي وَ طَاعَتُهُ كَطَاعَتِي غَيْرَ أَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي مَنْ فَارَقَهُ فَارَقَنِي وَ مَنْ فَارَقَنِي فَارَقَ اللَّهَ أَنَا مَدِينَةُ الْحِكْمَةِ وَ هِيَ الْجَنَّةُ وَ عَلِيٌّ بَابُهَا فَكَيْفَ يَهْتَدِي الْمُهْتَدِي إِلَى الْجَنَّةِ إِلَّا مِنْ بَابِهَا عَلِيٌّ ع خَيْرُ الْبَشَرِ مَنْ أَبَى فَقَدْ كَفَرَ[3].

ابو سعید خدری کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: علی بن ابی طالبؑ عرب کا سردار ہے۔ پوچھا گیا: کیا آپ سید العرب نہیں؟ فرمایا: میں تو اولاد آدم کا سردار ہوں؛ علیؑ عرب کے سردار ہیں؛ جو کوئی بھی علیؑ سے محبت کرے اور اس کی ولایت رکھے گا خدا اس سے محبت اور اس کی ہدایت کرے گا۔ اور جو کوئی بھی اس سے بغض اور کینہ رکھے گا خدا (اس کے دل کی آنکھ کو) اندھا اور (اس کے قلبی کانوں کو) بہرا کردے گا۔ علیؑ کا حق میرے حق کی طرح ہے؛ اور اس کی اطاعت میری اطاعت کی طرح؛ سوائے اس کے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ جس نے علیؑ کو چھوڑا اس نے مجھے چھوڑا اور جس نے مجھے چھوڑا اس نے خدا کو چھوڑا۔ میں حکمت کا شہر ہوں اور وہ شہر جنت ہے اور علیؑ اس کا دروازہ ہیں؛ اور یہ کیسے ممکن ہے کہ کوئی جنت کے دروازے کے بنا ہی اس کا راہی بننا چاہے! ؟ علیؑ خیر البشر ہیں اور جو اس کا انکار کرے وہ کافر ہے۔

---

[1] في نسخة« أ»: سعيد بن جنادة العفوى.و في نسخة« ب»: سعيد بن حيادة العوفى.و في المطبوع: سعد بن جنادة العفوى.و ما في المتن هو الصحيح كما في أسد الغابة: ٢/ ٢٧٢.و هو سعد بن جنادة والد عطية العوفى، أول من أتى النبيّ صلّى اللّه عليه و آله من أهل الطائف فأسلم على يديه.

[2] من نسخة« أ».

[3] عنه غاية المرام: ٥٤٣ ح ٦ و ص ٢٠٧ ح ١٥ و ص ٤٥٠ ح ١٨ و ص ٥٢١ ح ١٢ و ص ٥٨٧ ح ٩١.و روى قطعة منه الصدوق في أماليه: ٣١٧ ح ١١ بإسناده الى جابر، عن أبي جعفر الباقر عليه السلام، عن أبيه، عن جده، عن عليّ بن أبي طالب، عن رسول اللّه صلّى اللّه عليه و آله، و رواه الطوسيّ في أماليه: ٢/ ٤٥ ح ٢١ بإسناده الى الصدوق.عنهما البحار: ٤٠/ ٢٠٠ ح ٢.و راجع المنقبة- ٦٣- فيما يخص تخريجات قوله: على خير البشر.

Presented by Ziaraat.Com

(۹۵)

بہشتی شہر۔۔!

حَدَّثَنِي الْقَاضِي أَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُوسَى قَالَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ قَالَ حَدَّثَنِي حَفْصُ بْنُ عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ [قَالَ] رَسُولُ اللَّهِ ص: مَنْ أَحَبَّ عَلِيّاً ع قَبِلَ اللَّهُ [مِنْهُ] صَلَاتَهُ وَ صِيَامَهُ وَ قِيَامَهُ وَ اسْتَجَابَ دُعَاءَهُ أَلَا وَ مَنْ أَحَبَّ عَلِيّاً أَعْطَاهُ اللَّهُ بِكُلِّ عِرْقٍ فِي بَدَنِهِ مَدِينَةً فِي الْجَنَّةِ أَلَا وَ مَنْ أَحَبَّ آلَ مُحَمَّدٍ ص (أَمِنَ مِنَ الْحِسَابِ) وَ الْمِيزَانِ وَ الصِّرَاطِ أَلَا وَ مَنْ مَاتَ عَلَى حُبِّ آلِ مُحَمَّدٍ ص فَأَنَا كَفِيلُهُ بِالْجَنَّةِ مَعَ الْأَنْبِيَاءِ أَلَا وَ مَنْ أَبْغَضَ آلَ مُحَمَّدٍ ص جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ آيِسٌ مِنْ رَحْمَةِ اللَّهِ[1].

عبداللہ بن عمر کہتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی بھی علیؑ کو دوست رکھے گا خدا اس کے نماز، روزے اور اس کے قیام کو قبول کرے گا اور اس کی دعائیں مستجاب فرمائے گا۔ آگاہ ہو جاؤ کہ جو کوئی بھی علیؑ سے محبت کرے گا تو خدا اسے جنت میں اس کے بدن میں موجود رگوں کی تعداد کے برابر شہر عطا کرے گا ۔ آگاہ ہو جاؤ کہ جو کوئی بھی آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کرے گا وہ حساب و میزان و صراط سے امان میں ہے۔ آگاہ ہو جاؤ جو بھی محبت آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر مرا تو میں اور انبیاء اس کی جنت کے ضامن ہیں۔ آگاہ ہو جاؤ کہ جو کوئی

---

[1] عنه البحار: ۲۷/ ۱۲۰ ح ۱۰۰.و رواه الخوارزمي في المناقب: ۳۲، و في مقتل الحسين: ۱/ ۴۰ بإسناده عن ابن شاذان عنه كشف الغمّة: ۱/ ۱۰۴، و إرشاد القلوب: ۲۳۵، و غاية المرام: ۵۸۰ ح ۲۸.و العسقلانى في لسان الميزان: ۵/ ۶۲.و رواه الحمويني في فرائد السمطين: ۲/ ۲۵۷ ح ۵۲۶ بإسناده الى الخوارزمي.و أخرجه في البحار: ۶۸/ ۴۰ ح ۸۴ عن كشف الغمّة.و أخرجه في إحقاق الحقّ: ۷/ ۱۶۱ عن الامر تسرى في أرجح المطالب: ۵۲۶.و أورده في أعلام الدين: ۲۸۴ (مخطوط) عن ابن عمر.أقول: تقدم ما يشابهه في المنقبة– ۳۷.

Presented by Ziaraat.Com

بھی بغض آل محمد ﷺ پر مرا اسے روز حشر اس طرح لایا جائے گا کہ اس کی پیشانی پر لکھا ہو گا یہ خدا کی رحمت سے مایوس ہے۔

(۹۶)

زیورات سے مزین بہشتی درخت۔۔۔!

حَدَّثَنِي أَبُو عَبْدِ اللَّهِ أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَيُّوبَ رَحِمَهُ اللَّهُ قَالَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدٍ (بْنِ عُيَيْنَةَ بْنِ رُوَيْدَةَ) عَنْ بَكْرِ بْنِ أَحْمَدَ وَ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْجَرَّاحِ قَالَ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَهْوَازِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي بَكْرُ بْنُ أَحْمَدَ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ النَّقِيُّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ ع عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيهَا وَ عَمِّهَا الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ ع قَالا حَدَّثَنَا أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ ع قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ص: (لَمَّا دَخَلْتُ) الْجَنَّةَ رَأَيْتُ فِيهَا شَجَرَةً تَحْمِلُ الْحُلِيَّ وَ الْحُلَلَ أَسْفَلُهَا خَيْلٌ بُلْقٌ وَ وَسَطُهَا حُورُ الْعِينِ وَ فِي أَعْلَاهَا الرِّضْوَانُ قُلْتُ يَا جَبْرَئِيلُ لِمَنْ هَذِهِ الشَّجَرَةُ قَالَ هَذِهِ لِابْنِ عَمِّكَ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ إِذَا أَمَرَ اللَّهُ الْخَلِيقَةَ[1] بِالدُّخُولِ إِلَى الْجَنَّةِ يُؤْتَى بِشِيعَةِ عَلِيٍّ حَتَّى يُنْتَهَى بِهِمْ إِلَى هَذِهِ الشَّجَرَةِ فَيَلْبَسُونَ الْحُلِيَّ [وَ الْحُلَلَ] وَ يَرْكَبُونَ الْخَيْلَ الْبُلْقَ وَ يُنَادِي مُنَادٍ هَؤُلَاءِ شِيعَةُ عَلِيٍّ ع صَبَرُوا فِي الدُّنْيَا عَلَى الْأَذَى فَأَكْرِمُوهُمُ الْيَوْمَ[2].

---

[1] خ ل: الخلق.

[2] عنه البحار: ۲۷/ ۱۲۰ ح ۱۰۱، و غاية المرام: ۱۹ ح ۲۲ و ص ۵۸۷ ح ۹۲، و اليقين في امرة أمير المؤمنين: ۶۳. و أخرجه في البحار: ۸/ ۱۳۸ ح ۵۱ عن اليقين.و رواه الخوارزمي في المناقب: ۳۲، و في مقتل الحسين: ۱/ ۴۰ بإسناده الى ابن شاذان عنه مصباح الأنوار: ۶۱(مخطوط).و أورده الديلميّ في أعلام الدين: ۲۸۵(مخطوط).

Presented by Ziaraat.Com

امام تقیؑ اپنے بابا امام رضاؑ سے، وہ اپنے بابا امام موسی کاظمؑ سے، وہ اپنے بابا امام صادقؑ سے، وہ اپنے بابا امام باقرؑ سے، وہ اپنی پھوپی فاطمہ بنت الحسینؑ سے، وہ اپنے بابا امام حسینؑ اور اپنے چچا امام حسنؑ سے، وہ دونوں اپنے بابا امیر المومنینؑ سے، وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ سے روایت کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا: جب میں (سفر معراج کے دوران) جنت میں داخل ہوا تو میں نے ایک درخت دیکھا کہ جس پر بہت سے زیورات لٹکے ہوئے تھے، اس درخت کے نیچے سیاہ و سفید رنگ کے گھوڑے کھڑے تھے، ان کے درمیان حور العین اور اس بہشت کے اوپر رضوان! میں نے جبرائیل سے کہا یہ درخت کس کے لیے ہے؟ جبرائیل نے کہا: یہ آپ کے چچازاد امیر المومنینؑ کے لیے ہے، جب خدا خلق کو جنت میں داخلے کا حکم صادر فرمائے گا تو شیعیان علیؑ کو اس درخت کے پاس لایا جائے گا؛ وہ ان زیورات سے خود کو آراستہ کر کے ان گھوڑوں پر سوار ہو جائینگے۔ اس وقت منادی آواز دے گا: یہ علی بن ابی طالبؑ کے شیعہ ہیں، جنہوں نے دنیا میں اذیتوں پر صبر کیا۔ پس (اے فرشتوں) آج ان کی تکریم بجالاؤ۔

(۹۷)

ابراہیم خلیل اللہؑ کی خواہش۔۔!

حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ رَحِمَهُ اللَّهُ قَالَ حَدَّثَنِي وَرِيزَةُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ وَرِيزَةَ قَالَ حَدَّثَنِي جَدِّي وَرِيزَةُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْغَسَّانِيُّ[1] قَالَ سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ مُوسَى الرِّضَا ع يَقُولُ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ أَبِيهِ [عَنْ جَدِّهِ] عَنْ عَلِيٍّ

[1] في الأصل: وديرة بن وديرة قال: حدّثني جدى وديرة بن محمّد بن الفسال. و هو تصحيف، و ما في المتن من رجال النجاشيّ: ٣٣٧، و رجال ابن داود: ٣٦٢ رقم ١٦١٨. له كتاب عن الرضا عليه السلام رواه عن جده وريزة بن محمّد الفسانى.

Presented by Ziaraat.Com

بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيهِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ ع قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ص: لَمَّا أُسْرِيَ بِي إِلَى السَّمَاءِ لَقِيَنِي أَبِي نُوحٌ ع فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ مَنْ خَلَّفْتَ عَلَى أُمَّتِكَ فَقُلْتُ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ فَقَالَ نِعْمَ الْخَلِيفَةُ [خَلَّفْتَ] ثُمَّ لَقِيَنِي أَخِي مُوسَى فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ مَنْ خَلَّفْتَ عَلَى أُمَّتِكَ فَقُلْتُ عَلِيّاً فَقَالَ نِعْمَ الْخَلِيفَةُ خَلَّفْتَ. ثُمَّ لَقِيَنِي [أَخِي] عِيسَى ع فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ مَنْ خَلَّفْتَ عَلَى أُمَّتِكَ فَقُلْتُ عَلِيّاً ع فَقَالَ نِعْمَ الْخَلِيفَةُ خَلَّفْتَ قَالَ فَقُلْتُ لِجَبْرَئِيلَ ع يَا [جَبْرَئِيلُ] مَا لِي لَا أَرَى [أَبِي] إِبْرَاهِيمَ ع قَالَ فَعَدَلَ [بِي] إِلَى حَظِيرَةٍ فَإِذَا فِيهَا شَجَرَةٌ لَهَا ضُرُوعٌ كَضُرُوعِ الْغَنَمِ [وَ إِذَا ثَمَّ أَطْفَالٌ] كُلَّمَا خَرَجَ ضَرْعٌ مِنْ فَمِ وَاحِدٍ رَدَّهُ إِلَيْهِ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ مَنْ خَلَّفْتَ عَلَى أُمَّتِكَ فَقُلْتُ عَلِيّاً فَقَالَ نِعْمَ الْخَلِيفَةُ خَلَّفْتَ وَ إِنِّي يَا مُحَمَّدُ سَأَلْتُ اللَّهَ تَعَالَى أَنْ يُوَلِّيَنِي غِذَاءَ أَطْفَالِ شِيعَةِ عَلِيٍّ فَأَنَا أُغَذِّيهِمْ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ[1].

امام رضاؑ اپنے آباؤ واجداد کے توسط سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل فرماتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب مجھے معراج پر لے جایا گیا تو میری ملاقات میرے والد جناب نوحؑ سے ہوئی انہوں نے مجھ سے کہا: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اپنی امت میں اپنا جانشین کسے بنا کر آئے ہو؟ میں نے کہا علی بن ابی طالبؑ کو۔ نوح نے کہا: کیا ہی خوب جانشین قرار دیا ہے! اس کے بعد میری ملاقات اپنے بھائی موسیٰؑ سے ہوئی: انہوں نے بھی یہی سوال کیا: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اپنی امت میں بطور خلیفہ کسے چھوڑ آئے ہو؟ میں نے کہا: علی بن ابی طالبؑ! کہنے لگے: کیا ہی اچھا خلیفہ بنایا ہے۔ اس کے بعد میری ملاقات اپنے بھائی عیسیٰؑ سے ہوئی؛ انہوں نے بھی یہی سوال کیا: اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اپنی امت میں کسے جانشین بنا کر آئے ہو؟ میں نے کہا: علی بن ابی طالبؑ۔ کہنے لگے: ایک اچھے شخص کو جانشین بنا کر آئے ہو۔ میں نے جبرائیل سے کہا: اے جبرائیل! کیا وجہ ہے کہ میں اپنے جد ابراہیمؑ کو نہیں دیکھ رہا؟ جبرائیل مجھے ایک جگہ پر لے گئے جہاں ایک درخت تھا اور اس درخت کا پھل بھیڑ کے تھن کی مانند تھا، بہت سے نوزاد بچے وہاں موجود تھے۔ (یہ بچے ان تھن نما پھلوں سے منہ لگا کر دودھ پی رہے تھے) جیسے ہی کسی بچے کے منہ سے تھن چھوٹتا، جناب ابراہیمؑ دوبارہ اسے اس کے منہ سے لگا دیتے۔

[1] عنه البحار: ۲۷/ ۱۲۱ ح ۱۰۲، و غاية المرام: ٦٩ ح ۲۱.

Presented by Ziaraat.Com

انہوں نے مجھ سے پوچھا: امت میں کسے خلیفہ بنا کر آئے ہو؟ میں نے کہا: علیؑ کو۔ کہنے لگے: کیا ہی خوب خلیفہ انتخاب کیا ہے۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! خدا کی قسم! میں نے خدا سے خواہش کی کہ مجھے علیؑ کے شیعوں کے نوزادبچوں کی (جو بچپن میں مر گئے یا سقط ہو گئے) سرپرستی عنایت فرما، تاکہ میں انہیں تا قیام قیامت غذا فراہم کروں۔

(۹۸)

مقام ابوطالبؑ

حَدَّثَنِي الْقَاضِي أَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ النَّصِيبِيُّ[۱] فِي دَارِهِ قَالَ حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَلَوِيُّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَحْمَدَ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ عَنِ الْمُفَضَّلِ بْنِ عُمَرَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيٍّ ع: أَنَّهُ كَانَ جَالِساً فِي الرَّحْبَةِ وَ النَّاسُ حَوْلَهُ فَقَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ لَهُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ إِنَّكَ بِالْمَكَانِ الَّذِي أَنْزَلَكَ اللَّهُ فِيهِ وَ أَبُوكَ مُعَذَّبٌ فِي النَّارِ فَقَالَ لَهُ مَهْ فَضَّ اللَّهُ فَاكَ وَ الَّذِي بَعَثَ مُحَمَّداً بِالْحَقِّ نَبِيّاً لَوْ شَفَعَ أَبِي فِي كُلِّ مُذْنِبٍ عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ لَشَفَّعَهُ اللَّهُ تَعَالَى (فِيهِمْ أَ أَبِي)

[۱] أحد مشايخ النجاشيّ صاحب الرجال، و من مشايخ الاجازة. ترجم له في تنقيح المقال: ۳/ ۱۵۰، و النابس: ۱۶۹.

Presented by Ziaraat.Com

مُعَذَّبٌ بِالنَّارِ وَ [أَنَا] ابْنُهُ قَسِيمُ الْجَنَّةِ وَ النَّارِ وَ الَّذِي بَعَثَ مُحَمَّداً بِالْحَقِّ نَبِيّاً إِنَّ نُورَ أَبِي طَالِبٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَيُطْفِئُ أَنْوَارَ الْخَلَائِقِ إِلَّا خَمْسَةَ أَنْوَارٍ نُورَ مُحَمَّدٍ ص [وَ نُورِي] وَ نُورَ فَاطِمَةَ وَ نُورَ الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ وَ نُورَ أَوْلَادِهِ مِنَ الْأَئِمَّةِ ع أَلَا إِنَّ نُورَهُ مِنْ نُورِنَا خَلَقَهُ اللَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ مِنْ قَبْلِ [أَنْ] يَخْلُقَ آدَمَ ع بِأَلْفَيْ عَامٍ[1]

امام صادقؑ اپنے اجداد کے توسط سے روایت فرماتے ہیں کہ ایک دن امیر المومنینؑ رحبہ میں بیٹھے تھے اور آپ کو لوگوں نے گھیرے میں لے رکھا تھا؛ اتنے میں ایک شخص کھڑا ہوا اور کہنے لگا: اے امیر المومنینؑ! آپ تو اس مقام و مرتبے پر ہیں جس پر خدا نے آپ کو رکھا ہے، لیکن آپ کے والد آتش جہنم میں عذاب جھیل رہے ہیں! امیر المومنینؑ نے فرمایا: رک جا! خدا تیرا منہ بند کرے! اس خدا کی قسم جس نے محمدﷺ! کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا! اگر میرے والد زمین پر موجود تمام گناہگاروں کی شفاعت کریں تو خدا ان کی شفاعت قبول فرمائے گا۔ کیا ایسا ہو سکتا ہے کہ میرے والد دوزخ میں عذاب جھیلیں جبکہ میں ان کا بیٹا، جنت و جہنم کا تقسیم کرنے والا ہوں!!؟؟ اس خدا کی قسم جس نے محمدﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا: روز قیامت سوائے پانچ انوار کے نورِ ابو طالبؑ تمام خلق کو ڈھانپ لے گا: (وہ پانچ نور یہ ہیں) نور محمدﷺ، میرا نور، فاطمہؑ کا نور اور نور حسن و حسینؑ اور ان آئمہ کا نور جو حسینؑ کی اولاد سے ہونگے۔ آگاہ ہو جاؤ کہ نور ابو طالبؑ ہمارے نور سے ہے؛ کہ جسے خدا نے آدم کی خلقت سے دو ہزار سال قبل خلق کیا۔[2]

[1] عنه غاية المرام: ٤٦ ح ٦٣ و ص ٢٠٨ ح ١٦.و رواه الكراجكيّ في الكنز: ٨٠ بإسناده عن ابن شاذان.و رواه فخار بن معد في كتابه الحجة على الذاهب الى تكفير أبى طالب: ٧٢ بإسناده الى الكراجكيّ.و أورده السيّد على خان المدنيّ الشيرازى في الدرجات الرفيعة: ٥٠.و رواه الطوسيّ في الأمالي: ١/ ٣٣١ ح ٥٨ و ج ٢/ ٣١٢ ح ٢، و الطبريّ في بشارة المصطفى: ٢٤٩ باسنادهما الى المفضل بن عمر.و أورده الطبرسيّ في الاحتجاج: ١/ ٣٤٠، عنه البحار: ٣٥/ ٦٩ ح ٣ و عن أمالي الطوسيّ.و أخرجه العلامة الاميني في الغدير: ٧/ ٣٨٧ ح ٣ عن بعض المصادر اعلاه.

[2] راوی کہتا ہے کہ میں نے ایک خط میں امام رضاؑ سے ایمان ابو طالبؑ کے بارے میں سوال کیا: امام نے جواب میں لکھا: خدائے رحمان و رحیم کے نام سے؛ اما بعد؛ بے شک اگر تو نے ایمان ابو طالبؑ میں شک کیا تو اہل جہنم میں سے ہو جائے گا۔ (بحار الانوار: ج۳۵، ص۱۱۰، ح۴۱)

Presented by Ziaraat.Com

(۹۹)

علیؑ کے فضائل شمار کون کرے۔۔؟

حَدَّثَنَا الْمُعَافَى بْنُ زَكَرِيَّا أَبُو الْفَرَجِ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي الثَّلْجِ[1] قَالَ حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَهْرَامَ قَالَ حَدَّثَنِي يُوسُفُ بْنُ مُوسَى الْقَطَّانُ[2] قَالَ حَدَّثَنِي جَرِيرٌ عَنْ لَيْثٍ[3] عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ص: لَوْ أَنَّ الْغِيَاضَ أَقْلَامٌ وَ الْبِحَارَ مِدَادٌ وَ الْجِنَّ حُسَّابٌ وَ الْإِنْسَ كُتَّابٌ (مَا قَدَرُوا عَلَى إِحْصَاءِ) فَضَائِلِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ع[4].

---

[1] في البحار: بن الثلج. و في كفاية الطالب: بن أبي البلج. و ما في المتن صحيح، و هو: محمّد بن أحمد بن عبد الله بن إسماعيل الكاتب، أبو بكر، يعرف بابن أبي الثلج، ثقة، عين، كثير الحديث، له كتب، مات سنة ۳۲۵ هـ. ق.ترجم له في رجال النجاشيّ: ۲۹۶، و رجال الطوسيّ: ۵۰۲ رقم ٦٤ و ص ۵۱۳ رقم ۱۱۹ و فهرسته: ۱۵۱ رقم ٦٤۹، رجال السيّد الخوئي: ١٤/ ۳۳۱.

[2] في الأصل: العطار. و ما أثبتناه في المتن من باقى المصادر.و هو يوسف بن موسى بن راشد القطان أبو يعقوب الكوفيّ، قال عنه العسقلانى في تقريب التهذيب: ۲/ ۳۸۳ رقم ٤۵۸: صدوق.

[3] كذا في جميع المصادر، و في الأصل: عن أبيه. و لم نجد موردا فيه رواية جرير عن أبيه بل روى ليث بن أبي سليم بن رنيم مولى عنبسة بن أبي سفيان بن حرب بن أميّة، عن مجاهد بن جبر أبا الحجاج المخزومى كما في طبقات ابن سعد: ۵/ ٤٦٦- في ترجمة مجاهد- و ج ٦/ ۳٤۹- في ترجمة الليث-.

[4] رواه الكراجكيّ في الكنز: ۱۲۸، و الخوارزمي في المناقب: ۲، و الكنجى في كفاية الطالب: ۲۵۱ و الحموينى في فرائد السمطين: ۱/ ١٦، و العسقلانى في لسان الميزان: ۵/ ٦۲ و الذهبي في ميزان الاعتدال: ۳/ ٤٦۷ باسنادهم جميعا الى ابن شاذان.و أخرجه في البحار: ٤۰/ ۷۰ ح ۱۰۵ عن الكنز.و أخرجه في كشف الغمّة: ۱/ ۱۱۱، و الطرائف: ۱۳۸ ح ۲۱٦، و حلية الابرار: ۱/ ۲۸۹ و ينابيع المودة: ۱۲۱، و غاية المرام: ٤۹۳ ح ۱ جميعا عن الخوارزمي.و أخرجه الخوارزمي في المناقب: ۲۳۵ عن معجم الطبراني بإسناده الى ابن عبّاس.و أخرجه في البحار: ٤۰/ ٤۹ ضمن ح ۸۵ عن كشف الغمّة، و في ص ۷٤ ح ۱۱۰ عن الطرائف و في ص

Presented by Ziaraat.Com

ابن عباس کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تمام درخت اور جنگل قلم بن جائیں؛ اور تمام سمندر روشنائی بن جائیں؛ اور تمام جن حساب کرنے والے اور انسان لکھنے والے بن جائیں تب بھی علیؑ بن ابی طالبؑ کے فضائل شمار کرنے کی قدرت نہیں رکھتے۔

(۱۰۰)

فضائل علیؑ بزبان نبیؐ

أَخْبَرَنِي أَبُو مُحَمَّدٍ الْحَسَنُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْمجلديُّ مِنْ كِتَابِهِ قَالَ حَدَّثَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ[1] عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ع قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ ص: إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى جَعَلَ لِأَخِي فَضَائِلَ لَا تُحْصَى كَثْرَةً فَمَنْ ذَكَرَ فَضِيلَةً مِنْ فَضَائِلِهِ مُقِرّاً بِهَا غَفَرَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَ مَا تَأَخَّرَ وَ مَنْ كَتَبَ فَضِيلَةً مِنْ فَضَائِلِهِ لَمْ تَزَلِ الْمَلَائِكَةُ تَسْتَغْفِرُ لَهُ مَا بَقِيَ لِتِلْكَ الْكِتَابَةِ رَسْمٌ وَ مَنْ أَصْغَى إِلَى فَضِيلَةٍ مِنْ فَضَائِلِهِ غَفَرَ اللَّهُ لَهُ الذُّنُوب

---

٧٥ ح ١١٣، و أرجح المطالب: ١١، و ينابيع المودة: ٢٤١ عن الفردوس للديلميّ.و أخرجه في البحار: ٣٨/ ٩٧ ملحق ح ٤ عن العلامة في كشف الحق: ١/ ١٠٨.و أورده الخزاعيّ في أربعينه ح ٣٨(مخطوط)، و مصباح الأنوار: ١٢١(مخطوط)، و تأويل الآيات: ٨٨٨ ح ١٣، و عطاء اللّه الشيرازى في الأربعين، جميعا عن ابن عبّاس.و أخرجه في أرجح المطالب: ٩٨ عن الحافظ الهمدانيّ في مناقبه.و أخرجه في ينابيع المودة: ١٢٢ عن سعيد بن جبير.و أورده الهمدانيّ في مودة القربى: ٥٥ عن عمر بن الخطّاب.

[1] في المناقب و فرائد السمطين و كفاية الطالب: حدّثني جعفر بن محمّد بن عمار[عماد] عن أبيه، عن جعفر بن محمّد، عن أبيه. و في أمالي الصدوق و جامع الأخبار: محمّد بن عمارة، عن أبيه، عن الصادق جعفر بن محمّد و لم أجد للاول ذكرا في أصحاب الصادق عليه السلام.فهم بينما ذكروا محمّد بن زكريا كما في رجال السيّد الخوئي: ١٦/ ٩٨.و ذكروا محمّد بن عمارة كما في رجال السيّد الخوئي: ١٧/ ٦٧.

Presented by Ziaraat.Com

الَّتِي اكْتَسَبَهَا [بِالاسْتِمَاعِ وَمَنْ نَظَرَ فِي كِتَابٍ فِي فَضَائِلِ عَلِيٍّ ع غَفَرَ اللَّهُ لَهُ الذُّنُوبَ الَّتِي ارْتَكَبَهَا] [1] بِالنَّظَرِ ثُمَّ قَالَ ع النَّظَرُ إِلَى عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ع عِبَادَةٌ [وَذِكْرُهُ عِبَادَةٌ] وَلَا يَقْبَلُ اللَّهُ إِيمَانَ عَبْدٍ [مِنْ عِبَادِهِ كُلِّهِمْ] إِلَّا لِوَلَايَتِهِ وَالْبَرَاءَةِ مِنْ أَعْدَائِهِ [2].

امام صادقؑ اپنے اجداد سے روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خدا نے میرے بھائی علیؑ کو اس قدر فضائل سے نوازا ہے کہ وہ تعداد و حصر سے مبری ہیں، جو علیؑ کے فضائل میں سے ایک فضیلت بیان کرے خدا اس کے اگلے پچھلے گناہ معاف فرمادے گا، اور جو کوئی علیؑ کی فضیلتوں میں سے ایک فضیلت لکھے فرشتے اس کے لیے اس وقت تک استغفار کرتے رہیں گے جب تک وہ کاغذ باقی رہے گا جس پر اس نے یہ فضیلت لکھی ہو گی، اگر کوئی علیؑ کے فضائل میں سے کوئی ایک فضیلت سنے تو خدا اس کے کانوں کے گناہ معاف فرمادے گا، اگر کوئی (کسی کتاب سے) علیؑ کے لکھے ہوئے فضائل پڑھے تو خدا اس کی آنکھوں کے گناہ معاف فرمادے گا، علیؑ کو دیکھنا عبادت ہے، علیؑ کا ذکر عبادت ہے، خدا اپنے تمام بندوں میں سے کسی بھی بندے کا ایمان علیؑ کی ولایت اور اس کے اعداء سے برائت کے بغیر قبول نہیں فرمائے گا۔

---

[1] في المناقب و الفرائد و الكفاية: اكتسبها.

[2] عنه البحار: ٢٦/ ٢٢٩ ح ١٠، و رواه الخوارزمي في المناقب: ٢، و الكنجى في كفاية الطالب: ٢٥٢، و الحمويني في فرائد السمطين: ١/ ١٩، و الذهبي في ميزان الاعتدال:٣/ ٤٦٧ باسنادهم الى ابن شاذان.و رواه الصدوق في الأمالي: ١١٩ ح ٩ بإسناده الى محمّد بن زكريا الجوهريّ.عنه البحار: ٣٨/ ٩٦ ح ٤ و عن كشف الغمّة و تأويل الآيات.و أورده في جامع الأخبار: ١٧ عن محمّد بن عمارة.و أخرجه في تأويل الآيات: ٨٨٨: ١٤ نقلا عن كتاب الأربعين للخوارزمي، ثمّ قال:و روى العلامة في كشف الحق: ١/ ١٠٨ مثله عن أخطب خوارزم.و أخرجه في ينابيع المودة: ١٢١، و غاية المرام: ٢٩٣ ح ٢، و المحتضر: ٩٨، و كشف الغمّة: ١/ ١١٢ عن مناقب الخوارزمي.

Presented by Ziaraat.Com

۲۷ شعبان المعظم ۱۴۳۷ ہجری، بمطابق ۳ جون، ۲۰۱۶، رات ۳:۳۰ منٹ پر اس کتاب کے ترجمے سے فراغت حاصل ہوئی۔ خدا اس حقیر سی کاوش کو اس گناہگار سے قبول فرما کر فقیر کے گناہوں کی بخشش کا سہارا قرار دے۔ آمین۔ ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم، بحق محمد و آلہ الطاہرین

بندۂ ثقلین؛ سید سبطین علی نقوی امروہوی الحیدری
مقیم حال، عش آل محمد، قم المقدس ایران

فہرست

مقدمہ مترجم ۶
سوانح خاکی مؤلف ۷
خاندان ۷
اساتید ۸
شاگردان ۹
ابن شاذان علماء کی نظر میں ۱۰
تالیفات ۱۱
وفات حسرت آیات ۱۲
کتاب ہذا پر ایک نظر ۱۲
مائۃ منقبۃ پر علماء کا اعتماد ۱۲

Presented by Ziaraat.Com

نسخہ ہائے خطی کتاب اور ان کی تحقیق	۱۳
مقدمہ مؤلف	۱۵
ترجمہ مقدمہ مؤلف	۱۵
ا۔جو ہمارے پہلے کے لیے ہے وہی ہمارے آخری کے لیے	۱۷
۲۔اگر میں کسی کو علیؑ سے بہتر پاتا	۱۸
۳۔اسمائے پنجتن مشتق از اسمائے الٰہی	۲۰
۴۔امام حسینؑ باب جنت ہیں	۲۱
۵۔کارہائے آئمہ معصومینؑ در روز قیامت	۲۲
۶۔منجیان امت	۲۴
۷۔ہم خدا کے حلال کو حلال اور اس کے حرام کو حرام کرنے والے ہیں	۲۵
۸۔آسمانی سیب	۲۶
۹۔شرط عبادت	۲۷
۱۰۔اگر تم علیؑ کی اطاعت کرو	۳۰
۱۱۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جانشین کہاں ہے؟	۳۲
۱۲۔لبریز سمندر	۳۳
۱۳۔علیؑ کے عرشی عاشق	۳۴
۱۴۔حبیب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	۳۶
۱۵۔میں آیا ہوں نور کا نور سے عقد پڑھانے	۳۸
۱۶۔علیؑ کا دیا ہوا امان نامہ	۴۰
۱۷۔اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نے فقط ان کے لیے آسمان اٹھا رکھا ہے	۴۱
۱۸۔حکمت کا شہر	۴۵
۱۹۔فرشتے اور علیؑ کے شیعوں کے لیے طلب مغفرت	۴۷
۲۰۔کیا حب علیؑ فائدہ مند ہے؟	۴۹

Presented by Ziaraat.Com

۲۱۔ خدا جہنم خلق ہی نہ کرتا	۵۰
۲۲۔ وداعِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	۵۳
۲۳۔ اٹھو اوران کفار کو دوزخ میں جھونک دو	۵۵
۲۴۔ علیؑ نورانی پیشانی والے افراد کے امام	۵۷
۲۵۔ علیؑ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت میں سب سے بہتر	۵۹
۲۶۔ فقط حیدرؑ امیر المومنین است	۶۰
۲۷۔ ساتوں آسمانوں میں امیر المومنینؑ؛ علیؑ ہیں	۶۳
۲۸۔ واسطہ فیض الٰہی	۶۴
۲۹۔ چشمہ تسنیم	۶۶
۳۰۔ علیؑ مصباح الدجیٰ	۶۷
۳۱۔ یا علیؑ! تم میرے بعد لوگوں کو تاویل قرآن کی تعلیم دو گے	۶۸
۳۲۔ فرشتوں کی تسبیح	۷۰
۳۳۔ یا علیؑ! تم میرے بھائی ہو	۷۱
۳۴۔ میں علیؑ کے فضائل اپنی طرف سے بیان نہیں کرتا	۷۳
۳۵۔ یہ سب بس آپ ہی کے پاس ہے	۷۴
۳۶۔ مجھے خدا نے اس کام کا حکم دیا ہے	۷۶
۳۷۔ حب علی کی جزا اور بغض علی کی سزا	۷۷
۳۸۔ ساکنان فردوس	۷۳
۳۹۔ نور کے ہاتھ میں ہاتھ	۸۴
۴۰۔ علیؑ کے لیے خدائے عزیز و حکیم کی جانب سے تحفہ	۸۵
۴۱۔ علیؑ باب اللہ	۸۶
۴۲۔ علیؑ کا وضو	۸۹
۴۳۔ خدایا امیر المومنین، سید المسلمین اور امام المتقین کو بھیج	۹۲

Presented by Ziaraat.Com

۴۴۔ مخلوق کو خالق سے ملانے والی کڑی ۹۴
۴۵۔ سورج پر لکھی عبارتیں ۹۵
۴۶۔ بے فائدہ اعمال ۹۶
۴۷۔ انبیاء و رسل، شہداء و صالحین علیؑ پر رشک کرتے ہیں ۹۸
۴۸۔ علیؑ اور تین گروہ ۹۹
۴۹۔ علمدار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۱۰۱
۵۰۔ علیؑ حجت کے قائم کرنے والے ۱۰۳
۵۱۔ دنیا و آخرت میں فائدہ ۱۰۴
۵۲۔ پل صراط اور علیؑ کا ولایت نامہ ۱۰۶
۵۳۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پارہ تن ۱۰۷
۵۴۔ درِ جنت پر لکھی تحریر ۱۰۸
۵۵۔ روزِ محشر کا بادشاہ ۱۱۰
۵۶۔ علیؑ ہدایت کا نشان ہیں ۱۱۱
۵۷۔ ہارون محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۱۱۳
۵۸۔ نو اماموں کے والد ۱۱۴
۵۹۔ چوتھا خلیفہ ۱۱۶
۶۰۔ امت میں سب سے افضل ۱۱۷
۶۱۔ جس سے فاطمہؑ راضی اس سے میں راضی ۱۱۸
۶۲۔ بہشتی سیب علیؑ کے لیے بطور ہدیہ ۱۱۹
۶۳۔ علیؑ خیر البشر ۱۲۱
۶۴۔ فرشتوں کے ساتھ رشتہ اخوت ۱۲۳
۶۵۔ حورِ بہشتی ۱۲۴
۶۶۔ بس کا فر شک کرے گا ۱۲۶

Presented by Ziaraat.Com

۶۷۔ایک خوبصورت مثال کے قالب میں ۱۲۶

۶۸۔ علیؑ کا ذکر عبادت ۱۲۸

۶۹۔ طوبیٰ کیا ہے؟ ۱۲۹

۷۰۔ پھر آپ نے علیؑ کے ساتھ جنگ کیوں کی؟ ۱۳۰

۷۱۔ بہترین اعمال ۱۳۱

۷۲۔ علیؑ میری جگہ پر ہے ۱۳۲

۷۳۔ درخت خرما کا کلام ۱۳۳

۷۴۔آل محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعریف ابن عباس کی زبانی ۱۳۵

۷۵۔ فضائل علیؑ بزبان ابن عباس ۱۳۶

۷۶۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وزراء ۱۳۷

۷۷۔ مولائے انسانیت ۱۳۸

۷۸۔ علم کے پانچ جز ۱۴۰

۷۹۔ کوثر کا ایک جام ۱۴۱

۸۰۔ علیؑ کے چہرے کے نور سے ۱۴۲

۸۱۔ عروۃ الوثقیٰ ۱۴۳

۸۲۔اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اپنے سے پہلے آنے والے انبیاء سے پوچھ! ۱۴۴

۸۳۔امیر المومنینؑ کے سات نام ۱۴۶

۸۴۔ علیؑ کا چہرہ دیکھنا عبادت ۱۴۷

۸۵۔ صراط مستقیم علیؑ ہیں ۱۵۲

۸۶۔ دو گراں قدر چیزیں ۱۵۴

۸۷۔ بہشتی پھل ۱۵۵

۸۸۔ فرشتوں کی غذا ۱۵۶

۸۹۔کتمان فضائل علیؑ ۱۵۷

Presented by Ziaraat.Com

۹۰۔ بہشت رقصاں ہوئی ۱۵۹
۹۱۔ جنت میں سب سے پہلے داخل ہونے والے ۱۶۰
۹۲۔ جہنم کی آگ سے آزادی کے نامے ۱۶۱
۹۳۔ دو پہاڑ عقیق کے ۱۶۵
۹۴۔ علیؑ سید العرب ۱۶۶
۹۵۔ بہشتی شہر ۱۶۷
۹۶۔ زیورات سے مزین بہشتی درخت ۱۶۸
۹۷۔ ابراہیمؑ خلیل اللہ کی خواہش ۱۷۰
۹۸۔ مقام ابو طالبؑ ۱۷۲
۹۹۔ علیؑ کے فضائل شمار کون کرے؟ ۱۷۳
۱۰۰۔ فضائل علیؑ بزبان نبیؐ ۱۷۵
فہرست ۱۷۷

Presented by Ziaraat.Com